صحیح لغات القرآن

مؤلفہ

تاج محمد دہلوی

اضافہ الفاظ اور نظر ثانی سے مزین جدید ایڈیشن

جس میں تمام الفاظ قرآنی بہ ترتیب

حروف تہجی معنی اور ترجمہ جمع کر دیئے گئے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

مکتبہ عمیر کشمیر آباد کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صحیح لغات القرآن

مؤلفہ

تاج محمد دہلوی

(اضافہ الفاظ اور نظرِ ثانی سے مزین جدید ایڈیشن)

جس میں تمام الفاظِ قرآنی بہ ترتیبِ

حروفِ تہجی مع اردو ترجمہ جمع کر دیے گئے ہیں

ناشر

مکتبہ

خیر کثیر۔ آرام باغ۔ کراچی ۱

BOOK CENTRE
OK SELLERS & STATIONE
er Road, RAWALPIN
Phone No. 5523

toobaa-elibrary.blogspot.com

فکر و نظر، اسلام آباد

صحیح لغات القرآن

مولف : تاج محمد دھلوی

ناشر : نور محمد ، کارخانہ تجارت کتب ۔ آرام باغ، کراچی

قیمت مجلد نو روپے

ضخامت ۸۸۴ صفحات ۔ کتابت و طباعت بہت معیاری ۔ کاغذ عمدہ

صحیح لغات القرآن میں تمام الفاظ قرآنی کی تشریح آسان اور عام فہم زبان میں اختصار اور جامعیت کے ساتھ سلف صالحین کی تفاسیر کے تراجم کی روشنی میں کی گئی ہے اور الفاظ بہ ترتیب حروف تہجی مع اردو ترجمہ جمع کردئے گئے ہیں ۔

قرآن مجید اللہ تعالی کی نازل کردہ آخری کتاب ہے جسے اس نے نوع انسانی کی ہدایت و رہنمائی کے لئے اپنے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا ۔ اس کا پڑھنا باعث ثواب، اس کا سمجھنا موجب خیر و برکت اور اس پر عمل کرنا دین و دنیا کی فلاح و کامرانی کی ضمانت ہے ۔ انتہائی بدقسمتی ہے کہ مسلمانوں نے اس سرچشمۂ رشد و ہدایت سے بے اعتنائی اختیار کرلی ہے ۔ عربی سے نابلد ہونے کے باعث مسلمانوں کی بڑی تعداد قرآن حکیم کو سمجھنے کے قابل نہیں رہی ۔ جو افراد ناظرہ پڑھتے اور اس کی تلاوت کی سعادت حاصل کرتے ہیں ان میں سے اکثر کو نہیں معلوم کہ قرآن کیا کہتا ہے ۔ وہ کیا ہدایت دیتا ہے اور کس صراط مستقیم پر انسان کو چلانا چاہتا ہے ۔ وہ کس قدر عظیم الشان اور انقلاب آفریں کتاب ہے جس نے لاکھوں کروڑوں نفوس کے دل و دماغ کی دنیا بدل ڈالی تھی اور انسانی تاریخ کا سب سے بڑا انقلاب برپا کردیا تھا ۔ قرآن کو اپنا ہادی و رہنما بنائے بغیر ہماری انفرادی و اجتماعی زندگی کسی فوز و فلاح سے ہم کنار نہیں ہو سکتی ۔ کتاب اللہ سے منہ موڑ کر مسلمان جدھر بھی جائیں گے، ذلت و خواری، شکست و نامرادی ، بے چینی اور انتشار سے دوچار ہوں گے ۔ قرآن ہمیں راہ دکھلاتا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

عدل و مساوات، تقوی و طہارت، اللہ کی رضا اور جنت کی طلب و تمنا کی۔ وہ ہمیں ڈراتا ہے اللہ کے غضب، دوزخ کے عذاب، شرک کی معصیت اور حب دنیا کی تباہ کاریوں سے۔ اس کی آیات میں قوموں کے عروج و زوال کی ہیرتناک داستانیں ہیں۔ قرآن سے تعلق سب سے بڑی سعادت اور اس سے بے اعتنائی سب سے بڑا خسران ہے۔

اردو زبان میں قرآنی علوم، تفاسیر، لغات و تراجم کا ایک شاندار ذخیرہ فراہم ہو چکا ہے۔ اور اس میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ زیر نظر کتاب ''صحیح لغات القرآن'' اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اگر کوئی شخص اردو پڑھنا جانتا ہے اور اسے اردو لغت سے الفاظ کے معنی دیکھنے کی استعداد حاصل ہے تو وہ اس کتاب سے بخوبی استفادہ کرسکتا ہے۔ اور اس کی مدد سے قرآن مجید کی آیات کا مفہوم سمجھ سکتا ہے۔ مولانا تاج محمد دہلوی ممنونیت کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اس تصنیف کا جدید ایڈیشن نظرثانی اور اضافۂ الفاظ کے بعد شائع کرایا ہے۔

یہ کتاب اس قابل ہے کہ ہر کالج اور اسکول کی لائبریری میں منگوائی جائے۔ طلبہ، اساتذہ اور عام قارئین قرآن مجید کو سمجھنے کے لئے اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔

(شرف الدین اصلاحی)

---


toobaa-elibrary.blogspot.com

toobaa-elibrary.blogspot.com

toobaa-elibrary.blogspot.com

جملہ حقوقِ نقل و طباعت بحق ادارہ
مکتبہ تعمیرِ کشیر آرام باغ کراچی
محفوظ ہیں

قیمت مجلد ۳۸ روپیہ ۵۰ پیسہ
طابع: جاوید پریس، کراچی



کتبہ محمد ایوب، ملتان۔ ۱۳۹۱

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ا

اَیَاءَ : کیا۔ خواہ۔ اَے (حرفِ استفہام، ندا کے واسطے بھی آتا ہے۔ متحرک ساکن کو ہمزہ اور ساکن لیّن کو الف کہتے ہیں)

اٰبَآءٌ : باپ دادا۔ اَبٌ واحد۔

اٰتِ : تُو دے۔ اِیْتَآءٌ مصدر۔

اٰتٍ : آنے والا۔ اِتْیَانٌ مصدر۔

اٰتِیٌ : آنے والا اِتْیَانٌ مصدر۔

اٰتٰی : اُس نے دیا۔ اِیْتَآءٌ مصدر۔

اٰتَوْا : اُنھوں نے دیا۔ اِیْتَآءٌ مصدر

اٰتُوْا : تم دو۔ تم لاؤ۔ اِیْتَآءٌ مصدر

اٰتِیْ : میں آؤنگا۔ اِتْیَانٌ مصدر

اٰتَیْتَ : تُو نے دیا۔ اِیْتَآءٌ مصدر

اٰتَیْتُ : میں نے دیا۔ اِیْتَآءٌ مصدر

اٰتِیَۃٌ : آنے والی۔ اِتْیَانٌ مصدر

اٰتَیْتُمْ : تم نے دیا۔ اِیْتَآءٌ مصدر

اٰتَیْتُمُوْ : تم نے دیا۔ اِیْتَآءٌ مصدر

اٰتِیْنَ : تم دیتی رہو اِیْتَآءٌ مصدر

اٰتَیْنَ : اُنھوں نے دیا۔ (مؤنث)

اٰتَیْنَا : ہم نے دیا۔ ہم نے بخشا۔

اٰثَارٌ : نشانیاں۔ قدم۔ اَثَرٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

اٰثَرَ : اُس نے پسند کیا۔ ترجیح دی۔

اِثْمٌ : گنہگار۔ اَثَمَۃٌ اٰثِمُوْنَ جمع

اٰثِمِیْنَ : گنہگار لوگ۔ اٰثِمٌ واحد۔

اٰخِذِیْنَ : لینے والے۔ پکڑنے والے۔

اٰخِذٌ واحد۔ اَخْذٌ مصدر۔

اٰخِرٌ : پچھلا۔ آخری۔ (اَلْیَوْمُ الْاٰخِرُ : پچھلا دن۔ قیامت) اَوَاخِرُ جمع۔

اٰخَرُ : دوسرا۔ کوئی اور۔ اٰخَرُوْنَ جمع۔

اٰخَرَانِ : دوسرے دو۔ دو اور۔

اٰخِرَۃٌ : پچھلی عقبیٰ۔ آخرت اَوَاخِرُ جمع۔

اٰخَرُوْنَ : دوسرے اور لوگ اٰخَرُ واحد۔

اٰخِرِیْنَ : پچھلے لوگ۔ بعد کے لوگ اٰخِرُ واحد

اٰدَمُ : سب سے پہلے پیغمبر اور سب آدمیوں کے باپ

اٰذَانٌ : کان۔ اُذُنٌ۔ واحد

اٰذَنُ : میں اجازت دوں یا دونگا۔

اٰذَنَّا : ہم نے حکم کر دیا۔ خبر دے دی۔ کہہ سنایا۔ عرض کر دیا۔

اٰذَنْتُ : میں نے خبر دے دی۔ آگاہ کر دیا۔

اٰذَوْا : اُنھوں نے ستایا۔ اِیْذَاءٌ مصدر

اٰذُوْا : تم ایذا دو۔

اٰذَیْتُمُوْ : تم نے ستایا۔ اِیْذَاءٌ مصدر

اٰزَرَ : اُس نے کمر مضبوط کی۔ حضرت ابراہیمؑ کے باپ کا نام۔

اٰزِفَۃٌ : نزدیک آنے والی یعنی قیامت۔

اٰسٰی : میں غم کھاؤنگا۔ اَسًی مصدر

اٰسَفُوْا : اُنھوں نے خفا کیا۔ غصہ دلایا۔

اٰسِنٌ : بدمزہ ہونے والا۔ سڑنے والا۔ بدبُودار ہونے والا۔ (غَیْرُ اٰسِنٍ : جو نہیں سڑتا)

اٰصَالٌ : شام کے اوقات مابین عصر و مغرب۔ اَصِیْلٌ : واحد۔

اٰفَاقٌ : دنیا۔ آسمان کے کنارے۔ اطرافِ عالم۔ اُفُقٌ واحد

اٰفِلِیْنَ : غائب ہونے والے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اٰكِلُوْنَ : کھانے والے۔
اٰلٌ : دوست۔ اولاد۔ گھر کے لوگ۔ رعایا۔
اَلَآءٌ : احسان۔ نعمتیں۔ اِلًی واحد۔
اَلْاٰنَ : کیا اب (تُو ایسا چاہتا ہے؟)
اَلَافٍ : ہزاروں۔ اَلْفٌ واحد
اِلٰهَةٌ : کئی معبود۔ خدا۔ اِلٰهٌ واحد۔
اٰمُرُ : میں حکم دونگا۔ میں حکم دیتا ہوں۔ تاکید کرونگا۔ اَمْرٌ مصدر
اٰمِرُوْنَ : حکم کرنے والے۔ تاکید کرنے والے۔
اٰمَنَ : وہ ایمان لایا۔ اُس نے مانا۔ اعتبار کیا امن دیا۔ بے خوف کیا۔
اٰمَنُ : میں مانوں گا۔ اعتبار کرونگا۔
اٰمِنْ : تُو ایمان لا۔ مان لے۔ اِیْمَانٌ مصدر
اٰمِنٌ : امن دینے والا۔ امن پانے والا۔
اٰمَنَّا : ہم ایمان لائے۔ اِیْمَانٌ مصدر
اٰمَنَتْ : وہ ایمان لائی۔ اِیْمَانٌ مصدر
اٰمَنْتُ : میں ایمان لایا۔ اِیْمَانٌ مصدر

اٰمِنَةٌ : چین پانے والی۔ امن والی۔
اٰمَنْتُمْ : تم ایمان لائے۔ اِیْمَانٌ مصدر
اٰمَنُوْا : وہ ایمان لائے۔ اِیْمَانٌ مصدر
اٰمِنُوْا : تم ایمان لاؤ۔ اِیْمَانٌ مصدر
اٰمِنُوْنَ : چین پانے والے۔ خاطر جمع۔
اٰمِنِیْنَ : چین پانے والے۔ بے خوف۔
اٰمِیْنَ : اے خدا قبول کر۔ ایسا ہی کر۔
اٰمِّیْنَ : جانے والے۔ قصد کرنے والے۔
اٰنَ : اب۔ تھوڑا وقت۔ گھڑی۔
اٰنٍ : کھولتا پانی۔ گرم پانی۔
اٰنَاءٌ : گھڑیاں۔ اِنَاءٌ واحد۔
اٰنَسَ : اُس نے دیکھا۔ اِیْنَاسٌ مصدر
اٰنَسْتُمْ : تم نے دیکھا۔ اِیْنَاسٌ مصدر
اٰنِفًا : ابھی۔ اسی وقت۔ اب۔
اٰنِیَةٌ : باسن۔ برتن۔ کھولتی ہوئی (جمع) اِنَاءٌ واحد۔
اٰوٰی : اُس نے جگہ دی۔ اِیْوَاءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اٰوَوْا: انھوں نے جگہ دی۔ پناہ دی۔
اٰوُوْا: تم پناہ لو۔ اُوِیٌّ مصدر۔
اٰوِیْ: میں پناہ لونگا۔ اُوِیٌّ مصدر
اٰوَیْنَا: ہم نے پناہ دی۔ جگہ دی۔
اٰیَاتٌ: نشانیاں۔ احکام۔ اٰیَۃٌ واحد
اٰیَۃٌ: نشانی۔ حکم۔ معجزہ اٰیَاتٌ جمع
اٰیَتَیْنِ: دو نشانیاں۔ دو علامتیں۔
اِئْتِ: تو آ۔ اِتْیَانٌ مصدر
اِئْتِ بِہٖ: تو اُس کو لا۔
اِئْتَمِرُوْا: معاملہ رکھو۔ مشورہ کرلیا کرو۔
اُئْتُمِنَ: وہ امین بنایا گیا۔ اِئْتِمَانٌ مصدر
اِئْتُوْا: تم آؤ۔ اِتْیَانٌ مصدر
" بِہٖ: تم اُس کو لاؤ۔
اِئْتِیَا: تم دونوں آؤ۔
اِئْذَنْ: تو اجازت دے۔ رخصت دے۔
اِئْذَنُوْا: تم خبردار رہو۔ اَذَنٌ مصدر
اَئِمَّۃٌ: سردار۔ اِمَامٌ واحد

اُئْمُرْ: تو حکم کر۔ مشورہ دے۔
اَبٌ: باپ۔ اٰبَآءٌ جمع۔
اَبًّا: خشک ترگھاس۔ چراگاہ۔
اَبٰی: اُس نے انکار کیا۔ حکم نہ مانا۔
اَبَابِیْلُ: جھنڈ کے جھنڈ اُڑتے ہوئے (پرندے)۔ پرے کے پرے۔
اَبَارِیْقُ: لوٹے۔ اِبْرِیْقٌ واحد۔
اَبَتِ: (اے) میرے باپ۔
اِبْتَدَعُوْا: اُنھوں نے نیا نکالا۔
اَبْتَرُ: دُم کٹا۔ بے اولاد۔ لاولد۔
اِبْتَغِ: تو ڈھونڈ۔ تو تلاش کر۔
اِبْتَغٰی: اُس نے چاہا۔ ڈھونڈا۔
اِبْتِغَاءٌ: ڈھونڈنا۔ چاہنا۔ تلاش کرنا۔
اِبْتَغَوْا: اُنھوں نے ڈھونڈا۔ چاہا۔
اِبْتَغُوْا: تم ڈھونڈو۔ تم تلاش کرو۔ تم چاہو۔ اِبْتِغَاءٌ مصدر۔
اَبْتَغِیْ: میں چاہتا ہوں۔ میں چاہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِبْتَغَيْتَ: تُو نے چاہا۔ تُو نے آرزو کی۔

اِبْتَلٰى: اُس نے آزمایا۔ اِبْتِلَاءٌ مصدر

اِبْتَلُوْا: تم آزماؤ۔ اِبْتِلَاءٌ مصدر

اُبْتُلِيَ: وہ آزمایا گیا۔ اِبْتِلَاءٌ مصدر

اَبْحُرٌ: دریا۔ سمندر۔ بَحْرٌ واحد۔

اَبَدًا: ہمیشہ۔ کبھی (نہیں) اٰبَادٌ جمع

اُبَدِّلُ: میں بدلونگا۔ بدل ڈالوں۔

اُبْرِئُ: میں شفایاب کروں گا۔ یا کرتا ہوں۔ اِبْرَاءٌ مصدر

اُبَرِّئُ: میں بَری کرتا ہوں۔ تَبْرِئَةٌ مصدر

اَبْرَارٌ: نیک لوگ۔ بَرٌّ واحد۔

اِبْرَاهِيْمُ: پیغمبر۔ جن کا لقب خلیل اللہ ہے۔ اُنھوں نے بحکمِ خدا شہر مکہ میں خانۂ کعبہ بنایا۔

اَبْرَحُ: میں چھوڑونگا۔ چھوڑتا ہوں۔

اَبْرَصُ: کوڑھی۔ بُرْصٌ جمع

اَبْرَمُوْا: اُس نے ٹھیرایا۔ مضبوط ارادہ کیا۔ اِبْرَامٌ مصدر۔

اُبْسِلُوْا: وہ گرفتار کیے گئے۔ اِبْسَالٌ مصدر

اَبْشِرُوْا: تم خوش ہو جاؤ۔

اَبْصَارٌ: آنکھیں۔ بَصَرٌ واحد

اَبْصَرَ: اُس نے دیکھا۔ اِبْصَارٌ مصدر

اَبْصِرْ بِهٖ: وہ کیا ہی خوب دیکھنے والا ہے۔ (فعلِ تعجب)

اَبْصَرْنَا: ہم نے دیکھا۔ اِبْصَارٌ مصدر

اُبْعَثُ: میں اُٹھایا جاؤنگا۔ بَعْثٌ مصدر

اِبْعَثْ: تُو اُٹھا۔ تُو بھیج۔ بَعْثٌ مصدر

اِبْعَثُوْا: تم اُٹھاؤ۔ تم بھیجو۔

اَبْغِيْ: میں چاہتا ہوں۔ بَغْيٌ مصدر

اَبَقَ: وہ بھاگا۔ اِبَاقٌ مصدر

اَبْقٰى: بہت پائدار۔ سدا باقی رہنے والا۔ اُس نے باقی رکھا۔ اَبَاقٍ جمع

اَبْكٰى: اُس نے رُلایا۔ وہ رُلاتا ہے۔

اَبْكَارٌ: کنواری عورتیں۔ بِكْرٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِبْكَارٌ: صبح۔ تڑکا۔ بُكْرَةٌ واحد

اَبْكَمُ: گونگا۔ بُكْمٌ جمع

اِبِلٌ: اونٹ۔ اَبَالٌ جمع

اِبْلَعِيْ: تو نگل جا۔ بَلْعٌ مصدر

اَبْلِغْ: تو پہنچا دے۔ اِبْلَاغٌ مصدر

اُبَلِّغُ: میں پہنچاتا ہوں۔ تَبْلِيْغٌ مصدر

اَبْلُغُ: میں پہنچوں گا۔ پہنچتا ہوں۔

اَبْلَغْتُ: میں نے پہنچایا۔ اِبْلَاغٌ مصدر

اَبْلَغُوْا: انھوں نے پہنچایا۔

اِبْلِيْسُ: ناامید۔ دھوکا دینے والا۔ شیطان۔ عزازیل کا لقب

اِبْنِ: تو بنا۔ تو تعمیر کر۔ بِنَاءٌ مصدر

اِبْنٌ: بیٹا۔ پسر۔ اَبْنَاءٌ جمع

اِبْنُ السَّبِيْلِ: مسافر۔

اَبْنَاءٌ: بیٹے۔ اِبْنٌ واحد

اِبْنَةٌ: بیٹی۔ بَنَاتٌ جمع

اِبْنَتَيْ: میری دو بیٹیاں۔

اِبْنُوْا: تم بناؤ۔ تم تعمیر کرو۔ بِنَاءٌ مصدر

اِبْنَيْ: دو بیٹے۔ (اِبْنَيْنِ)

اِبْنِيْ: میرا بیٹا۔

اَبُوْ: باپ۔ (اَبٌ کی ـــــ رفعی حالت)

اَبَوْا: انھوں نے انکار کیا۔ اِبَاءٌ مصدر

اَبْوَابٌ: دروازے۔ بَابٌ واحد

اَبَوَيْنِ: ماں باپ۔ والدین۔

اَبِيْ: میرا باپ۔

اَبِيْ لَهَبٍ: شطہ کا باپ۔ آں حضرتؐ کے چچا کا لقب، جو کافر تھا۔ آپؐ کو بہت ستاتا تھا۔

اَبْيَضُ: سفید۔ بِيْضٌ جمع

اِبْيَضَّتْ: وہ سفید ہوئی۔ وہ دمکنے لگے۔

اَبَيْنَ: انھوں نے انکار کیا۔ (مؤنث)

اَتٰى: وہ آیا۔ اِتْيَانٌ مصدر

اِتِّبَاعٌ: نقش قدم پر چلنا۔ پیروی کرنا۔

اَتْبَعَ: وہ پیچھے چلا۔ اُس نے پیروی کی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِتَّبَعَ: وہ تابع ہوا۔ پیچھے چلا۔
اَتَّبِعُ: میں تابعداری کرتا ہوں۔
اِتَّبِعْ: تُو تابع ہو۔ پیروی کر۔
اِتَّبَعْتَ: تُونے پیروی کی۔ اِتِّبَاعٌ مصدر
اِتَّبَعْتُ: میں نے پیروی کی۔
اِتَّبَعْتُمْ: تم نے پیروی کی۔
اِتَّبَعْنَا: ہم نے پیروی کی۔
اِتَّبَعُوْا: وہ پیچھے چلے اِتِّبَاعٌ مصدر
اِتَّبِعُوْا: تم تابعداری کرو۔
اُتْبِعُوْا: ان کے پیچھے لگا دیا گیا۔
اَتَتْ: وہ آئی۔ اِتْیَانٌ مصدر
اِتِّخَاذٌ: بنانا۔ لینا۔ ٹھیرانا۔ اختیار کرنا۔
اِتَّخِذْ: تُو لے۔ تُو بنالے۔ ٹھیرالے۔
اِتَّخَذَ: اُس نے لے لیا۔ ٹھیرالیا۔
اَتَّخِذُ: میں ٹھیراتا ہوں۔ ٹھیراؤں۔
اِتَّخَذَتْ: اُس عورت نے ٹھیرایا۔ بنایا۔
اِتَّخَذْتَ: تُونے ٹھیرایا۔ تُونے لیا۔

اِتَّخَذْتُ: میں نے پکڑا۔ میں نے ٹھیرایا۔ میں نے بنایا۔ اختیار کیا۔
اِتَّخَذْتُمْ: تم نے ٹھیرایا۔ بنایا۔
اِتَّخَذْتُمُوْ: تم نے ٹھیرایا۔ بنایا۔
اِتَّخَذْنَا: ہم نے پکڑا۔ ہم نے بنایا۔
اِتَّخِذُوْا: تم ٹھیراؤ۔ تم پکڑو۔ بناؤ۔
اِتَّخِذِیْ: تُو بنا۔ تُو لے۔ تُو ٹھیرا (مؤنث)
اَتْرَابٌ: ہم عمر عورتیں۔ ہمجولیاں۔
تِرْبٌ واحد۔
اُتْرِفْتُمْ: تم کو عیش و آرام دیا گیا۔
اَتْرَفْنَا: ہم نے آرام دیا۔ اِتْرَافٌ مصدر
اُتْرِفُوْا: اُنھیں خوشحالی دی گئی۔ اُنھیں نعمتیں دی گئیں۔
اُتْرُكْ: تُو چھوڑ۔ تَرْكٌ مصدر
اِتَّسَقَ: وہ پورا ہوا۔ مکمل ہوا۔
اِتَّقٍ: تُو ڈر۔ تُو بچ۔ بچتا رہ۔
اَتْقٰی: بڑا پرہیزگار۔ بڑا ڈرنے والا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِتَّقٰی: وہ ڈرا۔ اُس نے پرہیزگاری اختیار کی۔
اَتْقَنَ: اُس نے مضبوط اور عمدہ کیا۔
اِتَّقُوْا: تم ڈرو۔ تم بچو۔
اِتَّقَوَا: وہ ڈرے۔ وہ بچے۔
اِتَّقَیْتُنَّ: تم سب عورتیں ڈریں۔
اِتَّقَیْنَ: وہ سب ڈریں۔ اِتِّقَاءٌ مصدر
اِتَّقِیْنَ: تم ڈرتی رہو۔ اِتِّقَاءٌ مصدر
اَتْلُ: میں پڑھوں۔ سنادوں۔ بتلادوں۔
اُتْلُ: تو پڑھ۔ تلاوت کر۔ بیان کر۔
اَتْلُوْا: میں پڑھوں۔ تلاوت کروں۔
اُتْلُوْا: تم پڑھو۔ تلاوت کرو۔
اَتْلُوْا: میں پڑھونگا۔ میں پڑھتا ہوں۔
اَتَمَّ: اُس نے پورا کیا۔ اِتْمَامٌ مصدر
اُتِمُّ: میں پورا کرونگا۔
اَتْمِمْ: تو پورا کر۔ اِتْمَامٌ مصدر
اَتْمَمْتُ: میں نے پورا کیا۔
اَتْمَمْنَا: ہم نے پورا کیا۔ کامل کیا۔
اَتِمُّوْا: تم پورا کرو۔ اِتْمَامٌ مصدر
اَتَوْا: وہ آئے۔ اِتْیَانٌ مصدر

اُتُوْا بِ: وہ دیے گئے۔ اُن کے پاس لایا گیا۔
اَتُوْبُ اِلٰی: میں توبہ کرونگا۔ رجوع کرونگا۔
" عَلٰی: میں توبہ قبول کرتا ہوں۔
اَتَوَکَّأُ: میں ٹیک لگاتا ہوں۔
اَتَیَا: وہ دونوں آئے۔
اَتَیْتَ: تو آیا۔ اِتْیَانٌ مصدر
اَتَیْنَ: وہ آئیں۔ وہ لائیں۔
اَتَیْنَا: ہم آئے۔ ہم لائے۔
اَثَابَ: اُس نے بدلہ دیا۔ اِثَابَةٌ مصدر
اَثَاثٌ: مال اسباب۔ گھر کا سامان۔
اَثَارَةٌ: بچا ہوا۔ محفوظ۔
اَثَارُوْا: اُنھوں نے اُبھارا۔ اِثَارَةٌ مصدر
اِثَّاقَلْتُمْ: تم بوجھل ہو گئے۔
اَثَامٌ: گناہ۔ عذاب۔ اِثْمٌ کا اسم مصدر
اُثْبُتُوْا: تم ثابت رہو۔ ثَبَاتٌ مصدر
اَثْخَنْتُمُوْ: تم نے بہت خونریزی کی۔
اَثَرٌ: نشانی نقش۔ نشان۔ آثَارٌ جمع

toobaa-elibrary.blogspot.com

آثَرْنَ : اُنھوں نے اٹھایا۔ زمین رَوندی۔

اَثْقَالٌ : (گناہ کے) بوجھ۔ وزن۔ ثِقْلٌ واحد۔

اَثْقَلَتْ : وہ بوجھل ہوئی۔ بھاری ہوئی۔

اَثْلٌ : جھاؤ کا درخت۔ اُثَالٌ جمع

اِثْمٌ : گناہ۔ اٰثَامٌ جمع

اَثْمَرَ : وہ پھل لایا۔ پھلدار ہوا۔

اِثْنَانِ : دو۔ (مذکر)

اِثْنَتَيْنِ : دو۔ (مؤنث)

اٰثِيْمٌ : گنہگار۔ خطاکار۔ بڑا بدکار۔

اَجَآءَ : وہ لایا۔ اِجَاءَةٌ مصدر

اُجَاجٌ : کھاری پانی۔ کڑوا پانی۔

اِجْتَبٰى : اُس نے قبول کیا۔ نوازا۔ چُن لیا۔

اَجَبْتُمْ : تم نے جواب دیا۔ قبول کیا۔

اُجِبْتُمْ : تم جواب دیے گئے۔ مانے گئے۔

اِجْتَبَيْتَ : تُو نے چُن لیا۔ پسند کیا۔

اِجْتَبَيْنَا : ہم نے چُن لیا۔ پسند کیا۔

اُجْتُثَّتْ : وہ جڑ سے اکھاڑی گئی۔

اِجْتَرَحُوْا : اُنھوں نے گناہ کمایا۔

اِجْتَمَعَتْ : وہ جمع ہوئیں۔

اِجْتَمَعُوْا : وہ جمع ہوئے اِجْتِمَاعٌ مصدر

اِجْتَنَبُوْا : وہ بچے۔ انھوں نے پرہیز کیا۔

اِجْتَنِبُوْا : تم پرہیز کرو۔ بچتے رہو۔ بچو۔

اِجْتِنَابٌ مصدر۔

اَجِدُ : میں پاؤنگا۔ پاتا ہوں وِجْدَانٌ مصدر

اَجْدَاثٌ : قبریں۔ جَدَثٌ واحد

اَجْدَرُ : زیادہ لائق۔ زیباتر۔

اَجْرٌ : مزدوری۔ بدلہ۔ ثواب۔ مہر۔

اَجِرْ : تُو پناہ دے۔ اِجَارَةٌ مصدر

اِجْرَامٌ : گناہ کرنا۔ جُرم کرنا۔

اَجْرَمْنَا : ہم نے گناہ کیا۔ جُرم کیا۔

اَجْرَمُوْا : اُنھوں نے گناہ کیا۔ جرم کیا۔

اَجْسَامٌ : بدن۔ ڈیل ڈول۔ جِسْمٌ واحد

اَجْعَلُ : میں ٹھیراؤں۔ بناؤں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِجْعَلْ: تُو ٹھیرا۔ تُو بنا۔ تُو کر دے۔

اَجْعَلَنَّ: میں یقیناً کروں گا۔ (لَاَجْعَلَنَّ)

اِجْعَلُوْا: تم ٹھیراؤ۔ تم بناؤ۔

اَجَلٌ: واسطے۔ وجہ۔ سبب۔ باعث۔

اَجَلٌ: مَوت۔ مہلت۔ مدّت۔

اَجْلِبْ: تُو کھینچ لے آ۔ اِجْلَابٌ مصدر

اَجَّلْتَ: تُو نے مدت ٹھیرائی۔ تُو نے مَوت دی۔ تَأْجِیْلٌ مصدر

اُجِّلَتْ: دیر کی گئی۔ موقوف کیا گیا۔

اِجْلِدُوْا: تم دُرّے لگاؤ۔ کوڑے مارو۔

اَجَلَیْنِ: دو مدتیں۔ دو مقررہ وقت۔

اَجْمِعُوْا: تم جمع کرو۔ اِجْمَاعٌ مصدر

اَجْمَعُوْا: اُنھوں نے جمع کیا۔ وہ جمع ہو گئے۔

اَجْمَعُوْنَ: سب کے سب۔ تمام۔

اَجْمَعِیْنَ: سب کے سب۔ تمام۔

اُجْنُبْ: تُو بچا۔ دُور رکھ۔ علیحدہ رکھ۔

اَجِنَّةٌ: پیٹ کے بچے جَنِیْنٌ واحد

اِجْنَحْ: تُو جُھک۔ تُو مائل ہو۔

اَجْنِحَةٌ: پر۔ بازو۔ جَنَاحٌ واحد

اُجُوْرٌ: بدلہ۔ مزدوریاں۔ مہر۔ ثواب۔ اَجْرٌ واحد۔

اُجِیْبُ: میں قبول کرتا ہوں۔ اِجَابَةٌ مصدر

اُجِیْبَتْ: وہ قبول کر لی گئی۔

اَجِیْبُوْا: تم مانو۔ قبول کر لو۔ جواب دو۔

اَحَادِیْثُ: باتیں۔ حَدِیْثٌ واحد

اَحَاطَ: اُس نے گھیر لیا۔ قابو میں کیا۔

اَحَاطَتْ: اُس نے گھیر لیا۔ (مؤنث)

اَحَبُّ: بڑا دوست۔ زیادہ محبوب۔

اُحِبُّ: میں دوست رکھتا ہوں۔

اَحِبَّاءُ: دوست۔ حَبِیْبٌ واحد

اَحْبَارٌ: دانا لوگ۔ عالم لوگ۔ حِبْرٌ واحد

اَحْبَبْتُ: میں نے دوست رکھا۔ پسند کیا۔

اَحْبَطَ: اُس نے کھو دیا۔ اکارت کر دیا۔

اِحْتَرَقَتْ: وہ جل گئی۔ جل کر راکھ ہو گئی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِحْتَمَلَ: اُس نے اٹھایا۔
اِحْتَمَلُوْا: اُنھوں نے اٹھایا۔
اَحْتَنِكَنَّ: میں لگام دیدونگا۔ میں ضرور بہکاؤنگا۔
اَحَدٌ: ایک۔ اکیلا۔ (مذکر)
اِحْدٰى: ایک۔ (مؤنث)
اُحْدِثُ: میں شروع کرونگا۔ نکالونگا۔
اِحْذَرْ: تُو ڈر۔ بچاؤ کر۔ حَذَرٌ مصدر
اِحْذَرُوْا: تم ڈرو۔ بچتے رہو۔
اَحْرَص: بڑا لالچی۔ بڑا حریص۔
اَحْزَابٌ: گروہ۔ فرقے۔ حِزْبٌ واحد
اَحَسَّ: اُس نے دریافت کیا۔ محسوس کیا۔ اِحْسَاسٌ مصدر
اِحْسَانٌ: نیکی کرنا۔ بھلائی کرنا۔
اَحْسَنَ: اُس نے اچھا بنایا۔ نیکی کی۔
اَحْسِنْ: تُو نیکی کر۔ بھلائی کر۔
اَحْسَنُ: بہت اچھا۔ بہترین۔
اَحْسَنْتُمْ: تم نے نیکی کی۔ بھلائی کی۔
اَحْسَنُوْا: اُنھوں نے نیکی کی، احسان کیا۔
اَحْسِنُوْا: تم نیکی کرو۔ بھلائی کرو۔
اَحَسُّوْا: اُنھوں نے پایا۔ محسوس کیا۔
اُحْشُرُوْا: تم جمع کرو۔ اکٹھا کرلو۔
اَحْصٰى: خوب یاد رکھنے والا۔ بہت گننے والا۔ اِحْصَاءٌ مصدر
اُحْصِرْتُمْ: تم روکے گئے۔ اِحْصَارٌ مصدر
اُحْصِرُوْا: وہ روکے گئے۔ بند کیے گئے۔
اُحْصُرُوْا: اُن کو روکے رکھو۔ قید میں رکھو۔
اُحْصِنَّ: وہ نکاح میں لائی گئیں۔
اَحْصَنَتْ: اُس عورت نے اپنی عصمت کی حفاظت کی۔ اِحْصَانٌ مصدر
اَحْصُوْا: تم گنو۔ شمار کرو۔ اِحْصَاءٌ مصدر
اَحْصَيْنَا: ہم نے شمار کیا۔ گن رکھا۔
اَحْضَرَتْ: اُس نے حاضر کیا۔ روبرو کیا۔
اُحْضِرَتْ: وہ حاضر کی گئی۔ اِحْضَارٌ مصدر
اَحَطْتُّ بِ: میں خبر لایا۔ میں نے گھیرا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَحَطْنَا : ہم نے گھیر لیا۔ معلوم کر لیا۔
اِحْفَظُوْا : تم بچاؤ۔ حفاظت کرو۔
اَحَقُّ : زیادہ حقدار۔ زیادہ مستحق۔
اَحْقَابٌ : بڑی بڑی مدتیں۔ اسّی اسّی برس کے زمانے۔ حُقُبٌ واحد۔
اَحْقَافٌ : عاد کے ملک کا نام جو یمن میں ہے۔ ریت کا تھل یعنی تودہ۔ حِقْفٌ واحد۔
اَحْکَمُ : بڑا حاکم۔ بہتر حکم کرنے والا۔
اُحْکُمْ : تو حکم کر۔ فیصلہ کر۔
اُحْکِمَتْ : وہ مضبوط و مدلل کی گئی۔
اَحَلَّ : اُس نے حلال کیا۔ اُتارا۔
اُحِلَّ : وہ حلال کیا گیا۔ اِحْلَالٌ مصدر
اُحِلُّ : میں حلال کرتا ہوں۔
اَحْلَامٌ : خواب۔ حُلْمٌ واحد۔
اَحْلَامٌ : بُردباری۔ عقل۔ سمجھ۔ برداشت۔ حِلْمٌ واحد۔

اُحِلَّتْ : وہ حلال کی گئی۔ اِحْلَالٌ مصدر
اُحْلُلْ : تو کھول۔ گرہ کشائی کر دے۔
اَحْلَلْنَا : ہم نے حلال کیا۔
اَحَلَّنَا : اُس نے ہم کو لا اُتارا۔
اَحَلُّوْا : اُنھوں نے لا اُتارا۔
اَحْمَالٌ : بوجھ۔ حمل۔ حِمْلٌ واحد۔
اَحْمَدُ : بہت سراہا ہوا۔ خاتم المرسلین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام۔ انجیل میں آپؐ کا نام فارقلیط ہے۔
اَحْمِلُ : میں اٹھاؤنگا۔ سوار کروں گا۔
اِحْمِلْ : تو سوار کر۔ تو لاد۔ تو چڑھا۔
اَحْوٰی : کالا۔ سیاہ مائل بہ سبزی۔
اَحْیٰی : اُس نے جِلایا۔ زندہ کیا۔
اَحْیَاءٌ : زندہ لوگ۔ حَیٌّ واحد
اُحِیْطَ : وہ گھیر لیا گیا۔ اِحَاطَۃٌ مصدر
اُحْیِیْ : میں جِلاتا ہوں۔ زندہ کرتا ہوں۔
اَحْیَیْتَ : تو نے جِلایا۔ زندہ کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَحْيَيْتَنَا: تُونے ہم کو زندہ کیا۔
اَحْيَيْنَا: ہم نے جِلایا۔ زندہ کیا۔
اَخٌ: بھائی۔ اِخْوَةٌ یا اِخْوَانٌ جمع۔
اَخَافُ: میں ڈرتا ہوں۔ خَوْفٌ مصدر
اُخَالِفُ: میں مخالفت کرونگا۔
اَخْبَارٌ: خبریں۔ حالات۔ خَبَرٌ واحد۔
اَخْبَتُوْا: وہ جُھکے۔ اُنھوں نے عاجزی کی۔
اُخْتٌ: بہن۔ اَخَوَاتٌ جمع۔
اِخْتَارَ: اُس نے پسند کیا۔ چُنا۔
اِخْتَرْتُ: میں نے پسند کیا۔ چُنا۔
اِخْتَرْنَا: ہم نے پسند کیا۔ چُنا۔
اِخْتَصَمُوْا: اُنھوں نے جھگڑا کیا۔
اِخْتِلَافٌ: بدلنا۔ جھگڑا۔
اِخْتِلَاقٌ: بنائی ہوئی بات۔ بہتان۔
اِخْتَلَطَ: وہ مل گیا۔ مل جُل گیا۔
اِخْتَلَفَ: اُس نے اختلاف کیا۔
اُخْتُلِفَ: اختلاف کیا گیا۔

اِخْتَلَفْتُمْ: تم نے اختلاف کیا۔ خلاف کیا۔ اِخْتِلَافٌ مصدر
اِخْتَلَفُوْا: انہوں نے اختلاف کیا۔ خلاف کیا۔ اِخْتِلَافٌ مصدر
اُخْتَيْنِ: دو بہنیں۔ اُخْتٌ واحد
اَخْدَانٌ: چھپے یا چھپے آشنا۔ خِدْنٌ واحد
اُخْدُوْدٌ: کھائی۔ گڑھا۔ خندق۔
اَخْذٌ: پکڑنا۔ لینا۔ گرفت۔ عذاب۔
اَخَذَ: اُس نے لیا۔ پکڑا۔ اَخْذٌ مصدر
اُخِذَ: وہ لیا گیا۔ پکڑا گیا۔ اَخْذٌ مصدر
اَخْذَةٌ: پکڑ۔ گرفت۔ برائے مَرَّةً
اَخَذَتْ: اُس نے لیا۔ (مؤنث)
اَخَذْتُمْ: تم نے لیا۔ تم نے پکڑا۔
اَخَذْنَ: اُنھوں نے لیا۔ (مؤنث)
اَخَذْنَا: ہم نے لیا۔ ہم نے پکڑا۔
اُخِذُوْا: وہ پکڑے گئے۔
اُخَرُ: دوسری اور (جمع مؤنث) اُخْرٰی واحد
اَخَّرَ: اُس نے پیچھے چھوڑا۔ دیر کی۔
اَخِّرْ: تو مہلت دے۔ تَاْخِيْرٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اُخْرٰی: دوسری اور پچھلی۔ اُخَرُ جمع

اِخْرَاجٌ: نکالنا

اَخَّرَتْ: اُس نے پیچھے چھوڑا۔ (مؤنث)

اَخَّرْتَ: تُو نے پیچھے چھوڑا۔ دیر کی۔

اَخْرَجَ: اُس نے نکالا۔ اُگایا۔ جمایا۔

اَخْرِجْ: تُو نکال۔ اِخْرَاجٌ مصدر

اُخْرَجُ: میں نکالا جاؤنگا۔ اِخْرَاجٌ مصدر

اُخْرُجْ: تُو نکل۔ خُرُوْجٌ مصدر

اَخْرَجَتْ: اُس نے نکالا۔ (مؤنث)

اُخْرِجَتْ: وہ نکالی گئی۔ اِخْرَاجٌ مصدر

اُخْرِجْتُمْ: تم نکالے گئے۔ اِخْرَاجٌ مصدر

اُخْرِجْنَا: ہم نکالے گئے۔ اِخْرَاجٌ مصدر

اَخْرَجْنَا: ہم نے نکالا۔ اِخْرَاجٌ مصدر

اَخْرَجُوْا: اُنھوں نے نکالا۔ اِخْرَاجٌ مصدر

اُخْرِجُوْا: وہ نکالے گئے۔ اِخْرَاجٌ مصدر

اُخْرُجُوْا: تم نکلو۔ خُرُوْجٌ مصدر

اَخْرِجُوْا: تم نکالو۔ اِخْرَاجٌ مصدر

اَخَّرْنَا: ہم نے دیر کی۔ روکے رکھا۔

اَخْزٰی: بڑا بدنام۔ زیادہ رُسوا۔ ذلیل ترین۔

اَخْزَیْتَ: تُو نے رُسوا کیا۔ اِخْزَاءٌ مصدر

اِخْسَئُوْا: تم پھٹکارے ہوئے رہو۔

اَخْسَرُوْنَ: بہت نقصان اٹھانے والے۔

اِخْشَوْا: تم ڈرو۔ ڈرتے رہو۔

اَخْضَرُ: سبز۔ ہرا۔ خُضْرٌ جمع

اَخْطَأْتُمْ: تم نے خطا کی۔ چُوک گئے۔

اَخْطَأْنَا: ہم چُوکے۔ ہم نے خطا کی۔

اَخْفٰی: بہت چُھپا ہوا۔ خِفَاءٌ مصدر

اَخْفِضْ: تُو جُھکا دے۔ پست کر۔

اُخْفِیَ: وہ چُھپایا گیا۔ اِخْفَاءٌ مصدر

اُخْفِیْ: میں چُھپاتا ہوں۔ اِخْفَاءٌ مصدر

اَخْفَیْتُمْ: تم نے چُھپایا۔ پوشیدہ رکھا۔

اَخِلَّاءُ: گہرے دوست۔ خَلِیْلٌ واحد

اِخْلَاصٌ: بے ریا ہو کر صرف اللہ کی بندگی کرنا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَخْلَدَ : وہ ہمیشہ رکھے گا۔
اَخْلَدَ اِلٰی : وہ مائل ہوا۔ راغب ہوا۔
اَخْلَصْنَا : ہم نے خالص کیا۔
اَخْلَصُوْا : اُنھوں نے خالص کیا۔
اِخْلَعْ : تُو اُتار۔ خَلْعٌ مصدر
اُخْلُفْ : تُو خلیفہ ہو۔ نائب رہ۔
اَخْلَفْتُ : میں نے وعدہ خلافی کی۔
اَخْلَفْتُمْ : تم نے خلاف کیا۔ اِخْلَافٌ مصدر
اَخْلَفْنَا : ہم نے خلاف کیا۔ اِخْلَافٌ مصدر
اَخْلَفُوْا : انھوں نے خلاف ورزی کی۔
اَخْلُقُ : میں بناتا ہوں۔ پیدا کرتا ہوں۔
اَخُنْ : میں نے خیانت (نہیں) کی۔
(لَمْ اَخُنْ)
اَخَوَاتٌ : بہنیں۔ اُخْتٌ واحد۔
اَخْوَالٌ : ماموں۔ خَالٌ واحد
اِخْوَانٌ : بھائی۔ (جمع بہ لحاظِ دوستی)
اَخٌ واحد۔

اِخْوَةٌ : بھائی۔ (جمع بہ لحاظِ نسب)
اَخٌ واحد۔
اَخْیَارٌ : نیک، بھلے (لوگ) خَیْرٌ واحد
اَخِیْهِ : اُس کا بھائی۔
اِدٌّ : بھاری۔ بُری۔ ناپسند (بات)
اَدَآءٌ : پہنچانا۔ دے دینا۔ حوالہ کرنا۔
اِدَّارَأْتُمْ : تم نے اختلاف کیا۔ ٹال دیا۔
اِدَّارَكَ : وہ تھک کر رہ گیا۔ فنا ہو گیا۔
غائب ہی ہو گیا۔
اِدَّارَكُوْا : وہ گڑھے میں گر چکے۔ وہ پہنچے۔
اِدْبَارٌ : پیٹھ پھیرنا۔ شکست کھانا۔
اَدْبَارٌ : پیٹھیں۔ بعد میں۔ دُبُرٌ واحد
اَدْبَرَ : اُس نے پیٹھ پھیری۔ اِدْبَارٌ مصدر
اُدْخِلَ : وہ داخل کیا گیا۔
اَدْخِلْ : تُو داخل کر۔ اِدْخَالٌ مصدر
اُدْخُلْ : تُو داخل ہو۔ دُخُوْلٌ مصدر
اُدْخُلَا : تم دونوں داخل ہو جاؤ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَدْخَلْنَا: ہم نے داخل کیا۔ اِدْخَالٌ مصدر

اُدْخِلَنَّ: میں ضرور داخل کرونگا۔

اُدْخُلُوْا: تم داخل ہو۔ دُخُوْلٌ مصدر

اُدْخِلُوْا: وہ داخل کیے گئے۔

اَدْخِلُوْا: تم داخل کرو۔ اِدْخَالٌ مصدر

اُدْخُلِیْ: تُو چل۔ تُو داخل ہو۔ (مؤنث)

اَدْرِ: میں نے (نہیں) جانا۔ (نہیں) معلوم کیا۔ (لَمْ اَدْرِ)

اَدْرٰی: اُس نے خبر دی۔ جانا۔ سکھلایا۔

اِدْرَءُوْا: تم دور کرو۔ دفع کرو۔

اَدْرَكَ: اُس نے پالیا۔ جان لیا۔ وہ پہنچا۔ اِدْرَاكٌ مصدر

اَدْرِیْ: میں جانتا ہوں۔ دِرَایَةٌ مصدر

اِدْرِیْسُ: ایک پیغمبر کا نام۔

اُدْعُ: تُو مانگ۔ پکار۔ بُلا۔ دعا کر۔ دعوت دے۔ دُعَآءٌ مصدر

اُدْعُوْا: تم پکارو۔ بُلاؤ۔ دعا کرو۔

اَدْعُوْا: میں بُلاتا ہوں۔ پکارونگا۔

اَدْعِیَآءُ: لے پالک بیٹے۔ متبنّٰی۔ مُنھ بولے بیٹے۔ دَعِیٌّ واحد

اِدْفَعْ: تُو دور کر۔ جواب دے۔

اِدْفَعُوْا: تم دور کرو۔ حوالہ کر دو۔

اِدَّكَرَ: اُس نے یاد کیا۔ اُسے یاد آگیا۔

اَدُلُّ: میں بتاؤنگا۔ بتاؤں۔ دَلَالَةٌ مصدر

اَدْلٰی: اُس نے لٹکایا۔ اِدْلَاءٌ مصدر

اَدْنٰی: کم درجے کا۔ بہت نزدیک۔

اَدُّوْا: تم سپرد کرو۔ حوالہ کرو۔ پہنچا دو۔ دے دو۔ تَادِیَةٌ مصدر

اَدْهٰی: بڑی بلا۔ بڑی آفت دَهْیٌ مصدر

اِذْ: جس وقت۔ جب۔ جب کہ۔

اِذًا: اُس وقت۔ تب تو۔

اِذَا: جب۔ یکایک۔ ناگہاں۔

اَذَاعُوْا: اُنھوں نے مشہور کیا۔ خبر پھیلا دی۔ اِذَاعَةٌ مصدر

اَذَاقَ: اُس نے چکھایا۔ اِذَاقَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَذَانٌ : پکار۔ خبر دینا۔ اعلان۔ سنا دینا۔
اَذْبَحُ : میں ذبح کرتا ہوں۔ ذَبْحٌ مصدر
اَذْكُرُ : میں یاد کروں گا۔ ذِكْرٌ مصدر
اُذْكُرُوْا : تم یاد کرو۔ ذِكْرٌ مصدر
اَذْقَانٌ : ٹھوڑیاں۔ ذَقَنٌ واحد
اَذَقْنَا : ہم نے چکھایا۔ اِذَاقَةٌ مصدر
اَذَلُّ : بہت ذلیل۔ بے قدر۔
اَذِلَّةٌ : خوار۔ نرم۔ کمزور لوگ۔ ذَلِيْلٌ واحد
اَذَلِّيْنَ : ذلیل لوگ۔ اَذَلُّ واحد
اُذُنٌ : کان۔ اٰذَانٌ جمع
اَذِنَ : اُس نے حکم دیا۔ اجازت دی۔
اُذِنَ : حکم یا اجازت دی گئی۔
اِذْنٌ : حکم۔ اجازت۔ ارادہ۔
اَذَّنَ : اُس نے پکارا۔ اعلان کیا۔
اَذِّنْ : تو پکار۔ اعلان کر۔ تَاْذِيْنٌ مصدر
اَذِنَتْ : اُس نے حکم سُن لیا۔ کان دھرا۔ حکم مانا۔ اَذَنٌ مصدر
اَذِنْتَ : تُو نے اجازت دی۔ اِذْنٌ مصدر
اُذُنَيْنِ : دو کان۔ اُذُنٌ واحد
اَذْهَبَ : وہ لے گیا۔ اُس نے دور کیا۔
اِذْهَبْ : تُو جا۔ ذَهَابٌ مصدر
اِذْهَبْ بِهٖ : تُو لے جا۔ ذَهَابٌ مصدر
اِذْهَبَا : تم دونوں جاؤ۔ ذَهَابٌ مصدر
اَذْهَبْتُمْ : تم لے گئے۔ تم نے ضائع کیا۔ اِذْهَابٌ مصدر
اِذْهَبُوْا : تم جاؤ۔ ذَهَابٌ مصدر
اَذًى : نجاست۔ تکلیف۔ ایذا۔
اَرِ : تُو دکھا۔ تُو دکھلا۔ اِرَاءَةٌ مصدر
اَرَآئِكُ : تخت۔ اَرِيْكَةٌ واحد
اَرَادَ : اُس نے چاہا۔ ارادہ کیا۔
اَرَادَا : اُن دونوں نے چاہا۔
اَرَادُوْا : اُنھوں نے چاہا۔ اِرَادَةٌ مصدر۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَرَاذِلُ: نیچ قوم والے۔ کمینے۔ نچلے درجے کے۔ اَرْذَلُ واحد

اَرْبٰی: زیادہ چڑھا ہوا۔ بڑھا ہوا۔

اَرْبَابٌ: کئی معبود۔ پالنے والے۔ رَبٌّ واحد۔

اِرْبَةٌ: حاجت۔ خواہش۔ ضرورت۔

اَرْبَعٌ: چار۔ (مؤنث کے لیے)

اَرْبَعَةٌ: چار (مذکر کے لیے)

اَرْبَعِیْنَ: چالیس (مذکر و مؤنث دونوں کیلئے)

اِرْتَابَ: اُس نے شک کیا۔

اِرْتَابَتْ: اُس نے شک کیا (مؤنث)

اِرْتَابُوْا: اُنھوں نے شک کیا۔

اِرْتَبْتُمْ: تم نے شک کیا۔

اِرْتَدَّ: وہ پلٹ گیا۔ اُلٹا پھر گیا۔

اِرْتَدَّا: وہ دونوں اُلٹے پھرے۔

اِرْتَدُّوْا: وہ پلٹ گئے۔ اُلٹے پھر گئے۔ مرتد ہو گئے۔ اِرْتِدَادٌ مصدر

اِرْتَضٰی: وہ راضی ہوا۔ اُس نے پسند کر لیا۔ اِرْتِضَاءٌ مصدر

اِرْتَقِبْ: تُو منتظر رہ۔ راہ دیکھ۔ تاک لگا۔ اِرْتِقَابٌ مصدر

اِرْتَقِبُوْا: تم منتظر رہو۔ تاکتے رہو۔ راہ دیکھو۔ اِرْتِقَابٌ مصدر

اَرْجَاءٌ: کنارے۔ رَجٰی واحد

اَرْجِعُ: میں پھروں گا۔ واپس لوٹوں گا۔

اِرْجِعْ: تُو پھر جا۔ پھیر دے۔ واپس لوٹا دے (مذکر) رُجُوْعٌ مصدر

اِرْجِعُوْا: تم پھر جاؤ۔ لوٹ جاؤ۔

اِرْجِعِیْ: تُو پھر جا۔ پھر چل۔ رجوع کر۔ (مؤنث) رُجُوْعٌ مصدر

اَرْجُلٌ: پاؤں۔ پَیر رِجْلٌ واحد

اَرْجُمَنَّ: میں ضرور سنگسار کر دوں گا۔ پتھروں سے مار دوں گا۔ (لَاَرْجُمَنَّ)

اُرْجُوْا: تم امید رکھو۔ رَجَاءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَرْجِہْ : تُو اُسکو مہلت دے۔ اِرْجَاءٌ مصدر

اَرْحَامٌ: بچہ دانیاں۔ ناتے والے۔ کُنبے۔ رشتہ دار۔ رَحِمٌ واحد

اَرْحَمُ: سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا۔ رَحْمَۃٌ مصدر

اِرْحَمْ : تُو رحم کر۔ رحمت فرما۔

اَرْدٰی : اُس نے ہلاک کیا۔ غارت کیا۔ اِرْدَاءٌ مصدر

اَرَدْتُّ: میں نے چاہا۔ ارادہ کیا۔

اَرَدْتُّمْ: تم نے چاہا۔ تم نے ارادہ کیا۔

اَرَدْنَ : اُنھوں نے چاہا۔ ارادہ کیا۔ (مؤنث) اِرَادَۃٌ مصدر

اَرَدْنَا: ہم نے چاہا۔ ارادہ کیا۔

اَرْذَلُ : کمینہ۔ نیچ قوم۔ کمتر۔ نکما۔ پست۔

اَرْذَلُوْنَ: کمینے۔ نیچ قوم۔ اَرْذَلُ واحد

اُرْزُقْ : تُو روزی دے۔ عطا کر۔

اُرْزُقُوْا : تم روزی دو۔ تم کھلا دو۔

اَرْسٰی: اُس نے قائم کیا۔ بوجھ رکھا۔ لنگر ڈالا۔ اِرْسَاءٌ مصدر

اُرْسِلُ : میں بھیجونگا۔ اِرْسَالٌ مصدر

اُرْسِلَ : وہ بھیجا گیا۔ اِرْسَالٌ مصدر

اَرْسِلْ : تُو بھیج۔ اِرْسَالٌ مصدر

اَرْسَلَ : اُس نے بھیجا۔ (مذکر)

اَرْسَلَتْ : اُس نے بھیجا۔ (مؤنث)

اَرْسَلْتَ: تُو نے بھیجا۔ اِرْسَالٌ مصدر

اُرْسِلْتُمْ: تم بھیجے گئے۔ اِرْسَالٌ مصدر

اُرْسِلْنَا: ہم بھیجے گئے۔ اِرْسَالٌ مصدر

اَرْسَلْنَا: ہم نے بھیجا۔ اِرْسَالٌ مصدر

اَرْسَلُوْا: اُنھوں نے بھیجا اِرْسَالٌ مصدر

اُرْسِلُوْا: وہ بھیجے گئے۔ اِرْسَالٌ مصدر

اَرْسِلُوْا: تم بھیجو۔ اِرْسَالٌ مصدر

اِرْصَادٌ: تاک میں رہنا۔ گھات لگانا۔

اَرْضٌ: زمین۔ اَرْضُوْنَ۔ اَرَاضِ جمع

اَرْضَعَتْ: اُس نے دودھ پلایا (مؤنث)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَرْضَعْنَ : اُنھوں نے دودھ پلایا (مؤنث)
اَرْضِعِیْ : تُو دودھ پلا ۔ (مؤنث)
اِرْعَوْا : تم چراؤ ۔ نگہبانی کرو ۔ رَعْیٌ مصدر
اِرْغَبْ : تُو خواہش کر ۔ دل لگا ۔
اِرْکَبْ : تُو سوار ہو ۔ رُکُوْبٌ مصدر
اِرْکَبُوْا : تم سوار ہو ۔ رُکُوْبٌ مصدر
اَرْکَسَ : اُس نے اُلٹ دیا ۔
اُرْکِسُوْا : وہ اُلٹ دیے گئے ۔
اُرْکُضْ : تُو لات مار ۔ رَکْضٌ مصدر
اِرْکَعُوْا : تم رکوع کرو ۔ نماز پڑھو ۔ جُھکو ۔
اِرْکَعِیْ : تُو جُھک ۔ (مؤنث)
اِرَمَ : قومِ عاد کے قبیلہ کا نام جو اِرم بن سام بن نوحؑ کے نام پر رکھا گیا تھا ۔
اَرُوْا : تم دِکھاؤ ۔ اِرَاءَۃٌ مصدر
اِرْھَبُوْا : تم ڈرو ۔ رَھْبَۃٌ مصدر
اُرْھِقُ : میں تکلیف دونگا ۔ چڑھاؤنگا ۔
اَرٰی : میں دیکھتا ہوں ۔ اُس نے دِکھایا ۔

اُرِیْ : میں دِکھاتا ہوں ۔ اِرَاءَۃٌ مصدر
اُرِیْدُ : میں چاہتا ہوں ۔ اِرَادَۃٌ مصدر
اُرِیْدَ : ارادہ کیا گیا ۔ اِرَادَۃٌ مصدر
اَرَیْنَا : ہم نے دکھایا ۔ اِرَاءَۃٌ مصدر
اَزًّا : اُبھارنا ۔ برانگیختہ کرنا ۔ وَرغلانا ۔
اَزَاغَ : اُس نے پھیر دیا ۔ ٹیڑھا کر دیا ۔
اِزْدَادُوْا : وہ زیادہ ہوئے ۔ بڑھے ۔
اُزْدُجِرَ : وہ جِھڑکا گیا ۔ اِزْدِجَارٌ مصدر
اَزْرٌ : کمر ۔ پیٹھ ۔ قوت ۔
اَزِفَتْ : وہ نزدیک ہوئی ۔ آپہنچی ۔
اَزْکٰی : زیادہ ستھرا ۔ پاکیزہ ۔ زَکَاءٌ مصدر
اَزَلَّ : اُس نے بہکایا ۔ لغزش دی ۔ قدم ڈگمگا دیے ۔ اِزْلَالٌ مصدر
اَزْلَامٌ : پانسے یا جُوئے کے تیر ۔ زَلَمٌ واحد
اُزْلِفَتْ : وہ قریب لائی گئی ۔ اِزْلَافٌ مصدر
اَزْلَفْنَا : ہم نے نزدیک پہنچایا ۔
اَزْوَاجٌ : جوڑے ۔ ہم مثل چیزیں ۔ زَوْجٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَزِيْدُ : میں زیادہ کروں گا۔ یا زیادہ کرتا ہوں۔ زِيَادَةٌ مصدر

اُزَيِّنَنَّ : میں ضرور آراستہ کرونگا (لَاُزَيِّنَنَّ)

اِزَّيَّنَتْ : وہ خوش نما ہوئی۔ سج گئی۔ لہلہائی۔ اِزِّيَانٌ مصدر

اَسَاءَ : اُس نے بُرا کیا۔ اِسَاءَةٌ مصدر

اَسَاْتُمْ : تم نے بُرا کیا۔ اِسَاءَةٌ مصدر

اَسَاءُوْا : اُنھوں نے بدکاری کی۔ بُرا کیا۔

اُسَارٰى : قیدی۔ گرفتار لوگ اَسِيْرٌ واحد

اَسَاطِيْرُ : کہانیاں۔ اُسْطُوْرَةٌ واحد

اَسْاَلُ : میں مانگتا ہوں۔ میں پوچھتا ہوں۔

اِسْاَلْ : تُو مانگ۔ تُو پوچھ۔ سُؤَالٌ مصدر

اِسْاَلُوْا : تم مانگو۔ تم پوچھو۔ سُؤَالٌ مصدر

اَسَاوِرُ : کئی کنگن۔ پہونچیاں۔ سِوَارٌ واحد

اَسْبَابٌ : علاقے۔ رسیاں۔ راستے۔ ذرائع۔ سامان۔ سَبَبٌ واحد

اَسْبَاطٌ : اولاد۔ قبیلے۔ بیٹے۔ پوتے۔

اَسْبَغَ : اُس نے پورا کیا۔ اِسْبَاغٌ مصدر

اِسْتَاْجِرْ : تُو نوکر رکھ۔ ملازم رکھ۔

اِسْتَاْجَرْتَ : تُو نے نوکر رکھا۔

اِسْتَاْذَنَ : اُس نے اجازت مانگی۔

اِسْتَاْذَنُوْا : اُنھوں نے اجازت چاہی۔

اِسْتِبْدَالٌ : بدلنا۔ بدلنے کی خواہش کرنا۔

اِسْتَبْرَقٌ : دیباج۔ موٹا ریشمی کپڑا۔ مخمل۔ کمخواب۔

اِسْتَبْشِرُوْا : تم خوش ہو جاؤ۔

اِسْتَبَقَا : وہ دونوں دوڑے۔ سبقت کی۔ اِسْتِبَاقٌ مصدر

اِسْتَبِقُوْا : تم سبقت کرو۔

اِسْتَجَابَ : اُس نے مانا۔ قبول کیا۔

اِسْتَجَابُوْا : اُنھوں نے بات مانی۔

اِسْتَجَارَ : اُس نے پناہ مانگی۔

اَسْتَجِبْ : میں مان لوں۔ قبول کروں گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِسْتَجَبْتُمْ: تم نے مان لیا۔ قبول کیا۔
اُسْتُجِیْبَ: وہ مانا گیا۔ قبول کیا گیا۔
اُسْتُجِیْبَتْ: وہ قبول کی گئی۔
اِسْتَجِیْبُوْا: تم حکم مانو۔ قبول کرو۔
اِسْتَحَبُّوْا: اُنھوں نے دوست رکھا۔ اختیار کیا۔ پسند کیا۔
اُسْتُحْفِظُوْا: اُنھیں نگہبان بنایا گیا تھا۔
اِسْتِحْفَاظٌ مصدر
اِسْتَحَقَّ: وہ لائق ہوا۔ مستحق ہوا۔
اِسْتَحَقَّا: وہ دونوں حقدار ہوئے۔
اِسْتَحْوَذَ: اُس نے قابو میں کر لیا۔
اِسْتِحْیَاءٌ: حیا کرنا۔ شرمانا۔ شرم۔
اِسْتَحْیُوْا: تم زندہ چھوڑ دو۔
اِسْتَخْرَجَ: اُس نے نکالا۔ نکلوایا۔
اِسْتَخَفَّ: اُس نے عقل کھوئی۔ گمراہ کر دیا۔
اَسْتَخْلِصُ: میں مخصوص کرونگا۔
اِسْتَخْلَفَ: اُس نے خلیفہ بنایا۔ حاکم بنایا۔
اِسْتِخْلَافٌ مصدر۔
اِسْتَرَقَ: اُس نے چُرایا۔
اِسْتَرْهَبُوْا: اُنھوں نے ڈرایا۔ رعب ڈالا۔ اِسْتِرْهَابٌ مصدر
اِسْتَزَلَّ: اُس نے بہکایا۔ پھسلایا۔
اِسْتَسْقٰی: اُس نے پانی مانگا۔
اِسْتَشْهِدُوْا: تم گواہ طلب کرو۔
اِسْتَضْعَفُوْا: اُنھوں نے کمزور سمجھا۔
اُسْتُضْعِفُوْا: وہ کمزور سمجھے گئے۔
اِسْتَطَاعَ: اُس نے طاقت رکھی۔ استطاعت رکھی۔ وہ کر سکا۔
اِسْتَطَاعُوْا: اُن سے ہو سکا۔ وہ کر سکے۔
اِسْتَطَعْتَ: تُو کر سکا۔ تجھ سے ہو سکا۔
اِسْتَطَعْتُ: مجھ سے ہو سکا۔
اِسْتَطَعْتُمْ: تم نے طاقت رکھی۔ تم سے ہو سکے۔ اِسْتِطَاعَةٌ مصدر
اِسْتَطْعَمَا: اُن دونوں نے کھانا مانگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِسْتَطَعْنَا: ہم سے ہوسکا۔ ہم کرسکے۔

اِسْتِعْجَالٌ: جلدی کرنا۔ شتابی کرنا۔

اِسْتَعْجَلْتُمْ: تم نے جلدی کی۔

اِسْتَعِذْ: تُو پناہ مانگ اِسْتِعَاذَةٌ مصدر

اِسْتَعْصَمَ: وہ بچا۔ اُس نے (خود کو) بچائے رکھا۔

اِسْتَعْلٰى: اُس نے بلندی چاہی۔ وہ غالب رہا۔ اِسْتِعْلَاءٌ مصدر

اِسْتَعْمَرَ: اُس نے بسایا۔ آباد کیا۔

اِسْتَعِينُوا: تم مدد چاہو۔ اعانت طلب کرو۔ اِسْتِعَانَةٌ مصدر

اِسْتَغَاثَ: اُس نے فریاد چاہی۔

اِسْتَغْشَوْا: اُنھوں نے پہن لیا۔ ڈال لیا۔ اوڑھ لیا۔ لپیٹ لیے۔ ڈھانپ لیا۔ اِسْتِغْشَاءٌ مصدر

اِسْتِغْفَارٌ: بخشش چاہنا۔

اِسْتَغْفَرَ: اُس نے بخشش چاہی۔

اَسْتَغْفِرُ: میں بخشش چاہوں گا۔ مانگوں گا۔ اِسْتِغْفَارٌ مصدر

اِسْتَغْفِرْ: تُو گناہ بخشوا۔ مغفرت چاہ۔

اِسْتَغْفَرْتَ: تُو نے معافی چاہی۔

اِسْتَغْفَرُوا: اُنھوں نے مغفرت چاہی۔

اِسْتَغْفِرُوا: تم معافی مانگو۔

اِسْتَغْفِرِيْ: تُو معافی مانگ (مؤنث)

اِسْتَغْلَظَ: وہ موٹا ہوا۔ گاڑھا ہوا۔

اِسْتَغْنٰى: اُس نے بے پروائی کی۔ وہ بے پروا ہوا۔ مالدار ہوا۔

اِسْتَفْتِ: تُو پوچھ۔ اِسْتِفْتَاءٌ مصدر

اِسْتَفْتَحُوا: اُنھوں نے فیصلہ چاہا۔

اِسْتَفْزِزْ: تُو بے چین کردے۔ پریشان کردے

اِسْتَقَامُوا: وہ سیدھے ہوئے۔ قائم رہے۔ ثابت قدم رہے۔

اِسْتَقَرَّ: وہ ٹھیرا رہا۔ جما رہا۔

اِسْتَقِمْ: تُو ثابت قدم رہ۔

اِسْتَقِيمَا: تم دونوں ثابت قدم رہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِسْتَقِيْمُوْا: تم سب ثابت قدم رہو۔

اِسْتَكَانُوْا: وہ دبے۔ عاجز ہوئے۔

اِسْتِكْبَارٌ: غرور کرنا۔ اکڑنا۔ تکبر کرنا۔ بڑا سمجھنا۔

اِسْتَكْبَرَ: اُس نے غرور کیا۔ تکبر کیا۔ بڑا سمجھا (خود کو)

اِسْتَكْبَرْتَ: تو نے غرور کیا۔ تکبر کیا۔

اِسْتَكْبَرْتُمْ: تم نے غرور کیا۔ سرکشی کی۔

اِسْتَكْبَرُوْا: اُنھوں نے غرور کیا۔ سرکشی کی۔

اِسْتَكْثَرْتُ: میں نے بہت (جمع) کیا۔

اِسْتَكْثَرْتُمْ: تم نے بہت (تابع) بنائے۔ گمراہ کیے۔

اِسْتَمْتَعَ: اُس نے فائدہ اٹھایا۔ کام نکالا۔

اِسْتَمْتَعْتُمْ: تم بہرہ ور ہوئے۔ تم نے عیش کیے۔

اِسْتَمْتَعُوْا: اُنھوں نے فائدہ اٹھایا۔

وہ لطف اندوز ہوئے۔

اِسْتَمْسَكَ: وہ پکڑے رہا۔

مضبوطی سے تھامے رہا۔

اِسْتَمْسِكْ: تو مضبوطی سے پکڑے رہ۔

مضبوطی سے تھامے رکھ۔

اِسْتَمَعَ: اُس نے (توجہ سے) سُنا۔

اِسْتَمِعْ: تُو سُن۔ کان لگائے رکھ۔

اِسْتَمِعُوْا: تم (کان لگاکر) سُنو۔

اِسْتَمَعُوْا: اُنھوں نے (غور سے) سُنا۔

اِسْتَنْصَرَ: اُس نے مدد چاہی یا مانگی۔

اِسْتَنْصَرُوْا: انھوں نے مدد چاہی۔

اِسْتَنْكَفُوْا: انھوں نے عیب جانا۔

اِسْتَوٰى: وہ سیدھا ہوا۔ بیٹھا۔ قصد کیا۔

قرار پکڑا۔ کھڑا ہوا۔

اِسْتَوَتْ: وہ ٹھیری۔ سیدھی ہوئی۔

کھڑی ہوئی۔ اِسْتِوَاءٌ مصدر

اِسْتَوْقَدَ: اس نے سُلگایا۔ جلایا۔

اِسْتَوَيْتَ: تو سیدھا ہوا۔ سوار ہوا۔

اِسْتَوَيْتُمْ: تم سیدھے ہوئے۔

سوار ہوئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اُسْتُهْزِئَ: ٹھٹھا کیا گیا۔
مذاق اُڑایا گیا۔ اِسْتِهْزَاءٌ مصدر
اِسْتَهْزِءُوْا: تم ٹھٹھا کرتے رہو۔
تم مذاق اُڑاؤ۔ اِسْتِهْزَاءٌ مصدر
اِسْتَهْوَتْ: اُس نے پیروی نفس پر
مائل کر دیا۔ پھسلا دیا۔
اِسْتَيْأَسَ: وہ ناامید ہوا۔
اِسْتَيْأَسُوْا: وہ ناامید ہوئے۔
اِسْتَيْسَرَ: وہ آسان ہوا۔ میسّر ہوا۔
اِسْتَيْقَنَتْ: اُسے یقین ہو گیا۔
اَسْجُدُ: میں سجدہ کروں یا کرتا
ہوں۔ سُجُوْدٌ مصدر
اُسْجُدْ: تو سجدہ کر۔ عاجزی کر۔
اُسْجُدُوْا: تم سجدہ کرو۔ سُجُوْدٌ مصدر
اُسْجُدِیْ: تو سجدہ کر۔ (مؤنث)
اَسْحَارٌ: صبح کے اوقات۔ سَحَرٌ واحد
اِسْحٰقُ: پیغمبر کا نام جو حضرت
ابراہیمؑ کے دوسرے فرزند تھے اور
بی بی سارہؓ کے بطن سے ہوئے تھے۔
اَسْخَطَ: اُسے خفا کیا۔ غصہ دلایا۔
اَسْرٌ: قید۔ بندش۔ جوڑ بندی۔
اَسْرِ: تُو رات کو سیر کر۔ (ب) رات کو
لے کر چل۔ اِسْرَاءٌ مصدر
اَسَرَّ: اُس نے چھپا رکھا۔ چپکے سے کہا۔
اَسْرٰی: قیدی لوگ۔ اَسِیْرٌ واحد
اَسْرٰی: اُس نے رات کو سیر کرائی۔
اِسْرَآئِیْلُ: حضرت یعقوبؑ کا عبرانی لقب
اِسْرَارٌ: مشورہ کرنا۔ آہستہ بات کرنا۔ خفیہ
اِسْرَارًا: چھپا کر۔ پوشیدہ طور پر۔
اِسْرَافًا: فضول خرچی کے ساتھ۔
بے محل خرچ کرتے ہوئے۔
اُسَرِّحْ: میں رخصت کر دوں گا یا کر دوں۔
اَسْرَرْتُ: میں نے چھپایا۔ چپکے سے کہا۔
اَسْرَعُ: بہت جلد۔ سب سے تیز۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَسْرَفَ: اُس نے بے فائدہ خرچ کیا۔ حد سے بڑھا۔ اِسْرَافٌ مصدر

اَسْرَفُوْا: وہ حد سے بڑھے۔ زیادتی کی۔

اَسَرُّوْا: اُنھوں نے چھپایا۔ چُھپ کر خفیہ باتیں کیں۔ اِسْرَارٌ مصدر

اَسِرُّوْا: تم چھپاؤ۔ مخفی رکھو۔

اَسْرُھُمْ: اُنکی رگِ پیدائش۔ قید۔ اُنکے اعضاء و مفاصل

اَسَّسَ: اُس نے بنیاد رکھی۔

اُسِّسَ: اُس کی بنیاد رکھی گئی۔

اِسْطَاعُوْا: اُن سے ہو سکا۔ وہ کر سکے۔

اِسْعَوْا: تم دوڑو۔ کوشش کرو۔

اَسَفًا: رنج کرتے ہوئے۔ پچھتا کر۔

اَسَفٰی: افسوس۔ (اَسَفٌ)

اَسِفًا: حالتِ افسوس میں۔

اَسْفَارٌ: کتابیں۔ سِفْرٌ واحد

اَسْفَارٌ: سفر۔ قطع مسافت سَفَرٌ واحد

اَسْفَرَ: وہ روشن ہوا۔ چمکا۔

اَسْفَلُ: سب سے نیچا۔ فروتر۔

اَسْفَلِیْنَ: سب سے نیچے والے۔ اَسْفَلُ واحد

اَسْقِطْ: تو گرا دے۔ اِسْقَاطٌ مصدر

اَسْقَیْنَا: ہم نے پلایا۔ اِسْقَاءٌ مصدر

اُسْکُنْ: تُو رہ۔ تو ٹھیر۔ سکونت اختیار کر۔ سُکُوْنَۃٌ مصدر

اَسْکَنَّا: ہم نے ٹھیرایا۔ اِسْکَانٌ مصدر

اَسْکَنْتُ: میں نے بسایا۔ آباد کیا۔

اُسْکُنُوْا: تم سکونت اختیار کرو۔

اَسْکِنُوْا: تم جگہ دو۔ رہنے کے لیے گھر دو۔

اِسْلَامٌ: تابعداری کرنا۔ مسلمان ہونا۔

اَسْلِحَۃٌ: ہتھیار۔ سِلَاحٌ واحد

اَسْلَفَتْ: وہ پہلے کر چکی۔

اَسْلَفْتُمْ: تم پہلے کر چکے اِسْلَافٌ مصدر

اُسْلُکْ: تُو چل۔ تُو لے چل۔ تُو ڈال۔ سُلُوْکٌ مصدر اختیار کر۔

اُسْلُکُوْا: تم چلو۔ جکڑ دو۔ پرو دو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اُسْلُکِیْ: تُو چل۔ اختیار کر (مؤنث)
اَسْلَمَ: وہ فرمانبردار ہوا اِسْلَامٌ مصدر
اَسْلِمْ: تُو فرمانبردار ہو جا۔
اُسْلِمَ: میں تابعدار رہوں۔
اَسْلَمَا: اُن دونوں نے حکم مانا۔
اَسْلَمْتُ: میں فرمانبردار ہوا۔
اَسْلَمْتُمْ: تم تابع ہوئے۔
اَسْلَمْنَا: ہم مسلمان ہوئے۔
اَسْلَمُوْا: وہ تابع ہوئے۔
اَسْلِمُوْا: تم اسلام لاؤ۔ فرمانبردار ہو۔
اَسْلَفْنَا: ہم نے بہایا۔ اِسَالَۃٌ مصدر
اِسْمٌ: نام۔ اَسْمَآءٌ۔ اَسَامِیُّ جمع
اَسْمَآءٌ: کئی نام۔ اِسْمٌ واحد
اَسْمَعُ: میں سنتا ہوں۔ سُن رہا ہوں۔
اِسْمَعْ: تُو سُن۔ سَمْعٌ مصدر
اَسْمَعَ: اُس نے سُنایا۔ اِسْمَاعٌ مصدر
اَسْمِعْ بِہٖ: وہ کیا خوب سننے والا ہے۔

اِسْمَعُوْا: تم سُنو۔ سنتے رہو۔
اِسْمٰعِیْلُ: پیغمبر کا نام، جو حضرت ابراہیمؑ کے بڑے صاحبزادے تھے۔ بی بی ہاجرہؓ کے بطن سے ہوئے تھے۔
اَسْوَاَ: سب سے بُرا۔ بدترین۔
اَسْوَاقٌ: بازار۔ سُوْقٌ واحد
اُسْوَۃٌ: نمونہ۔ مثال۔ اِسًی جمع
اَسْوَدُ: سیاہ۔ کالا۔ سُوْدٌ جمع
اِسْوَدَّتْ: وہ سیاہ ہوئی۔
اَسْوِرَۃٌ: کئی کنگن۔ سِوَارٌ واحد
اَسِیْرٌ: قیدی۔ اُسَارٰی۔ اَسْرٰے جمع
اَشَآءُ: میں چاہوں۔ چاہتا ہوں۔
اَشَارَتْ: اُس نے اشارہ کیا۔ (مؤنث)
اَشْتَاتًا: پراگندہ۔ منتشر۔ شَتٌّ واحد
اِشْتَدَّتْ: وہ شدید ہوگئی۔ تیز ہوگئی۔
اِشْتَرٰی: اُس نے خرید لیا۔
اِشْتَرَوْا: اُنھوں نے خرید لیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِشْتَعَلَ: وہ چمک اٹھا۔ روشن ہوا۔ (بڑھاپے سے سر) سفید ہوگیا۔

اِشْتَمَلَتْ: وہ مشتمل ہوئی۔ شامل ہوئی۔

اِشْتَهَتْ: اُس نے چاہا۔ خواہش کی۔ (مؤنث) اِشْتِهَاءٌ مصدر

اَشِحَّةٌ: بخیل۔ لالچی لوگ۔ شَحِيحٌ واحد

اَشَدُّ: بہت زیادہ سخت۔ شِدَّةٌ مصدر

اَشُدُّ: قوت۔ جوانی۔ بلوغ۔

اَشِدَّآءُ: سخت گیر۔ شَدِيدٌ واحد

اَشُدُّ: میں مضبوط کرونگا۔ شِدَّةٌ مصدر

اُشْدُدْ: تُو سخت کر۔ مضبوط کردے۔

اَشَرٌّ: آیا بُرائی (اور تباہی مقصود) ہے!

اَشِرٌ: خود پسند۔ اِترانے والا۔ شیخی مارنے والا۔ اُشَارٰی جمع

اَشْرَارٌ: بُرے۔ شریر لوگ۔ شَرِيرٌ واحد

اَشْرَاطٌ: نشانیاں۔ شَرْطٌ واحد

اِشْرَاقٌ: صبح (طلوع آفتاب کے بعد)۔

اِشْرَبُوْا: تم پیو۔ شُرْبٌ مصدر

اُشْرِبُوْا: اُن کو پلایا گیا۔ اِشْرَابٌ مصدر

اِشْرَبِيْ: تُو پی۔ (مؤنث) شُرْبٌ مصدر

اِشْرَحْ: تُو کھول۔ کشادہ کردے۔

اَشْرَقَتْ: وہ چمک اٹھی۔ روشن ہوگئی۔

اَشْرِكْ: تُو شریک کر۔ اِشْرَاكٌ مصدر

اَشْرَكَ: اُس نے شرک کیا۔

اُشْرِكُ: میں شرک کرونگا۔ یا کروں۔

اَشْرَكْتَ: تُو نے شرک کیا۔

اَشْرَكْتُمْ: تم نے شریک ٹھیرایا۔

اَشْرَكْتُمُوْ: تم نے شریک ٹھیرایا۔

اَشْرَكْنَا: ہم نے شرک کیا۔

اَشْرَكُوْا: اُنھوں نے شریک ٹھیرایا۔

اَشْعَارٌ: بال۔ شَعْرٌ واحد

اَشْفَقْتُمْ: تم ڈر گئے۔ اِشْفَاقٌ مصدر

اَشْفَقْنَ: وہ ڈر گئیں۔ اِشْفَاقٌ مصدر

اَشَقُّ: بہت ہی سخت۔ شَقٌّ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَشُقُّ : میں تکلیف دوں۔ مشقت میں ڈالوں۔ مَشَقَّۃٌ مصدر

اَشْقٰی : بڑا بدبخت۔ بدطینت۔

اَشْکُرُ : میں شکر کروں۔ احسان مانوں۔

اُشْکُرُوْا : تم احسان مانو۔ شکر ادا کرو۔

اَشْکُوْا : میں بیان کرتا ہوں۔ شکوہ کرتا ہوں۔

اِشْمَأَزَّتْ : وہ تنگ ہوئی۔ اُس نے نفرت کی۔ اِشْمِئْزَازٌ مصدر

اَشْهَادٌ : گواہان۔ شَاهِدٌ واحد

اَشْهِدْ : تُو گواہ کر۔ شاہد بنا۔

اِشْهَدْ : تُو گواہ ہو۔ گواہی دے۔

اَشْهَدَ : اُس نے گواہ رکھا۔

اَشْهَدُ : میں گواہی دیتا ہوں۔

اَشْهَدْتُّ : میں نے حاضر کیا۔

اِشْهَدُوْا : تم گواہ بنو۔ گواہی دو۔

اَشْهِدُوْا : تم گواہ رکھو۔ گواہ بناؤ۔

اَشْهُرٌ : مہینے۔ شَهْرٌ واحد

اَشْیَآءُ : چیزیں شَیْءٌ واحد

اَشْیَاعٌ : ہم مذہب۔ ساتھی۔ رفقاء۔ شِیْعَۃٌ واحد۔

اَصَابَ : وہ آپڑا۔ پہنچا۔ اُس نے پالیا۔

اَصَابَتْ : وہ پہنچی۔ آن پڑی۔ جا لگی۔

اَصَابِعُ : اُنگلیاں۔ اِصْبَعٌ واحد

اَصْبُ : میں میل کروں گا۔ ملوں گا۔ مائل ہو جاؤں گا۔ صُبُوٌّ مصدر

اِصْبَاحٌ : صبح کی روشنی۔

اَصْبَحْتُمْ : تم پہنچا چکے۔ گذرے۔

اَصْبَحَ : اُس نے صبح کی۔ وہ ہو گیا۔

اَصْبَحَتْ : اُس نے صبح کی۔ وہ ہو گئی۔

اَصْبَحْتُمْ : تم ہو گئے۔ تم نے صبح کی۔

اَصْبَحُوْا : وہ ہو گئے۔ اُنھوں نے صبح کی۔

اَصْبَرُ : بڑا صبر کرنے والا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِصْبِرْ : تُو سہار۔ محنت سہتا رہ۔ صبر کر۔ ثابت قدم رہ۔

اِصْبِرُوْا : تم صبر کرو۔ ثابت قدم رہو۔

اَصْبَرَهُمْ : وہ کس قدر صبر کرنے والے ہیں۔ (مَآ اَصْبَرَهُمْ)

اَصَبْنَا : ہم پہنچے۔ ہم نے آلیا۔ ہم مصیبت ڈال دیں۔

اَصْحَابٌ : دوست۔ یار۔ ساتھی۔ والے۔ صَاحِبٌ واحد

اَصْحَابُ الْيَمِيْنِ : داہنی طرف والے۔ نیک۔ جنتی۔ جو حساب کے مقام میں عرش کے داہنی طرف کھڑے ہونگے اور نامۂ اعمال بھی داہنے ہاتھ میں پائیں گے۔

اَصْحَابُ الْفِيْلِ : ابرہہ اور اس کے ساتھی جو بہت سے ہاتھی لے کر خانۂ کعبہ ڈھانے کو آئے تھے بحکمِ خدا سب کو پرندوں نے کنکریاں مار کر ہلاک کر دیا۔

اَصْحَابُ الْكَهْفِ : غار والے۔ وہ چند جوان ایماندار آدمی جو ایک کافر بادشاہ کے ظلم سے بھاگ کر غار میں جا چھپے تھے۔

اِصْدَعْ : تُو صاف صاف کہہ دے۔ کُھلّم کُھلا کہہ سُنا۔

اَصْدَقُ : بڑا سچا۔ زیادہ سچا۔

اَصَّدَّقَ : میں خیرات کروں۔

اِصْرٌ : بھاری بوجھ۔ ذمہ داری۔ اٰصَارٌ جمع۔

اَصْرِفُ : میں پھیر دونگا۔ موڑونگا۔

اِصْرِفْ : تو پھیر دے۔ تُو ہٹا۔ تُو موڑ دے۔

اَصَرُّوْا : وہ (گناہ پر) اڑے رہے۔ ضد کی۔ مُصِرّ ہے۔ اِصْرَارٌ مصدر

اِصْطَادُوْا : تم شکار کر لو۔ اِصْطِيَادٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِصْطَبِرْ: تُو صبر کر۔ قائم رہ۔ پابندی کر۔

اِصْطَفٰی: اُس نے پسند کیا۔ منتخب کر لیا۔

اِصْطَفَیْتُ: میں نے پسند کیا۔ چُن لیا۔ ممتاز کیا۔ اِصْطِفَاءٌ مصدر

اِصْطَفَیْنَا: ہم نے پسند کیا۔

برگزیدہ کیا۔ اِصْطِفَاءٌ مصدر

اِصْطَنَعْتُ: میں نے بنایا۔

اَصْغَرُ: نہایت چھوٹا۔ چھوٹے سے چھوٹا۔

اَصْفٰی: اُس نے چُن کر دیا۔ پسند کیا۔

اَصْفَادٌ: زنجیریں۔ صَفَدٌ واحد

اِصْفَحْ: تُو درگذر کر۔ صَفْحٌ مصدر

اِصْفَحُوْا: تم درگذر کرو۔ صَفْحٌ مصدر

اَصْلٌ: جڑ۔ اُصُوْلٌ جمع

اَصْلَابٌ: پشتیں۔ پیڑیاں۔ صُلْبٌ واحد

اِصْلَاحٌ: سنوارنا۔ صلح کرانا۔

اُصَلِّبَنَّ: میں ضرور سُولی پر چڑھاؤنگا۔ (لَاُصَلِّبَنَّ)

اَصْلِحْ: تُو اصلاح کر۔ نیک بنا دے۔

اَصْلَحَ: اُس نے سنوارا۔ صلح کرا دی۔

اَصْلَحَا: اُن دونوں نے اپنی اصلاح کر لی۔ خود کو سنوار لیا۔

اَصْلَحْنَا: ہم نے اچھا کیا۔ سنوارا۔

اَصْلَحُوْا: اُنھوں نے نیک کام کیے۔

اَصْلِحُوْا: تم ملاپ کرا دو۔ صلح کرا دو۔

اِصْلَوْا: تم جلو (آگ میں) داخل ہو جاؤ۔

اُصْلِیْ: میں ڈالوں گا۔ جلاؤں گا۔

اَصَمُّ: بہرا۔ صُمٌّ جمع

اَصَمَّ: اُس نے بہرا کر دیا۔ اِصَمٌّ مصدر

اَصْنَامٌ: بُت صَنَمٌ واحد

اِصْنَعْ: تُو بنا۔ صُنْعٌ مصدر

اَصْوَاتٌ: آوازیں۔ صَوْتٌ واحد

اَصْوَافٌ: اُون۔ بال۔ صُوْفٌ واحد

اُصُوْلٌ: جڑیں۔ اَصْلٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

اُصِیْبُ (ب) : میں پہنچاتا ہوں۔ ڈالتا ہوں۔

اَصِیْلٌ: شام کا وقت۔ اُصُلٌ جمع

اَضَاءَ: اُس نے چمکایا۔ روشن کیا۔

اَضَاءَتْ: اُس نے چمکایا۔ (مؤنث)

اَضَاعُوْا: اُنھوں نے گنوادیا۔ کھودیا۔ ضائع کردیا۔ اِضَاعَۃٌ مصدر

اَضْحَکَ: اُس نے ہنسایا۔ وہ ہنساتا ہے۔

اِضْرِبْ: تُومار۔ تُوپیٹ۔ بیان کر۔ چل۔ ضَرْبٌ مصدر

اِضْرِبُوْا: تم مارو۔ تم کاٹو۔

اَضْطَرُّ: میں ناچار کرونگا۔ ہنکاؤنگا۔ کھینچونگا۔

اُضْطُرَّ: وہ مجبور کیا گیا۔ بے قرار ہوا۔

اُضْطُرِرْتُمْ: تم مجبور کیے گئے۔

اَضْعَافٌ: کئی گُنا۔ ضِعْفٌ واحد

اَضْعَفُ: بہت زیادہ کمزور۔

اَضْغَاثٌ: پراگندہ۔ خشک و تر ملے جُلے گھاس کے مُٹھے۔ ضِغْثٌ واحد

اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ: پریشان خواب۔

اَضْغَانٌ: دشمن کی عداوتیں۔ کینہ۔ بُغض۔ ضِغْنٌ واحد

اَضَلُّ: بڑا گمراہ۔ نہایت بہکا ہوا۔

اَضَلَّ: اُس نے گمراہ کیا۔ اِضْلَالٌ مصدر

اَضِلُّ: میں بہکوں گا۔ ضَلَالٌ مصدر

اُضِلُّ: میں گمراہ کرونگا یا کرتا ہوں۔

اَضَلَّا: اُن دونوں نے گمراہ کیا۔

اَضْلَلْتُمُوْ: تم نے گمراہ کیا۔ اِضْلَالٌ مصدر

اَضْلَلْنَ: اُنھوں نے بہکایا۔ (مؤنث)

اَضَلُّوْا: اُن سب نے گمراہ کیا۔ اِضْلَالٌ مصدر

اُضِیْعُ: میں ضائع کروں گا۔ برباد کروں گا۔ یا کرتا ہوں۔ اِضَاعَۃٌ مصدر

اَطَاعَ: اُس نے فرماں برداری کی۔

اَطَاعُوْا: اُنھوں نے فرماں برداری کی۔

اَطْرَافٌ: کنارے۔ حصے۔ طَرَفٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِطْرَحُوْا: تم پھینک دو۔ طَرْحٌ مصدر

اِطْعَامٌ: کھانا کھلانا۔ کھانا دینا۔

اَطَعْتُمْ: تم نے فرمانبرداری کی۔

اَطَعْتُمُوْ: تم نے فرمانبرداری کی۔

اَطْعَمَ: اُس نے کھانا دیا۔ کھلایا۔

اَطْعِمُوْا: تم کھلاؤ۔ اِطْعَامٌ مصدر

اَطَعْنَ: انھوں نے فرمانبرداری کی (مونث)

اَطِعْنَ: تم فرمانبرداری کرو۔ (مونث)

اَطَعْنَا: ہم نے فرمانبرداری کی۔

اَطْغٰی: بڑا شریر۔ بڑا نافرمان۔

اَطْغَیْتُ: میں نے گمراہ کیا۔ سرکش بنایا۔

اِطْفَاءٌ مصدر

اَطْفَأَ: اُس نے بجھایا۔ اِطْفَاءٌ مصدر

اَطْفَالٌ: بچے۔ لڑکے۔ طِفْلٌ واحد

اَطَّلَعَ: کیا اُس نے جھانکا ہے؟
اُسے خبر مل گئی ہے؟

اَطَّلِعُ: میں جھانکوں گا۔ چڑھوں گا۔

اِطَّلَعَ: وہ خبردار ہوا۔ اِطِّلَاعٌ مصدر

اِطَّلَعَ عَلٰی: اُس نے دیکھا۔ اچانک آگیا۔

اِطَّلَعْتَ: تُو نے جھانکا دیکھا۔ اِطِّلَاعٌ مصدر

اِطْمَأَنَّ: قائم ہوگیا۔ مطمئن ہوا اِطْمِئْنَانٌ مصدر

اِطْمَأْنَنْتُمْ: تم خاطر جمع ہوگئے۔

اِطْمَأَنُّوْا: وہ سب خاطر جمع ہوگئے۔
مطمئن ہوگئے۔ اِطْمِئْنَانٌ مصدر

اِطْمِسْ: تُو مٹادے۔ مسخ کردے۔

اَطْمَعُ: میں توقع رکھتا ہوں۔ خواہش کرتا ہوں۔ طَمَعٌ مصدر

اَطْوَارٌ: کئی طرح۔ کئی بار۔ طَوْرٌ واحد

اَطْهَرُ: خوب پاک۔ بہت زیادہ ستھرا۔

اِطَّهَّرُوْا: تم خوب پاک ہو جاؤ۔

اِطَّیَّرْنَا: ہم نے منحوس جانا۔ بدفالی لی۔

اِطَّیَّرُوْا: اُنھوں نے شگونِ بد لیا۔

اَطِیْعُوْا: تم فرمانبرداری کرو۔

اَظْفَرَ: اُسے فتح مند کیا۔ کامیابی دی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَظْلَمَ : اندھیرا کیا۔ اندھیرا ہوا۔

اَظْلَمُ : بڑا ناانصاف۔ بڑا ظالم۔

اَظُنُّ : میں گمان کرتا ہوں۔ ظَنٌّ مصدر

اَظْهَرَ : اُس نے ظاہر کر دیا۔ جتایا۔ غالب کر دیا۔ اِظْهَارٌ مصدر

اَعَانَ : اُس نے مدد کی۔ اِعَانَةٌ مصدر

اَعْبُدُ : میں عبادت کرتا ہوں۔ بندگی کرتا ہوں عِبَادَةٌ مصدر

اُعْبُدْ : تُو بندگی کر۔ عبادت کر۔

اُعْبُدُوْا : تم بندگی کرو۔ عِبَادَةٌ مصدر

اِعْتَبِرُوْا : تم عبرت پکڑو۔ اِعْتِبَارٌ مصدر

اِعْتَدٰى : اُس نے زیادتی کی۔

اَعْتَدَتْ : اُس نے تیار کیا۔ (مؤنث)

اَعْتَدْنَا : ہم نے تیار کر رکھا ہے۔

اِعْتَدُوْا : تم زیادتی کرو۔ اِعْتِدَاءٌ مصدر

اِعْتَدَوْا : اُنھوں نے زیادتی کی۔

اِعْتَدَيْنَا : ہم حد سے بڑھے۔ ہم نے زیادتی کی

اِعْتَرٰى : اُس نے جھپٹ لیا۔ آسیب پہنچایا۔

اِعْتَرَفْنَا : ہم نے اقرار کیا۔ ہم قائل ہو گئے

اِعْتَرَفُوْا : وہ قائل ہوئے۔ انھوں نے اعتراف کیا۔ اِعْتِرَافٌ مصدر

اِعْتَزَلَ : وہ الگ ہوا۔ ایک کنارے ہوا۔

اَعْتَزِلُ : میں چھوڑتا ہوں۔ جُدا ہوتا ہوں۔ اِعْتِزَالٌ مصدر

اِعْتَزَلْتُمُوْ : تم نے کنارہ کر لیا۔ علیحدگی اختیار کی۔

اِعْتَزِلُوْا : تم الگ رہو۔ چھوڑ دو۔

اِعْتَصَمُوْا : اُنھوں نے مضبوط پکڑا۔

اِعْتَصِمُوْا : تم مضبوط پکڑ لو۔ اِعْتِصَامٌ مصدر

اِعْتِلُوْا : سختی سے کھینچو۔ دھکیل کر لے جاؤ۔ عَتْلٌ مصدر

اِعْتَمَرَ : اُس نے زیارت کی۔ عمرہ کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَعْذَرْنَا : ہم نے مطلع کر دیا۔ خبردار کر دیا۔ اِعْذَارٌ مصدر

اَعْجَازٌ : تنے۔ جڑیں۔ عَجْزٌ واحد

اَعْجَبَ : اس کو بھایا۔ اچھا معلوم ہوا۔

اَعْجَبَتْ : وہ اچھی لگی۔ بھلی معلوم ہوئی۔

اَعْجَلَ : اُس نے جلدی کی۔ اِعْجَالٌ مصدر

اَعْجَمِيٌّ : عجم والا۔ جس کی مادری زبان عربی نہ ہو۔ غیر عرب

اَعْجَمِيْنَ : عجم والے۔ اَعْجَمُ واحد

اَعَدَّ : اُس نے تیار کیا۔ اِعْدَادٌ مصدر

اَعْدَآءٌ : دشمن لوگ۔ عَدُوٌّ واحد

اُعِدَّتْ : وہ تیار کی گئی۔ اِعْدَادٌ مصدر

اَعْدِلَ : میں انصاف کروں۔

اِعْدِلُوْا : تم انصاف کرو۔

اَعَدُّوْا : اُنھوں نے تیار کیا۔

اَعِدُّوْا : تم تیار رکھو۔ تیاری کرو۔

اُعَذِّبُ : میں عذاب دوں گا۔ میں سزا دونگا۔ تَعْذِيْبٌ مصدر

اَعْرَابٌ : گنوار لوگ۔ بدو لوگ۔ بادیہ نشین۔ اَعْرَابِيٌّ واحد

اِعْرَاضٌ : رُوگردانی کرنا۔ مُنھ موڑ لینا۔

اَلْاَعْرَافُ : بلند مقام۔ قیامت میں جنّت و دوزخ کے درمیان ایک وسیع دیوار کے بالائی حصے

اَعْرَجُ : لنگڑا۔ عُرْجٌ۔ عُرْجَانٌ جمع

اَعْرَضَ : اُس نے ٹال دیا۔ رُخ پھیر لیا۔

اَعْرِضْ : تو ٹال دے۔ تغافل کر۔

منھ موڑ لے۔ اِعْرَاضٌ مصدر

اَعْرَضْتُمْ : تم نے منھ موڑ لیا۔

اَعْرَضُوْا : اُنھوں نے منھ موڑ لیا۔

اَعْرِضُوْا : تم درگزر کرو۔ ٹال دو۔

اَعَزُّ : بڑی عزت والا۔ بہت عزیز۔

اَعِزَّةٌ : بڑی عزت والے۔ زبردست لوگ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِعْصَارٌ: گرد باد۔ بگولا۔ اَعَاصِرُ۔ جمع

اَعْصِرُ: میں نچوڑتا ہوں۔ عَصْرٌ مصدر

اَعْصِیْ: میں نافرمانی کرونگا۔

اَعْطٰی: اُس نے دیا۔ اِعْطَاءٌ مصدر

اُعْطُوْا: اُن کو دیا گیا۔ اِعْطَاءٌ مصدر

اَعْطَیْنَا: ہم نے دیا۔ بخشا۔

اَعِظُ: میں نصیحت کرتا ہوں۔

اَعْظَمُ: بہت بڑا۔ زیادہ عمدہ۔

اُعْفُ: تُو معاف کر۔ درگزر کر۔

اُعْفُوْا: تم معاف کرو۔ درگزر کرو۔

اَعْقَابٌ: ایڑیاں۔ عَقِبٌ واحد

اَعْقَبَ: اثر رکھ دیا۔ وارث بنا دیا۔

اَعْلٰی: سب سے اونچا۔ غالب۔ سب سے برتر۔ عُلُوٌّ مصدر

اَعْلَامٌ: پہاڑ۔ جھنڈے۔ نام۔ عَلَمٌ واحد

اَعْلَمُ: میں جانتا ہوں۔ بڑا خبردار۔

اِعْلَمْ: تُو جان لے۔ سمجھ لے۔ عِلْمٌ مصدر

اِعْلَمُوْا: تم سمجھ لو۔ جان لو۔

اَعْلَنْتُ: میں نے کھلم کھلا کہا۔ ظاہر کیا۔

اَعْلَنْتُمْ: تم نے کھول کر کہا۔ ظاہر کیا۔

اَعْلَوْنَ: غالب۔ بلند مرتبہ۔ اَعْلٰی واحد

اَعْمٰی: اندھا۔ اندھا کر دیا۔ اِعْمَاءٌ مصدر

اَعْمَالٌ: کام۔ عَمَلٌ واحد

اَعْمَامٌ: چچا۔ عَمٌّ واحد

اَعْمَلُ: میں کام کرتا ہوں عَمَلٌ مصدر

اِعْمَلْ: تُو کام کر۔ تُو بنا۔ عَمَلٌ مصدر

اِعْمَلُوْا: تم کام کرو۔ عمل کرو۔ عَمَلٌ مصدر

اَعْنَابٌ: انگور۔ عِنَبٌ واحد

اَعْنَاقٌ: گردنیں۔ عُنُقٌ واحد

اَعْنَتَ: اس نے مشقت میں ڈالا۔

اَعُوْذُ: میں پناہ لیتا ہوں۔ پناہ چاہتا ہوں۔

اَعْهَدُ (اِلٰی): میں عہد لیتا ہوں عَهْدٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَعِیْبُ: میں خراب کرونگا۔ عیب دار کردونگا۔ عَیْبٌ مصدر

اُعِیْدُوْا: وہ پھیر دیے گئے۔ دوبارہ ڈال دیے گئے۔ اِعَادَۃٌ مصدر

اُعِیْذُ: میں پناہ میں دیتا ہوں یا دیتی ہوں

اَعْیُنٌ: آنکھیں۔ عَیْنٌ واحد

اَعِیْنُوْا: تم مدد کرو۔ اِعَانَۃٌ مصدر

اِغْتَرَفَ: اُس نے چُلّو بھرا۔

اُغْدُوْا: تم سویرے چلو۔ صبح کو آؤ۔

اَغْرَقْنَا: ہم نے ڈبودیا۔ اِغْرَاقٌ مصدر

اُغْرِقُوْا: وہ ڈبو دیے گئے اِغْرَاقٌ مصدر

اَغْرَیْنَا: ہم نے لگادیا۔ مسلّط کردیا۔

اِغْسِلُوْا: تم دھوؤ۔ غَسْلٌ مصدر

اُغْشِیَتْ: وہ ڈھانپی گئی۔ اِغْشَاءٌ مصدر

اَغْشَیْنَا: ہم نے ڈھانپا۔ چھپایا۔

اُغْضُضْ: تُو نیچے کر۔ پست کر۔

اَغْطَشَ: اُس نے تاریک کردیا۔

اِغْفِرْ: تُو بخش دے۔ معاف کردے۔

اَغْفَلْنَا: ہم نے غافل کردیا۔

اَغْلَالٌ: طَوق۔ ہتکڑیاں غُلٌّ واحد

اَغْلِبُ: میں غالب ہونگا۔

اُغْلُظْ: تُو سختی کر۔ غِلْظَۃٌ مصدر

اَغْنٰی: اُس نے بے پرواکیا۔ غنی بنادیا۔ اُس نے کام دیا۔ اُس نے مالدار کیا۔

اَغْنَتْ: اُس نے کام بنایا۔ مفید ہوئی۔

اُغْنِیْ: میں کام آؤنگا یا آسکتا ہوں۔

اَغْنِیَاءُ: امیر لوگ۔ مالدار۔ غَنِیٌّ واحد

اُغْوِیْ: میں گمراہ کرونگا۔ اِغْوَاءٌ مصدر

اَغْوَیْتَ: تُو نے گمراہ کیا۔ اِغْوَاءٌ مصدر

اَغْوَیْنَا: ہم نے بہکایا۔ گمراہ کیا۔

اُفٍّ: ہُونہہ۔ بیزار ہوں۔ (کلمۂ نفرت)

اَفَاءَ: اُس نے لَوٹایا۔ عطا کیا۔ قبضہ میں دیا۔ اِفَاءَۃٌ مصدر

اَفَاضَ: وہ پھرا۔ وہ لوٹا۔ اِفَاضَۃٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَفَاقَ : وہ ہوش میں آیا۔ اِفَاقَۃٌ مصدر

اَفَّاكٌ : بڑا جھوٹا۔ بہتان تراش۔

اَفْئِدَۃٌ : دل۔ باطن۔ فُؤَادٌ واحد

اَفْتِ : تُو بیان کر۔ اپنی رائے دے۔

اِفْتَحْ : تُو کھول۔ فیصلہ کر دے۔

اِفْتَدٰی : اُس نے فدیہ دیا۔ اِفْتِدَاءٌ مصدر

اِفْتَدَتْ : اُس نے فدیہ دیا۔ (مؤنث)

اِفْتَدَوْا : اُنھوں نے اپنی رہائی کا بدلہ دیا۔

اِفْتِرَآءٌ : تہمت لگانا۔ بہتان۔

اِفْتَرٰی : اُس نے تہمت لگائی۔ جھوٹ باندھا۔ بہتان باندھا۔

اِفْتَرَيْتُ : میں نے جھوٹ باندھا۔

اِفْتَرَيْنَا : ہم نے بہتان تراشا۔

اَفْتُوْا : تم مشورہ دو۔ بیان کرو۔ خبر دو۔

اُفْرِغْ : میں ڈالونگا یا ڈال دوں۔

اَفْرِغْ : تُو ڈال دے۔ اُنڈیل دے۔

اُفْرُقْ : تُو جُدا کر دے۔ الگ الگ کر دے۔ فَرْقٌ مصدر

اِفْسَحُوْا : تم کھل کر بیٹھ جاؤ۔ کُشادہ ہو جاؤ۔ فَسْحٌ مصدر

اَفْسَدُوْا : اُنھوں نے بگاڑا۔ خراب کر دیا۔

اَفْصَحُ : بڑا خوش بیان۔ عمدگی اور روانی سے بولنے والا۔ نہایت فصیح۔

اَفْضٰی : وہ پہنچا۔ وہ بے حجابانہ مل گیا۔

اَفَضْتُمْ : تم چلے۔ تم نے چرچا کیا۔ کُوچ کیا۔ واپس ہوئے۔

اِفْعَلْ : تُو کر۔ تُو کر ڈال۔ فَعْلٌ مصدر

اِفْعَلُوْا : تم کرو۔ تم کر ڈالو۔

اُفُقٌ : آسمان کا کنارہ۔ اٰفَاقٌ جمع

اِفْكٌ : بہتان۔ جھوٹ۔ تہمت۔

اُفِكَ : وہ پھیرا گیا۔ اوندھا کیا گیا۔

اَفَلَ : وہ چھپ گیا۔ غروب ہو گیا۔

اَفَلَتْ : وہ چھپ گئی۔ غائب ہو گئی۔

اَفْلَحَ : اُس نے نجات پائی۔ مُراد کو پہنچا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَفْنَانٌ : شاخیں۔ فَنَنٌ واحد۔

اَفْوَاجٌ : لشکر۔گروہ۔ قافلے۔ فَوْجٌ واحد

اَفْوَاجًا: فوج در فوج۔غول کے غول

فَوْجٌ واحد

اَفْوَاهٌ : مُنھ۔ فُوْهٌ۔ فَمٌ واحد۔

(فم کی اصل فوہ تھی۔ ہ کو گرا کر

واو کو "م" سے بدلا ہے)۔

اَفُوْزُ : میں پہنچونگا۔ کامیاب ہوتا۔

پاؤنگا۔ فَوْزٌ مصدر

اُفَوِّضُ: میں سونپتا ہوں۔ تَفْوِیْضٌ مصدر

اَفِیْضُوْا: تم چلو۔ بہاؤ۔ لوٹو۔ اِفَاضَةٌ مصدر

اَقَامَ: اس نے درست کیا۔ سیدھا کیا۔

اِقَامٌ: قائم رکھنا۔ سیدھا کرنا۔ کھڑا رکھنا۔

اِقَامَةٌ: قیام کرنا۔ فروکش ہونا۔

اَقَامُوْا: اُنھوں نے قائم رکھا۔

اَقَاوِیْلُ: باتیں۔ اَقْوَالٌ کی جمع۔

قَوْلٌ واحد

اَقْبَرَ: اُس نے قبر میں رکھا یا رکھوایا۔

اَقْبِلْ: تُو لگے آ۔ تُو متوجہ ہو۔ اِقْبَالٌ مصدر

اَقْبَلَ: اُس نے رُخ کیا۔ متوجہ ہوا۔

آگے آیا۔ اِقْبَالٌ مصدر

اَقْبَلَتْ: وہ آگے آئی۔ متوجہ ہوئی۔

اَقْبَلْنَا: ہم آگے آئے۔ ہم نے رُخ کیا۔

اَقْبَلُوْا: انھوں نے رُخ کیا۔ متوجہ ہوئے۔

اُقِّتَتْ: وقتِ معیّن پر لائی گئی۔

مقرر کی گئی۔

اِقْتَتَلَ: اس نے قتال کیا۔ جنگ کی۔

اِقْتَتَلُوْا: وہ لڑ پڑے۔ انھوں نے

لڑائی کی۔ قتال کیا اِقْتِتَالٌ مصدر

اِقْتَحَمَ: وہ آچڑھا۔ گھس گیا۔

اِقْتَدِ: تُو پیروی کر۔ اِقْتِدَاءٌ مصدر

اِقْتَرَبَ: وہ قریب ہوا۔ اِقْتِرَابٌ مصدر

اِقْتَرِبْ: تُو نزدیک ہو۔

اِقْتَرَبَتْ: وہ قریب آگئی۔ پاس آلگی۔ اِقْتِرَابٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِقْتَرَفْتُمُوْ: تم نے کمایا۔ اِقْتِرَافٌ مصدر

اَقْتُلُ: میں ہلاک کرونگا۔ قَتْلٌ مصدر

اَقْتُلَنَّ: میں ضرور مار ڈالونگا۔ (لَاَقْتُلَنَّ)

اُقْتُلُوْا: تم مار ڈالو۔ قتل کر دو۔

اَقْدَامٌ: پاؤں۔ پیر۔ قَدَمٌ واحد

اَقْدَمُوْنَ: اگلے لوگ۔ پہلے لوگ۔

اِقْذِفِیْ: تُو ڈال دے۔ (مؤنث)

اِقْرَأْ: تُو پڑھ۔ قِرَاءَةٌ مصدر

اِقْرَءُوْا: تم پڑھو۔ قِرَاءَةٌ مصدر

اَقْرَبُ: بہت نزدیک۔ زیادہ قریب۔

اَقْرَبُوْنَ: قریبی رشتے دار۔ اَقْرَبُ واحد

اَقْرَبِیْنَ: قریبی رشتہ دار۔ اَقْرَبُ واحد

اَقْرَرْتُمْ: تم نے اقرار کیا۔ اِقْرَارٌ مصدر

اَقْرَرْنَا: ہم نے اقرار کیا۔

اَقْرَضْتُمْ: تم نے اُدھار دیا۔ قرض دیا۔

اَقْرِضُوْا: تم اُدھار دو۔ قرض دو۔

اَقْرَضُوْا: اُنھوں نے اُدھار دیا۔

اَقْسَطُ: نہایت منصفانہ۔ نہایت مناسب۔

اَقْسِطُوْا: تم انصاف کرو۔ اِقْسَاطٌ مصدر

اُقْسِمُ: میں قسم کھاتا ہوں۔ لَآ اُقْسِمُ میں قسم کھاتا ہوں۔ (لَا تاکیدی ہے)

اَقْسَمْتُمْ: تم نے قسم کھائی۔

اَقْسَمُوْا: اُنھوں نے قسم کھائی۔

اَقْصٰی: آخر۔ حد۔ سب سے دور۔ بہت فاصلہ پر۔ قَصَاءٌ مصدر

اِقْصِدْ: تُو میانہ روی اختیار کر۔

اُقْصُصْ: تُو بیان کر۔ قَصَصٌ مصدر

اِقْضِ: تُو حکم کر گزر۔ فیصلہ کر لے۔

اِقْضُوْا: تم کر چکو۔ فیصلہ کر لو۔ کر گزرو۔

اَقْطَارٌ: کنارے۔ قُطْرٌ واحد

اُقَطِّعَنَّ: میں ضرور ٹکڑے ٹکڑے کرونگا کاٹونگا۔ (لَاُقَطِّعَنَّ)

اِقْطَعُوْا: تم کاٹ ڈالو۔ قَطْعٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَقْعُدَنَّ : میں ضرور بیٹھونگا۔ قُعُوْدٌ مصدر
اُقْعُدُوْا : تم بیٹھو۔ قُعُوْدٌ مصدر
اَقْفَالٌ : قفل۔ تالے۔ قُفْلٌ واحد
اَقُلْ : میں نے (نہیں) کہا۔ (لَمْ اَقُلْ)
اَقَلُّ : بہت کم۔ کمتر۔ قِلَّةٌ مصدر
اَقْلَامٌ : کئی قلم۔ قَلَمٌ واحد
اَقَلَّتْ : اٹھالائی۔ ہلکا پایا۔ اِقْلَالٌ مصدر
اَقْلِعِيْ : تُو تھم جا (مؤنث) اِقْلَاعٌ مصدر
اَقِمْ : تُو سیدھا کر۔ قائم رکھ۔
اَقَمْتَ : تُو نے قائم کیا۔ اِقَامَةٌ مصدر
اَقَمْتُمْ : تم نے کھڑا کیا۔ قائم کیا۔
اَقِمْنَ : تم قائم کرو۔ (مؤنث)
اَقْنٰى : اُس نے خزانہ عطا کیا۔ مفلس کر دیا۔
اُقْنُتِيْ : تُو بندگی کر۔ فرمانبرداری کر (مؤنث)
اَقْوَاتٌ : خوراکیں۔ معیشت کا سامان۔ قُوْتٌ واحد
اَقُوْلُ : میں کہتا ہوں۔ کہونگا۔

اَقْوَمُ : بہت سیدھا۔ بہت درست رکھنے والا۔
اَقِيْمُوْا : تم سیدھا کرو۔ قائم کرو۔
اَكُ : میں (نہیں) تھی۔ (لَمْ اَكُ)
اَكَابِرُ : بزرگ لوگ۔ بہت بڑے۔
اَكْبَرُ واحد كُبْرٰى واحد مؤنث
اَكَادُ : میں قریب ہوں۔ میں چاہتا ہوں۔
اَكَّالُوْنَ : بہت کھانے والے اَكَّالٌ واحد
اَكْبَرُ : بہت بڑا۔ اَكَابِرُ جمع
اَكْبَرْنَ : اُنھوں نے بڑا سمجھا۔ (مؤنث)
اِكْتَالُوْا : اُنھوں نے ناپ لیا اِكْتِيَالٌ مصدر
اَكْتُبُ : میں لکھونگا۔ كِتَابَةٌ مصدر
اُكْتُبْ : تُو لکھ دے۔ كِتَابَةٌ مصدر
اُكْتُبُوْا : تم لکھ لو۔ كِتَابَةٌ مصدر
اِكْتَتَبَ : اُس نے گھڑ کر لکھ لیا۔
اِكْتَسَبَ : اُس نے کمایا۔ اِكْتِسَابٌ مصدر
اِكْتَسَبَتْ : اُس نے کمایا۔ (مؤنث)
اِكْتَسَبْنَ : اُنھوں نے کمایا۔ (مؤنث)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِكْتَسَبُوْا: اُنھوں نے کمایا۔ اِكْتِسَابٌ مصدر

اَكْثَرُ: بہت زیادہ۔ كَثْرَةٌ مصدر

اَكْثَرْتَ: تُونے بہت زیادہ کیا۔ بہت کیا۔

اَكْثَرُوْا: انھوں نے بہت زیادہ کیا۔

اَكْدٰى: اس نے ہاتھ روک لیا۔ بند کر دیا۔ اِكْدَاءٌ مصدر

اِكْرَامٌ: عظمت۔ عزت۔

اِكْرَاهٌ: زبردستی۔ جبر۔ مجبور کرنا۔

اَكْرَمُ: بڑا بزرگ۔ بڑا سخی۔

اَكْرَمَ: اُس نے عزت دی۔ بزرگ کیا۔

اَكْرَمَنِ: اُس نے مجھ کو عزت دی۔ (اصل میں اَكْرَمَنِیْ تھا۔ ی گر گئی)۔

اَكْرِمِیْ: تُو عزت سے رکھ۔ باعزت کر۔ (مؤنث) اِكْرَامٌ مصدر

اُكْرِهَ: وہ مجبور کیا گیا۔ اُس پر زبردستی کی گئی۔ اِكْرَاهٌ مصدر

اَكْرَهْتَ: تُونے زبردستی کی۔

اُكْسُوْا: تم پہناؤ۔ كِسْوَةٌ مصدر

اِكْشِفْ: تُو کھول دے۔ دور کر دے۔

اَكْفَرَهٗ: وہ کیسا ناشکرا ہے! (مَآ اَكْفَرَهٗ)

اَكْفُرُ: میں ناشکری کروں۔

اُكْفُرْ: تُو کافر ہو جا۔ ناشکری کر۔

اُكْفِرَنَّ: میں ضرور محو کر دونگا۔ (لَاُكْفِرَنَّ)

اُكْفُرُوْا: تم منکر ہو جاؤ۔ ناشکری کرو۔

اَكْفِلْ: تُو حوالے کر۔ کفیل بنا دے۔

اَكْلٌ: کھانا۔ خرچ کر ڈالنا۔

اُكُلٌ: پھل۔ میوے۔ اُكُلٌ جمع

اَكَلَ: اس نے کھایا۔ اَكْلٌ مصدر

اَكَلَا: اُن دونوں نے کھالیا۔

اُكَلِّمُ: میں بات کرونگی۔ بات کرونگا۔

اَكَلُوْا: اُنھوں نے کھایا۔ اَكْلٌ مصدر

اَكْمَامٌ: کلی یا میوے پر لپٹا ہوا غلاف۔ كِمٌّ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَکْمَلْتُ: میں نے پورا کیا۔ اِکْمَالٌ مصدر
اَکْمَهُ: پیدائشی اندھا۔ کَمَهٌ مصدر
اَکُنْ: میں ہو جاؤں گا۔
لَمْ اَکُنْ: میں نہیں ہوا۔
اَکْنَانٌ: چھپنے کے مقامات۔ کِنٌّ واحد
اَکِنَّةٌ: پردے۔ غلاف۔ کِنَانٌ واحد
اَکْنَنْتُمْ: تم نے چھپائے رکھا۔
اَکْوَابٌ: کوزے۔ آبخورے۔ پیالے۔ کُوْبٌ واحد
اَکُوْنُ: میں ہوں۔ میں ہو جاؤں گا۔
اَکُوْنَنَّ: بیشک میں ہو جاؤں گا۔ (لَاَکُوْنَنَّ)
اَکِیْدُ: میں خفیہ تدبیر کرونگا یا کرتا ہوں۔
اَکِیْدَنَّ: میں ضرور داؤ کرونگا۔ (لَاَکِیْدَنَّ)
اَلْ: وہ۔ سب۔ THE (شناختِ اسم۔ حرفِ تعریف ہے۔ کبھی استغراق اور کبھی جنس کے لیے آتا ہے۔)

اِلٌّ: رشتہ داری۔ قرابت۔ عہد۔
اِلَّا: مگر۔ سوائے۔ اگر نہیں۔
اَلَّا: یہ کہ نہیں۔ کیوں نہیں۔
اَلَا: تم خبردار ہو جاؤ۔ جان لو۔ سُن رکھو۔ کیا نہیں؟ (حرفِ تنبیہ)
اِلٰی: طرف۔ تک۔ ساتھ۔
اَلْاٰنَ: اب۔ اِس وقت۔
اِلٰهٌ: معبودِ برحق۔ عبادت کیا گیا۔ بے نیاز ہستی۔ خدا۔ اٰلِهَةٌ جمع
اَللّٰهُ: معبودِ برحق۔ نام ذاتِ خدا تعالیٰ۔ (بقولِ بعض اَلْ اور اِلٰهٌ سے مرکب ہے)
اِلٰهَیْنِ: دو معبود۔ دو خدا۔
اَلْبَابٌ: عقلیں۔ لُبٌّ واحد
اِلْتَفَّتْ: وہ لپٹ گئی۔ اِلْتِفَافٌ مصدر
اِلْتَقٰی: وہ مل گیا۔ مقابل ہوا۔
اِلْتَقَتَا: وہ دونوں ملیں۔ مقابل ہوئیں۔
اِلْتَقَطَ: اُس نے اٹھا لیا۔ اِلْتِقَاطٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِلْتَقَمَ: وہ نگل گیا۔ لقمہ کرلیا۔
اِلْتَقَيْتُمْ: تم نے ملاقات کی۔ تم سے مڈبھیڑ ہوئی۔ تم نے مقابلہ کیا۔
اِلْتَمِسُوْا: تم ڈھونڈو۔ تلاش کرلو۔
اَلْتَنَا: ہم نے گھٹایا۔ کم کردیا۔
اَلَّتِیْ: وہ جو (ایک عورت)
اَلْحَادٌ: حق سے پھرنا۔ کج روی۔
اِلْحَافٌ: لپٹنا۔ جھگڑنا۔ اصرار کرنا۔
اَلْحِقْ: تو ملادے۔ شامل کردے۔
اَلْحَقْتُمْ: تم نے ملایا۔ اِلْحَاقٌ مصدر
اَلْحَقْنَا: ہم نے ملادیا۔ پہنچادیا۔
اَلَدُّ: بڑا جھگڑالو۔ لُدٌّ جمع
اَلِدُ: میں جنوں گی۔ میرے بچہ ہوگا۔
اَلَّذَانِ: وہ دو شخص جو۔
اَلَّذِیْ: وہ ایک جو (مذکر)
اَلَّذِیْنَ: جو۔ وہ لوگ جو (مذکر)
الٓرٰ: یہ حروفِ مقطعات ہیں ان کے تاویلی معنی ہیں اَنَا اللّٰہُ الرَّحْمٰنُ یعنی میں خدا مہربان ہوں۔
اَلْزَمَ: اُس نے لگائے رکھا۔ لازم کیا۔ اہتمام کیا۔ اِلْزَامٌ مصدر
اَلْزَمْنَا: ہم نے لازم کردیا ہے۔ لگادیا ہے۔
اَلْسِنَةٌ: زبانیں۔ لِسَانٌ واحد
اِلْعَنْ: تو پھٹکار۔ تو لعنت بھیج۔
اِلْغَوْا: تم بک بک کرو۔ شور مچاؤ۔
اَلَّفَ: اُس نے محبت ڈالی۔ اُلفت ڈال دی۔ تَالِیْفٌ مصدر
اَلْفٌ: ایک ہزار۔ اَلَافٌ۔ اُلُوْفٌ جمع
اَلْفَافًا: لپٹے ہوئے۔ گھنے باغ اور کھیتی۔ لِفٌّ۔ لَفِیْفٌ واحد
اَلَّفْتَ: تو نے الفت ڈالی۔ تَالِیْفٌ مصدر
اَلْفَوْا: اُنھوں نے پایا۔ اِلْفَاءٌ مصدر
اَلْفَیَا: اُن دونوں نے پایا۔
اَلْفَیْنِ: دو ہزار۔ اَلْفٌ کا تثنیہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلْفَيْنَا: ہم نے پایا۔ اِلْفَاءٌ مصدر
اَلْقِ: تُو ڈال دے۔ اِلْقَاءٌ مصدر
اَلْقٰى: اُس نے ڈالا۔ اِلْقَاءٌ مصدر
اَلْقَابٌ: نام۔ سرنامہ۔ لَقَبٌ واحد
اَلْقَتْ: اُس نے پھینک دیا۔ ڈال دیا (مؤنث)
اَلْقَوْا: تم ڈالو۔ اِلْقَاءٌ مصدر
اَلْقَوْا: انھوں نے ڈالا۔ اِلْقَاءٌ مصدر
اُلْقُوْا: وہ ڈالے گئے۔ اِلْقَاءٌ مصدر
اُلْقِيْ: میں ڈال دونگا۔ اِلْقَاءٌ مصدر
اُلْقِيَ: وہ ڈالا گیا۔ اِلْقَاءٌ مصدر
اَلْقِيْ: تُو ڈال دے۔ (مؤنث)
اَلْقِيَا: تم دونوں ڈال دو (تثنیہ)
اَلْقَيْتُ: میں نے ڈالا۔ اِلْقَاءٌ مصدر
اَلْقَيْنَا: ہم نے ڈالا۔ اِلْقَاءٌ مصدر
اَللَّاتِيْ: وہ سب عورتیں جو۔
اَللَّاتِيْ: وہ سب عورتیں جو۔
اَللّٰهُ: اسم ذاتِ خدا۔ معبودِ برحق۔

اَللّٰهُمَّ: اے اللہ۔ یا اللہ۔
الٓمّٓ: (حروفِ مقطعات) اِن کے تاویلی معنی ہیں: اَنَا اللّٰهُ اَعْلَمُ یعنی میں خدا بڑا جاننے والا ہوں۔
الٓمّٓرٰ: (حروفِ مقطعات) اِن کے تاویلی معنی ہیں: اَنَا اللّٰهُ اَعْلَمُ وَاَرٰی یعنی میں خدا ہوں جانتا اور دیکھتا ہوں۔
الٓمّٓصٓ: (حروفِ مقطعات) اِن کے تاویلی معنی ہیں: اَنَا اللّٰهُ اَعْلَمُ وَاُفَصِّلُ یعنی میں خدا ہوں جانتا اور تفصیل کرتا ہوں۔
(ف۔ حروفِ مقطعات کے تحقیقی معنی اللہ ہی کو معلوم ہیں یہ معنی جو لکھے گئے تاویلی ہیں)
اَلَنَّا: ہم نے نرم کر دیا۔ اِلَانَةٌ مصدر
اَلْوَاحُ: تختے۔ تختیاں۔ لَوْحٌ واحد
اَلْوَانٌ: رنگ۔ لَوْنٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

اُلُوفٌ: ہزاروں۔ اَلْفٌ واحد

اَلْهٰى: اُس نے غافل کیا۔ غفلت میں رکھا۔ مشغول کر دیا۔ اِلْهَاءٌ مصدر

اَلْهَمَ: اُس نے دل میں ڈال دیا۔ سمجھ دی۔

اِلَيَّ: میری طرف۔ مجھ تک۔

اِلْيَاسُ: ایک پیغمبر کا نام۔

اِلْيَاسِيْنَ: نام حضرت الیاسؑ اور اُن کے پیروؤں کا۔

اَلْيَسَعَ: ایک پیغمبر کا نام۔

اَلِيْمٌ: دردناک۔ دُکھ دینے والا۔

اَمْ: یا۔ خواہ۔ کیا۔ (حرفِ تردید)

اُمٌّ: ماں۔ ٹھکانا۔ ہر چیز کی اصل۔

اِمَّا: اگر۔ یا۔ خواہ۔ (حرفِ تردید)

اَمَّا: سو۔ لیکن۔ مگر۔ اور وہ جو۔ (حرفِ تفصیل و حرفِ تاکید)

اِمَآءٌ: باندیاں۔ اَمَةٌ واحد

اَمَاتَ: اس نے مار ڈالا۔ موت دی۔

اَمَّارَةٌ: بڑا حکم کرنے والا۔

اَمَامَ: آگے۔ سامنے۔ مقابل۔

اِمَامٌ: پیشوا۔ راہ نُما۔ اَئِمَّةٌ جمع

اَمَانَةٌ: امانت۔ فرضِ منصبی۔

اَمَانَاتٌ: امانتیں۔ اَمَانَةٌ واحد۔

اَمَانِيُّ: آرزوئیں۔ خیالات۔ اُمْنِيَّةٌ واحد

اَمْتٌ: ٹیلا۔ اُونچان۔ نشیب و فراز۔

اَمَتَّ: تُو نے مار ڈالا۔ موت دی۔

اَمَةٌ: باندی۔ لونڈی۔ اِمَآءٌ جمع

اُمَّةٌ: جماعت۔ قوم۔ مدّت۔ اُمَمٌ جمع

اِمْتَازُوْا: تم الگ ہو جاؤ۔ اِمْتِيَازٌ مصدر

اِمْتَحَنَ: اُس نے جانچا۔ آزمایا۔

اِمْتَحِنُوْا: تم آزماؤ۔ جانچ لو۔

اُمَتِّعُ: میں کچھ فائدہ پہنچادوں۔

اَمْتِعَةٌ: اسباب۔ مَتَاعٌ واحد

اِمْتَلَئْتِ: تُو پُر ہو گئی۔ بھر گئی۔

اَمْثَالٌ: مثالیں۔ مَثَلٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَمْثَلُ : بہتر۔ زیادہ نیک۔ زیادہ عمدہ

اَمَدٌ : مدّت۔ فرق۔ اَمَادٌ جمع

اَمَدَّ : اس نے مدد کی۔ اِمْدَادٌ مصدر

اَمْدَدْنَا : ہم نے مدد دی۔ اِمْدَادٌ مصدر

اَمْرٌ : کام۔ اُمُوْرٌ جمع

اَمْرٌ : حکم۔ اَوَامِرُ جمع

اُمُرْ : تُو حکم دے۔ اَمْرٌ مصدر

اَمَرَ : اُس نے حکم دیا۔ فرمایا اَمْرٌ مصدر

اَمَرُّ : نہایت کڑوا۔ بہت سخت۔ تلخ تر۔ مَرَارَةٌ مصدر

اِمْرٌ : انوکھا۔ بھاری۔ قابلِ انکار۔

اِمْرَءٌ : مرد۔ انسان۔ شخص۔

اِمْرَأَةٌ : عورت۔ بیوی۔ نِسَاءٌ نِسْوَةٌ جمع

اِمْرَأَتَيْنِ : دو عورتیں۔ اِمْرَأَةٌ کا تثنیہ

اِمْرَءَتَانِ : دو عورتیں۔

اَمَرْتَ : تُو نے حکم دیا۔ اَمْرٌ مصدر

اَمَرْتُ : میں نے حکم دیا۔ اَمْرٌ مصدر

اُمِرْتُ : مجھے حکم دیا گیا۔ اَمْرٌ مصدر

اُمِرْنَا : ہمیں حکم دیا گیا۔ اَمْرٌ مصدر

اَمُرَنَّ : میں ضرور حکم دونگا۔ (لَاٰمُرَنَّ)

اَمَرُوْا : اُنھوں نے حکم دیا۔ اَمْرٌ مصدر

اُمِرُوْا : اُن کو حکم دیا گیا۔ اَمْرٌ مصدر

اَمْسِ : کل گذشتہ۔ اَمَاسٌ جمع

اَلْاَمْسِ : کل (گذشتہ) ہی۔ زیادہ عرصہ نہیں گذرا

اِمْسَاكٌ : روکنا۔ تھامنا۔ پکڑنا۔

اِمْسَحُوْا : تم مسح کرو۔ پونچھو۔ ملو۔

اَمْسَكَ : اُس نے روک رکھا۔ تھاما۔ مضبوط پکڑ لیا۔ اِمْسَاكٌ مصدر

اَمْسِكْ : تُو روک رکھ۔ تھام لے۔ پکڑ لے۔

اَمْسَكْتُمْ : تم نے روک رکھا۔ پکڑے رکھا۔

اَمْسَكْنَ : اُن عورتوں نے پکڑا۔ روکے رکھا۔ تھام لیا۔

اَمْسِكُوْا : تم روک رکھو۔ مضبوط پکڑ لو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَمْشَاجٌ: ملے ہوئے۔ مخلوط۔ مَشِیْجٌ واحد
اِمْشُوْا: تم چلو۔ پھرو۔ مَشْیٌ مصدر
اِمْضُوْا: تم چلے جاؤ۔ گزر جاؤ۔ مُضِیٌّ مصدر
اَمْطِرْ: تُو برسا دے۔ اِمْطَارٌ مصدر
اُمْطِرَتْ: اُس پر برسایا گیا۔ (مؤنث)
اَمْطَرْنَا: ہم نے برسایا۔ اِمْطَارٌ مصدر
اَمْعَآءٌ: آنتیں۔ انتڑیاں۔ مِعًی مِعَاءٌ واحد
اُمْكُثُوْا: تم ٹھیرو۔ رُکو۔ مُكْثٌ مصدر
اَمْكَنَ: اُس نے پکڑوایا۔ قابو میں کرایا۔ اِمْكَانٌ مصدر
اَمَلٌ: آرزو۔ اُمید۔ اٰمَالٌ جمع
اَمْلَئَنَّ: میں ضرور بھر دونگا۔ (لَاَمْلَئَنَّ)
اَمْلٰی: اُس نے مہلت دی۔ ڈھیل دی۔ آرزو دلائی۔ اِمْلَآءٌ مصدر
اِمْلَاقٌ: مفلسی۔ تنگدستی۔ محتاجی۔
اَمْلِكُ: میں اختیار رکھتا ہوں۔ مِلْكٌ مصدر
اُمْلِیْ: میں مہلت دونگا۔ ڈھیل دونگا۔

اَمْلَیْتُ: میں نے ڈھیل دی۔ اِمْلَآءٌ مصدر
اُمَمٌ: جماعتیں۔ اُمتیں۔ اُمَّةٌ واحد
اَمْنٌ: امن۔ بے خوفی۔ دل جمعی۔
اَمِنَ: وہ امن میں ہو گیا۔ پناہ میں ہو گیا۔ اُس نے اعتبار کیا۔ اَمْنٌ مصدر
اَمَّنْ: یا کون۔ بھلا کون۔ یا وہ جو۔
اَمِنْتُ: میں نے اعتبار کیا۔ اَمْنٌ مصدر
اَمَنَةً: چین۔ آرام۔ سکون۔ دل جمعی۔
اَمِنْتُمْ: تم خاطر جمع ہوئے۔ بے خوف ہوئے
اُمْنُنْ: تُو احسان کر۔ مَنٌّ مصدر
اَمِنُوْا: وہ نڈر ہو گئے۔ بے خوف ہو گئے۔ اَمْنٌ مصدر
اُمَنِّیَنَّ: میں ضرور آرزو میں ڈالونگا۔ (لَاُمَنِّیَنَّ)
اُمْنِیَّةٌ: آرزو۔ خواہش۔ تَمَنًّا اَمَانِیُّ جمع
اَمْوَاتٌ: مُردے۔ مَیِّتٌ واحد
اَمْوَالٌ: دولت۔ مال۔ مَالٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَمُوْتُ: میں مرونگا۔ مَوْتٌ مصدر
اُمُوْرٌ: کام۔ معاملات۔ اَمْرٌ واحد
اُمَّهَاتٌ: مائیں۔ اُمٌّ واحد
اَمْهِلْ: تُو مہلت دے۔ اِمْهَالٌ مصدر
اُمِّيٌّ: اَن پڑھ۔ بے لکھا پڑھا اُمِّيُّوْنَ جمع
اُمِيْتُ: میں مارتا ہوں۔ اِمَاتَةٌ مصدر
اَمِيْنٌ: امانت دار۔ معتبر۔ اُمَنَاءُ جمع
اُمِّيُّوْنَ: بے پڑھے لکھے۔ اَن پڑھ لوگ۔
اُمِّيِّيْنَ: بے پڑھے لکھے۔ اُمِّيٌّ واحد
اِنَّ: بیشک۔ تحقیق کہ (حرف مشبہ بفعل)
اَنَّ: بیشک۔ کہ تحقیق (حرف مشبہ بفعل)
اَنْ: کہ۔ یہ کہ۔ (ناصب مضارع)
اِنْ: تحقیق۔ بے شک (اِنَّ کا مخفف)
اِنْ: اگر۔ جو۔ (حرفِ شرط)
اِنْ: نہیں۔ (حرفِ نفی)
اَنّٰى: کہاں سے۔ کیسے۔ کیوں کر۔ کس طرح۔ (حرفِ استفہام)

اَنَا: مَیں۔ نَحْنُ جمع
اِنَا: پکنا۔ پک جانا۔
اِنَّا: بے شک ہم۔ (اِنَّ یعنی بیشک اور نَا یعنی ہم سے مرکب)
اَنَابَ: اُس نے رجوع کیا۔ اِنَابَةٌ مصدر
اَنَابُوْا: اُنھوں نے رجوع کیا۔ اِنَابَةٌ مصدر
اِنَاثٌ: عورتیں۔ اُنْثٰى واحد
اُنَاسٌ: آدمی۔ لوگ۔ اِنْسٌ۔ اِنْسَانٌ واحد
اَنَاسِيُّ: آدمی۔ لوگ۔ اِنْسِيٌّ۔ اِنْسَانٌ واحد
اَنَامٌ: خلق۔ جنّ و انس۔ مخلوقات۔
اَنَامِلُ: اُنگلی کی پوریں۔ اَنْمُلَةٌ واحد
اَنْبَآءٌ: خبریں۔ حالات۔ نَبَأٌ واحد
اَنْبَأَ: اُسنے خبر دی۔ بتایا۔ اِنْبَاءٌ مصدر
اَنْبِئْ: تُو بتا۔ خبر دے۔ اِنْبَاءٌ مصدر
اَنْبِئُوْا: تم بتاؤ۔ خبر دو۔ اِنْبَاءٌ مصدر
اُنَبِّئُ: میں خبر دونگا۔ خبر دیتا ہوں۔
اَنْبَتَ: اُس نے اُگایا۔ (صیغۂ مذکر)

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَنْبَتَتْ: اُس نے اُگایا۔ (صیغہ مؤنث)
اَنْبَتْنَا: ہم نے اُگایا۔ جمایا۔ اِنْبَاتٌ مصدر
اِنْبَجَسَتْ: وہ پھوٹ نکلی۔ پھوٹ نکلے۔
اِنْبِذْ: تُو پھینک دے۔ جواب دیدے۔
اِنْبِعَاثٌ: اُٹھنا۔ کام کا قصد کرنا۔
اِنْبَعَثَ: وہ اُٹھا۔ اُٹھ کھڑا ہوا۔
اَنَبْنَا: ہم نے رجوع کیا۔ اِنَابَۃٌ مصدر
اَنْبِیَآءُ: پیغمبران۔ نبی۔ نَبِیٌّ واحد
اَنْتَ: تُو (ایک مرد) اَنْتُمْ جمع
اَنْتِ: تُو (ایک عورت) اَنْتُنَّ جمع
اِنْتَبَذَتْ: وہ کنارے ہوئی۔ الگ ہوئی۔
اِنْتَثَرَتْ: وہ جھڑ گئی۔ گر پڑی۔ بکھر گئی۔ وہ بکھر گئے۔ اِنْتِثَارٌ مصدر
اِنْتَشِرُوْا: تم پھیل پڑو۔ بکھر جاؤ۔ منتشر ہو جاؤ۔ اِنْتِشَارٌ مصدر
اِنْتَصِرْ: تُو بدلہ لے۔ اِنْتِصَارٌ مصدر
اِنْتَصَرَ: اُس نے بدلہ لیا۔ انتقام لیا۔
اِنْتَصَرُوْا: اُنھوں نے بدلہ لیا۔ اِنْتِصَارٌ مصدر
اِنْتَظِرْ: تُو منتظر رہ۔ انتظار کر۔
اِنْتَظِرُوْا: تم راہ دیکھتے رہو۔ تم انتظار کرو۔ اِنْتِظَارٌ مصدر
اِنْتِقَامٌ: بدلہ لینا۔ غلبہ پانا۔ سزا دینا۔
اِنْتَقَمْنَا: ہم نے بدلہ لیا۔ اِنْتِقَامٌ مصدر
اَنْتُمْ: تم سب (مرد)
اَنْتُمَا: تم دُو مرد یا دُو عورتیں۔
اِنْتَهٰی: وہ باز آیا۔ وہ رُک گیا۔
اِنْتَهَوْا: وہ باز آئے۔ رُک گئے۔
اِنْتَهُوْا: تم باز آجاؤ۔ رُک جاؤ۔ اِنْتِهَآءٌ مصدر
اُنْثٰی: عورت (مادہ)۔ اِنَاثٌ جمع
اُنْثَیَیْنِ: دُو (عورتیں)
اَنْجٰی: اُس نے نجات دی۔ چھٹکارا دیا۔
اَنْجَیْتَ: تُو نے بچایا۔ نجات دی۔
اَلْاِنْجِیْلُ: آسمانی کتاب جو حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی تھی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَنْجَيْنَا: ہم نے بچایا۔ نجات دی۔
اِنْحَرْ: تُو قربانی کر۔ ذبح کر۔ نَحْرٌ مصدر
اَنْدَادٌ: ساتھی۔ شریک۔ برابر کا۔ ہمسر۔ نِدٌّ واحد
اَنْذَرَ: اُس نے ڈرایا۔ چوکنا کیا۔
اُنْذِرَ: وہ ڈرایا گیا۔ اِنْذَارٌ مصدر
اُنْذِرُ: میں ڈراتا ہوں۔ خبردار کرتا ہوں۔ اِنْذَارٌ مصدر
اَنْذِرْ: تُو ڈرا دے۔ چوکنا کر دے۔ خبردار کر دے۔ اِنْذَارٌ مصدر
اَنْذَرْتَ: تُو نے ڈرایا۔ اِنْذَارٌ مصدر
اَنْذَرْتُ: میں نے ڈرایا۔ خبردار کیا۔
اَنْذَرْنَا: ہم نے ڈرایا۔ خبردار کیا۔
اَنْذِرُوْا: تم ڈراؤ۔ خبردار کر دو۔
اُنْذِرُوْا: وہ ڈرائے گئے۔ اِنْذَارٌ مصدر
اَنْزَلَ: اُس نے اُتارا۔ برسایا۔
اُنْزِلَ: وہ اُتارا گیا۔ اِنْزَالٌ مصدر

اُنْزِلُ: میں اُتاروں گا۔ اِنْزَالٌ مصدر
اَنْزِلْ: تُو اُتار۔ نازل کر۔ اِنْزَالٌ مصدر
اَنْزَلْتَ: تُو نے اُتارا۔ اِنْزَالٌ مصدر
اَنْزَلْتُ: میں نے اُتارا۔ اِنْزَالٌ مصدر
اُنْزِلَتْ: وہ اُتاری گئی۔ نازل کی گئی۔
اَنْزَلْتُمُوْ: تم نے اُتارا۔ نازل کیا۔
اَنْزَلْنَا: ہم نے اُتارا۔ نازل کیا۔
اِنْسٌ: آدمی۔ انسان۔ اُنَاسٌ جمع
اَنْسٰی: اُس نے بُھلا دیا۔ اِنْسَاءٌ مصدر
اَنْسَابٌ: ذاتیں۔ رشتے ناتے۔ خاندان نَسَبٌ واحد
اِنْسَانٌ: آدمی (مذکر و مؤنث) اَنَاسِیُّ جمع
اِنْسَلَخَ: وہ گذر گیا۔ باہر نکلا۔ ختم ہو گیا۔
اَنْسَوْا: اُنھوں نے بُھلا دیا۔ اِنْسَاءٌ مصدر
اِنْسِیٌّ: آدمی۔ اَنَاسِیُّ جمع
اَنْشَاَ: اُس نے پیدا کیا۔ اِنْشَاءٌ مصدر
اِنْشَاءٌ: بنانا۔ پیدا کرنا۔ پرورش کرنا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَنْشَاْتُمْ: تم نے پیدا کیا۔ پرورش کی۔
اَنْشَاْنَا: ہم نے پیدا کیا۔ بنایا۔
اَنْشَرَ: اُس نے اُٹھا کھڑا کیا۔ دوبارہ زندہ کیا۔
اَنْشَرْنَا: ہم نے اُبھارا۔ اُٹھایا۔
اُنْشُزُوْا: تم اُٹھ کھڑے ہو۔
اِنْشَقَّ: وہ پھٹ گیا۔ اِنْشِقَاقٌ مصدر
اِنْشَقَّتْ: وہ پھٹ گئی۔ اِنْشِقَاقٌ مصدر
اَنْصَابٌ: بُت۔ وہ تمام چیزیں جو عبادت کے لیے نصب کی جائیں۔ نُصُبٌ واحد
اَنْصَارٌ: مددگار لوگ۔ نَاصِرٌ واحد
اِنْصَبْ: تُو محنت کر۔ مشقت اٹھا۔
اَنْصِتُوْا: تم چُپ ہو۔ کان لگائے رکھو۔
اَنْصَحُ: میں نصیحت کرتا ہوں نُصْحٌ مصدر
اُنْصُرْ: تو مدد کر۔ فتح دے۔ نَصْرٌ مصدر
اِنْصَرَفُوْا: وہ پلٹ گئے۔ وہ واپس چلے گئے۔ اِنْصِرَافٌ مصدر

اُنْصُرُوْا: تم مدد کرو۔ نَصْرٌ مصدر
اَنْطَقَ: اُس نے گویا کیا۔ گویائی عطا فرمائی۔ اِنْطَاقٌ مصدر
اِنْطَلَقَ: وہ چلا۔ چل پڑا۔ اِنْطِلَاقٌ مصدر
اِنْطَلَقَا: وہ دونوں چلے۔ اِنْطِلَاقٌ مصدر
اِنْطَلَقْتُمْ: تم چلے۔ اِنْطِلَاقٌ مصدر
اِنْطَلَقُوْا: وہ سب چلے۔ اِنْطِلَاقٌ مصدر
اِنْطَلِقُوْا: تم چلو۔ اِنْطِلَاقٌ مصدر
اُنْظُرْ: تُو دیکھ۔ نظر رکھ۔ غور کر۔
اَنْظِرْ: تُو مہلت دے۔ ڈھیل دے۔
اُنْظُرُوْا: تم دیکھو۔ غور کرو۔ انتظار کرو۔
اُنْظُرِیْ: تُو دیکھ۔ غور کر۔ (مؤنث)
اَنْعَامٌ: چوپائے۔ مویشی۔ نَعَمٌ واحد
اَنْعُمٌ: نعمتیں۔ احسانات۔ نِعْمَةٌ واحد
اَنْعَمَ: اُس نے احسان کیا۔ اِنْعَامٌ مصدر
اَنْعَمْتَ: تُو نے احسان کیا۔ فضل کیا۔
اَنْعَمْتُ: میں نے احسان کیا۔ اِنْعَامٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَنْعَمْنَا: ہم نے مہربانی کی نعمتیں دیں۔
اَنْفٌ: ناک۔ اُنُوْفٌ جمع
اِنْفَاقٌ: خرچ کرنا۔ خرچ ہو جانا۔
اَنْفَالٌ: غنیمتیں۔ مالِ غنیمت۔ نَفَلٌ واحد
اِنْفَجَرَتْ: وہ بہہ نکلی۔ پھوٹ نکلے (مؤنث)
اَنْفُخُ: میں پھونک مارتا ہوں۔ نَفْخٌ مصدر
اُنْفُخُوْا: تم پھونک مارو۔ دھونکو۔
اُنْفُذُوْا: تم نکلو۔ نکل جاؤ۔ نُفُوْذٌ مصدر
اِنْفِرُوْا: تم کوچ کرو۔ نکلو۔ نُفُوْرٌ مصدر
اَنْفُسٌ: جانیں۔ دِل۔ نَفْسٌ واحد
اِنْفِصَامٌ: ٹوٹنا۔ بال پڑنا۔ کٹ جانا۔
اِنْفَضُّوْا: وہ پراگندہ ہو گئے۔ پھیل گئے۔
اِنْفَطَرَتْ: وہ چِر گئی۔ بیچ میں سے پھٹ گئی۔ اِنْفِطَارٌ مصدر
اَنْفَقَ: اُس نے خرچ کیا۔ اِنْفَاقٌ مصدر
اَنْفَقْتَ: تُو نے خرچ کیا۔ اِنْفَاقٌ مصدر
اَنْفَقْتُمْ: تم نے خرچ کیا۔ اِنْفَاقٌ مصدر

اَنْفَقُوْا: اُنھوں نے خرچ کیا۔
اَنْفِقُوْا: تم خرچ کرو۔ اِنْفَاقٌ مصدر
اِنْفَلَقَ: وہ پھٹ گیا۔ اِنْفِلَاقٌ مصدر
اَنْقَذَ: اُس نے بچایا۔ نجات دی۔
اُنْقُصْ: تُو کم کر۔ کمی ڈال۔ نَقْصٌ مصدر
اَنْقَضَ: اُس نے جُھکا دیا۔ بوجھل کر دیا۔
اِنْقَلَبَ: وہ پلٹا۔ وہ لوٹا۔ اِنْقِلَابٌ مصدر
اِنْقَلَبْتُمْ: تم پلٹے۔ تم لوٹے۔ اِنْقِلَابٌ مصدر
اِنْقَلَبُوْا: وہ پلٹے۔ وہ لوٹے۔
اَنْكَاثٌ: ٹکڑے ٹکڑے۔ نِكْثٌ واحد
اَنْكَالٌ: بھاری بیڑیاں۔ زنجیریں۔ آہنی لگامیں۔ نِكْلٌ واحد
اُنْكِحُ: میں نکاح کر دونگا۔ نکاح میں دیدوں۔
اِنْكِحُوْا: تم بیاہ کر لو۔ نکاح کر لو۔ نِكَاحٌ مصدر
اَنْكِحُوْا: تم بیاہ کر دو۔ نکاح کر دو۔
اِنْكَدَرَتْ: میلی ہو گئی۔ تاریک ہو گئی۔ پراگندہ ہو گئی۔ بے نور ہو گئی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَنْكَرُ : بہت بُرا۔ نہایت خراب۔
اِنَّمَا : اِس کے سوا کوئی بات نہیں کہ۔ بات تو صرف اتنی ہے کہ (کلمۂ حصر)
اِنْتَهَ : تُو منع کر۔ روک دے۔ نَهْيٌ مصدر
اَنْهٰى : میں منع کر رہا ہوں۔ روکتا ہوں۔
اَنْهَارٌ : ندیاں۔ نہریں۔ نَهْرٌ واحد
اِنْهَارَ : وہ ڈھے پڑا۔ گر گیا۔ اِنْهِيَارٌ مصدر
اَنّٰى : کہاں کہاں سے۔ کس طرح۔ کیسے۔ کیوں کر۔ (حرفِ استفہام)
اُنِيْبُ : میں رجوع کرتا ہوں۔ اِنَابَةٌ مصدر
اَنِيْبُوْا : تم رجوع کرو۔ اِنَابَةٌ مصدر
اَوْ : یا۔ خواہ۔ (حرفِ عطف)
اِوَ : یہاں تک۔ مگر۔ اگرچہ (حرفِ تردید)
اُوْوٰا : تم جا بیٹھو۔ تم پناہ لو۔ اُوِيٌّ مصدر
اَوَّابٌ : بہت توبہ کرنے والا۔ بڑا رجوع کرنے والا۔
اَوَّابِيْنَ : رجوع کرنے والے۔ اَوَّابٌ واحد

اُوَارِيْ : میں چھپاتا ہوں۔ چھپاؤں۔ ڈھانپ دوں۔ ڈھکوں مُوَارَاةٌ مصدر
اَوَّاهٌ : نرم دل۔ آہ و زاری کرنے والا۔
اَوْبَارٌ : پشم۔ اونٹ کے بال۔ وَبَرٌ واحد
اَوِّبِيْ : تو رجوع کر۔ تسبیح میں مشغول ہو۔
لَمْ اُوْتَ : (کاش کہ) مجھ کو نہیں دیا جاتا۔
اُوْتِيَ : مجھ کو (نہیں) دیا گیا۔ (لَمْ اُوْتَ)
اُوْتُمِنَ : وہ امین بنایا گیا۔ اِئْتِمَانٌ مصدر
اُوْتَيَنَّ : مجھ کو ضرور دیا جائیگا (لَاُوْتَيَنَّ)
اَوْتَادٌ : میخیں۔ کھونٹیاں۔ وَتَدٌ واحد
اُوْتُوْا : اُن کو دیا گیا۔ اِيْتَاءٌ مصدر
اُوْتِيَ : اُس کو دیا گیا۔ اِيْتَاءٌ مصدر
اُوْتِيَتْ : اُس (عورت) کو دیا گیا۔ اِيْتَاءٌ مصدر
اُوْتِيْتَ : تُو دیا گیا۔ اِيْتَاءٌ مصدر
اُوْتِيْتُ : مجھ کو دیا گیا۔ اِيْتَاءٌ مصدر
اُوْتِيْتُمْ : تم کو دیا گیا۔ اِيْتَاءٌ مصدر
اُوْتِيْنَا : ہم کو دیا گیا۔ اِيْتَاءٌ مصدر
اَوْثَانٌ : کئی بُت۔ وَثَنٌ واحد
اَوْجَسَ : اُس نے محسوس کیا۔ معلوم کیا۔ پایا۔ اِيْجَاسٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَوْجَفْتُمْ: تم نے گھوڑا دوڑایا۔ پیچھا کیا۔ گھوڑا ڈالا۔ اِیْجَافٌ مصدر

اَوْحٰی: اُس نے وحی کی۔ حکم بھیجا۔ دل میں ڈالا۔

اُوْحِیَ: وحی کی گئی۔ حکم بھیجا گیا۔ اِیْحَاءٌ مصدر

اَوْحَیْتُ: میں نے وحی کی۔ دل میں ڈالا۔

اَوْحَیْنَا: ہم نے وحی کی۔ حکم بھیجا۔

اَوْدِیَةٌ: نالے۔ وادیاں۔ وَادِیٌ واحد

اُوْذُوْا: اُن کو ستایا گیا۔ تکلیف دی گئی۔ اِیْذَاءٌ مصدر

اُوْذِیَ: اُس کو ستایا گیا۔ اُسے تکلیف دی گئی۔ اِیْذَاءٌ مصدر

اُوْذِیْنَا: ہم کو ستایا گیا۔ تکلیف دی گئی۔ اِیْذَاءٌ مصدر

اَوْرَثَ: اُس نے وارث کیا۔ اِیْرَاثٌ مصدر

اُوْرِثْتُمُوْ: تم وارث بنائے گئے۔

اَوْرَثْنَا: ہم نے وارث بنایا۔ میراث دی۔ ہاتھ لگایا۔ نائب بنایا۔

اُوْرِثُوْا: وہ وارث بنائے گئے۔ نائب بنائے گئے۔ اِیْرَاثٌ مصدر

اَوْرَدَ: اُس نے پہنچایا۔ لا ڈالا۔ اِیْرَادٌ مصدر

اَوْزَارٌ: گناہ۔ بوجھ۔ وِزْرٌ واحد

اَوْزِعْ: تُو توفیق دے۔ تُو نصیب کر۔ الہام کر۔ اِیْزَاعٌ مصدر

اَوْسَطُ: بیچ والا۔ درمیانی۔ افضل۔

اَوْصٰی: تاکید کی۔ وصیت کی۔

اَوْضَعُوْا: اُنھوں نے گھوڑے دوڑائے۔ گھوڑے ڈال دیے۔ اِیْضَاعٌ مصدر

اَوْعٰی: اُسنے نگاہ رکھی۔ سینت کر رکھا۔ بند کر رکھا۔ اِیْعَاءٌ مصدر

اَوْعِیَةٌ: روپے اور سامان رکھنے کی چیز۔ برتن۔ وِعَاءٌ واحد

اَوْفِ: تُو پورا دے۔ پورا کر۔ اِیْفَاءٌ مصدر

اُوْفِ: میں پورا کرونگا۔ اِیْفَاءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَوْفٰی : بہت پورا کرنے والا۔ خوب پورا۔ اُس نے پورا کیا۔

اَوْفُوْا : تم پورا کرو۔ اِیْفَاءٌ مصدر

اَوْقَدَ : اُس نے روشن کیا۔ سُلگایا۔

اَوْقِدْ : تُو روشن کر۔ سُلگا۔ جلا۔

اَوْقَدُوْا : اُنھوں نے سُلگایا۔ اِیْقَادٌ مصدر

اَوَّلُ : پہلا۔ اوّل۔ پیشوا۔ اَوَائِلُ جمع

اُوْلٰی : پہلی۔ عالمِ دنیا۔ اُوَلُ جمع

اَوْلٰی : بہتر۔ زیادہ مستحق۔ قریب تر۔

اَوْلٰی (ب) : بہت مہربان۔ شفقت والا۔

اَوْلٰی (ل) : بُرائی۔ خرابی۔ مصیبت۔

اُولَآءِ : سب کے سب۔ (اسمِ اشارہ)

اُولٰٓئِكَ : وہ سب۔ (جمع مذکر و مؤنث)

اُولَاتِ : صاحبات۔ والیاں۔

ذَاتٌ واحد۔ اُولُوْ مذکر۔

اُولَاتُ الْاَحْمَالِ : حمل والیاں۔

اَوْلَادٌ : بچے۔ لڑکے۔ وَلَدٌ واحد

اَوْلٰی لَكَ : تیرے لیے خرابی ہے۔

اُولُوْ : صاحب۔ والے۔ ذُوْ واحد

اُولِی النَّعْمَةِ : عیش و آرام والے۔

اَوَّلُوْنَ : اگلے۔ پہلے۔ اَوَّلُ واحد

اَوْلِيَآءُ : یار و مددگار۔ دوست۔ احباب۔ وَلِیٌّ واحد

اَوْلَيَانِ : دو نزدیک تر۔ اَوْلٰی کا تثنیہ

اَوَّلِيْنَ : پہلے۔ اگلے۔ اَوَّلُ واحد

اَوْهَنُ : بہت بودا۔ سب سے کمزور۔

اَوٰی : وہ اُترا۔ جا بیٹھا۔ اَوِیٌّ مصدر

اَوَيْنَا : ہم اُترے۔ ہم فروکش ہوئے۔

اَهَانَ : اُس نے ذلیل کیا۔ اِهَانَةٌ مصدر

اَهَانَنِ : اُس نے مجھ کو ذلیل و خوار کیا۔ (ی آخر سے گر گئی)

اَهَبُ : میں دوں۔ بخشوں۔ هِبَةٌ مصدر

اِهْبِطْ : تو اُتر۔ تُو گر۔ تُو داخل ہو۔

اِهْبِطَا : تم دونوں اُترو۔ داخل ہو۔ گرو۔ هُبُوْطٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِهْبِطُوْا: تم اُترو۔ داخل ہو۔ گرو۔

اِهْتَدٰى: اُس نے راہ پائی۔ ہدایت یافتہ ہوا۔ اِهْتِدَآءٌ مصدر

اِهْتَدَوْا: اُنھوں نے راہ پائی۔ ہدایت یافتہ ہوئے۔ اِهْتِدَآءٌ مصدر

اِهْتَدَيْتُ: میں نے راہ پائی۔

اِهْتَدَيْتُمْ: تم نے راہ پائی۔

اِهْتَزَّتْ: اُس نے تر و تازہ ہو کر حرکت کی۔ لہلہائی۔ اِهْتِزَازٌ مصدر

اُهْجُرْ: تُو چھوڑ دے۔ دور رہ۔

اُهْجُرُوْا: تم چھوڑ دو۔ الگ کرو۔ هَجْرٌ مصدر

اِهْدِ: تُو راہ دکھا۔ راہ بتا۔ هِدَايَةٌ مصدر

اَهْدٰى: بہت راہ پانے والا۔

اِهْدُوْا: تم راہ بتاؤ۔ ہدایت دو۔

اَهْدِيْ: میں راہ بتاؤں گا۔ هِدَايَةٌ مصدر

اَهُشُّ: میں پتے جھاڑتا ہوں هَشٌّ مصدر

اُهِلَّ: وہ پکارا گیا۔ اُس پر نام لیا گیا۔

اَهْلٌ: اولاد۔ دوست۔ لائق۔ والا۔ مصاحب۔ اَهْلُوْنَ۔ اَهَالِيْ جمع

اَهِلَّةٌ: نئے چاند۔ هِلَالٌ واحد

اَهْلَكَ: اُس نے غارت کیا۔ نابود کیا۔ ہلاک کیا۔ اِهْلَاكٌ مصدر

اَهْلَكَتْ: اُس نے تباہ کر دیا اِهْلَاكٌ مصدر

اَهْلَكْتَ: تو نے ہلاک کیا۔ اِهْلَاكٌ مصدر

اَهْلَكْتُ: میں نے ہلاک کیا۔ غارت کر دیا۔ اِهْلَاكٌ مصدر

اَهْلَكْنَا: ہم نے ہلاک کیا۔ برباد کر دیا۔

اُهْلِكُوْا: وہ ہلاک کر دیے گئے۔ غارت کر دیے گئے۔

اَهْلُوْنَا: ہمارے گھر والے۔ ہمارے بیوی بچے۔

اَهْلِيْكُمْ: تمہارے (اپنے) گھر والے۔ بیوی بچے۔

اَهْلِيْهِمْ: انکے (اپنے) گھر والے۔ بیوی بچے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَهَمَّتْ : اُس نے فکر میں ڈالا (مؤنث)
اَهْوَآءٌ : خواہشیں۔ هَوٰی واحد
اَهْوٰی : اُس نے گرایا۔ ہلاک کیا۔ دے پٹخا۔ اِهْوَاءٌ مصدر
اَهْوَنُ : بہت ہی آسان۔ زیادہ سہل۔
اِیْ : البتہ ہاں۔ ہاں ہاں (حرفِ ایجاب)
اَیٌّ : کون۔ کس جگہ۔ کوئی۔ کوئی ایک۔ جو کوئی۔ کونسا۔ (حرفِ استفہام)
اِیَابٌ : پھرنا۔ واپس لوٹنا۔ رجوع ہونا۔
اِیَّاكَ : تجھ ہی کو۔ تجھ ہی سے۔ (اِیَّا کلمۂ حصر۔ كَ ضمیر منصوب منفصل)
اِیَّاكُمَا : تم ہی دونوں کو (ضمیر منصوب منفصل)
اِیَّاكُمْ : تم ہی سب کو۔ (ضمیر منصوب منفصل)
اَیَّامٌ : دن۔ یَوْمٌ واحد
اَیَامٰی : بیوہ عورتیں۔ اَیِّمٌ واحد
اَیَّانَ : کب۔ کس وقت۔ (کلمۂ استفہام)
اِیَّانَا : ہم کو ہی۔ (ضمیر منصوب منفصل)

اِیَّاهُ : اُس ہی کو۔ (ضمیر منصوب منفصل)
اِیَّاهُمَا : اُن ہی دونوں کو۔ (ضمیر منصوب منفصل)
اِیَّاهُمْ : اُن ہی کو۔ (ضمیر منصوب منفصل)
اِیَّایَ : مجھ ہی کو۔ مجھ ہی سے۔ (ضمیر منصوب منفصل)
اَیَّةٌ : کون۔ کس جگہ۔ کوئی۔ کوئی سی۔ کوئی ایک۔ کونسی۔ (کلمۂ استفہام)
اِیْتَآءٌ : دینا۔ عطا کرنا۔ حوالہ کر دینا۔
اَیَّتُهَا : اَے۔ (حرفِ ندا۔ مؤنث کے لیے)
اَیْدٍ : طاقت۔ زور۔ اختیار۔ یَدٌ واحد
اَیَّدَ : اُس نے طاقت دی۔ مضبوط کیا۔
اَیَّدْتُّ : میں نے مدد دی۔ قوت پہنچائی۔
اَیَّدْنَا : ہم نے طاقت دی۔ تَاْیِیْدٌ مصدر
اَیْدِیْ : ہاتھ۔ یَدٌ واحد
اَیْقَاظٌ : جاگنے والے۔ بیدار۔ یَقِظٌ واحد
اَیْكَةُ : جنگل کا نام ہے۔ درختوں کا جھنڈ۔
اِیْلَافٌ : خوگر بنانا۔ مانوس کرنا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَیَّمَا : کوئی سی بھی - جونسی بھی - (یہاں اَیٌّ شرطیہ ہے)

اَیْمَانٌ : داہنے ہاتھ - قسمیں - حلف - یَمِیْنٌ واحد -

اِیْمَانٌ : باور کرنا - تسلیم کرنا - امن میں ہونا - امن دینا -

اَیْمَنُ : بالکل داہنی طرف - انتہائی دائیں جانب - بابرکت -

اَیْنَ : کہاں - جہاں - (کلمۂ استفہام)

اَیْنَمَا : جدھر بھی - جہاں کہیں - جس طرف - (کلمۂ شرط)

اَیُّوْبُ : ایک پیغمبر کا نام جو انبیاءِ بنی اسرائیل میں سے تھے - جن کا صبر و شکر مشہور ہے -

اَیُّھَا : اَے - (حرفِ ندا مذکر کیلیے)

ب

بِ : میں - سے - پر - کو - ساتھ - بسبب -

بَآءَ : اُس نے کمایا - اقرار کیا - وہ لوٹا - مستحق ہوا - بَوَاءٌ مصدر

بَآئِسٌ : بدحال - بھوکا - محتاج - مصیبت زدہ - بُؤُسٌ جمع

بِئْسَ : بُرا - خراب - بہت ہی بُرا ہے -

بَآءُوْا : اُنھوں نے کمایا - وہ لوٹے - مستحق ہوئے - بَوَاءٌ مصدر

بَئِیْسٌ : سخت بُرا - بہت ہی خراب -

بَابٌ : دروازہ - اَبْوَابٌ جمع

بَابِلُ : ایک قدیم شہر کا نام جو کوفہ (عراق) کے نزدیک آباد تھا -

بَاخِعٌ : گھونٹنے والا - غم سے خود کو ہلاک کرنے والا - بُخُوْعٌ مصدر

بَادٍ : باہر سے آنے والا - صحرانشین - بُدَّی جمع بَدَاوَۃٌ مصدر

بَادُوْنَ : کھلے اور ویران جنگل میں رہنے والے - بَادِیٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَادِیٌ : ظاہر ظہور۔ کھلا ہوا۔ صحرا نشین۔ بُدُوٌّ مصدر

بَادِیَ الرَّاْیِ : سرسری نظر سے۔ پہلی نظر میں۔

بَارِدٌ : ٹھنڈا۔ خوشگوار۔ بَوَارِدُ جمع

بَارِزَةٌ : کھلی ہوئی۔ ظاہر ہونے والی۔ نکلی ہوئی۔ عیاں۔ بُرُوْزٌ مصدر

بَارِزُوْنَ : نکل کھڑے ہونے والے۔ ظاہر۔ باہر نکلے ہوئے۔ بُرُوْزٌ مصدر

بَارَكَ : اُس نے برکت دی۔ مُبَارَكَةٌ مصدر

بَارَكْنَا : ہم نے برکت دی۔ مُبَارَكَةٌ مصدر

بَارِئٌ : پیدا کرنے والا۔ اللہ کا صفاتی نام۔

بَازِغٌ : چمکنے والا۔ طلوع ہونے والا۔ روشن۔ بُزُوْغٌ مصدر

بَازِغَةٌ : چمکنے والی۔ چمک دار۔ روشن۔

بَاْسٌ : آفت۔ عذاب۔ لڑائی۔ دبدبہ۔

بَاْسَاءُ : سختی۔ بُری حالت۔ مفلسی۔

بَاسِرَةٌ : اُداس۔ بے رونق۔ پریشان حال۔ غمگین۔ بَوَاسِرُ جمع

بَاسِطٌ : پھیلانے والا۔ پھیلائے ہوئے۔

بَاسِطُوْنَ : کھولنے والے۔ پھیلانے والے۔ بڑھانے والے۔ (بَاسِطُوْا)

بَاسِقَاتٌ : اونچے۔ بلند۔ لمبے لمبے۔

بَاشِرُوْا : تم صحبت کرو۔ مباشرت کرو۔

بَاطِلٌ : ناحق۔ جھوٹی بات۔ غلط۔

بَاطِنٌ : چھپا ہوا۔ اندرونی۔ پوشیدہ۔ بُطُوْنٌ مصدر

بَاطِنَةٌ : چھپی ہوئی۔ پوشیدہ۔ مخفی۔

بَاعِدْ : تو دور دور تک کردے۔ مُبَاعَدَةٌ مصدر

بَاغٍ : سرکشی کرنے والا۔ نافرمانی کرنے والا۔ بُغَيَانٌ جمع

بَاقٍ : ہمیشہ رہنے والا۔ باقی رہنے والا۔ بَقَاءٌ مصدر

بَاقِيَنَ : بچے ہوئے۔ باقی رہنے والے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَاقِيَاتٌ : باقی رہنے والیاں ۔ بَاقِيَةٌ واحد
بَاقِيَةٌ : پیچھے رہنے والی ۔ بچ رہنے والی ۔ بَقَاءٌ مصدر
بَالٌ : حال ۔ حالت ۔ بپتا ۔ خبر ۔
بَالِغٌ : پہنچنے والا ۔ بُلُوْغٌ مصدر
بَالِغَةٌ : پہنچنے والی ۔ پوری ۔ بُلُوْغٌ مصدر
بَالِغُوْنَ : پہنچنے والے ۔ (بَالِغُوْ)
بَالِغِيْنَ : پہنچنے والے ۔ (بَالِغِيْ)
بَايِعْ : تو بیعت قبول کر ۔ بیعت لے لے ۔
بَايَعْتُمْ : تم نے معاملہ کیا ۔ تجارت کی ۔
بَثٌّ : حالِ زار ۔ بے قراری ۔ غم واندوہ ۔
بَثَّ : اُس نے بکھیرا ۔ ظاہر کیا ۔ پھیلایا ۔
بِحَارٌ : دریا ۔ سمندر ۔ بَحْرٌ واحد
بَحْرٌ : دریا ۔ سمندر ۔ بِحَارٌ جمع
بَحْرَانِ : دو دریا ۔ بَحْرٌ کا تثنیہ ۔
بَحْرَيْنِ : دو دریا ایک مقام کا نام ۔
بَحِيْرَةٌ : بُت کی نیاز کا جانور یا کان پھٹی ہوئی اونٹنی ۔ بَحَائِرُ جمع
بَخْسٌ : کھوٹا ۔ تھوڑا ۔ معمولی ۔ کم ۔ ناقص ۔
بُخْلٌ : بخیلی کرنا ۔ کنجوسی کرنا ۔
بَخِلَ : اُس نے بخیلی کی ۔ بُخل کیا ۔ کنجوسی کی ۔ بُخْلٌ مصدر
بَخِلُوْا : اُنھوں نے بخیلی کی ۔ کنجوسی کی ۔
بَدَا : ظاہر ہوا ۔ کُھل پڑا ۔ نکلا ۔ بُدُوٌّ مصدر
بَدَاَ : اُس نے شروع کیا ۔ ابتدا کی ۔
بَدَءُوْا : اُنھوں نے شروع کیا ۔ بَدْءٌ مصدر
بَدَاْنَا : ہم نے شروع کیا ۔ ابتدا میں بنایا ۔
بِدَارًا : جلدی کر کے ۔ سرعت سے کام لے کر ۔ مُبَادَرَةٌ مصدر
بَدَتْ : ظاہر ہوگئی ۔ آشکارا ہوگئی ۔
بَدْرٌ : ایک مقام کا نام جو مدینہ سے تین[۳] منزل پر واقع ہے ۔ جہاں ہجرت کے ڈیڑھ برس بعد رسول اللہ صلی اللہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

علیہ وسلم کی لشکرِ کفار سے بڑی لڑائی ہوئی اور آپؐ نے فتح پائی۔ پورا چاند۔ بُدُوْرٌ جمع

بِدْعٌ: نیا۔ نئی ایجاد۔ انوکھا۔ اَبْدَاعٌ جمع

بَدَلٌ: عوض۔ بدلہ۔ اَبْدَالٌ جمع

بَدَّلَ: اُس نے بدل ڈالا۔ تبدیل کر دیا۔ تَبْدِیْلٌ مصدر

بَدِّلْ: تُو بدل دے۔ تبدیل کر دے۔

بَدَّلْنَا: ہم نے بدل دیا۔ بدل ڈالا۔

بَدَّلُوْا: انھوں نے بدل دیا۔ تَبْدِیْلٌ مصدر

بَدَنٌ: تن۔ جسم۔ اَبْدَانٌ جمع

بُدْنٌ: قربانی کے اونٹ گائے۔ بَدَنَۃٌ واحد

بَدْوٌ: گاؤں۔ جنگل۔ صحرا۔ بَوَادٍ جمع

بَدِیْعٌ: نئی طرح بنانے والا۔ بغیر نمونہ کے بنانے والا۔ موجد۔ اللہ کا صفاتی نام۔

بِرٌّ: نیکی۔ بھلائی۔ نیکی کرنا۔

بَرٌّ: نیک۔ جنگل۔ خشکی۔ خوش بخت آدمی۔ اللہ کا صفاتی نام۔ بَرَرَۃٌ بُرُوْرٌ جمع

بَرَّاَ: اُس نے پاک کیا۔ بری کیا۔

بُرَءَآؤُا: بیزار ہونے والے۔ الگ ہونے والے۔ بری ہونے والے۔ بے تعلق ہونے والے۔ بَرِیْءٌ واحد

بَرَآءٌ: بیزار۔ الگ۔

بَرَآءَۃٌ: فارغخطی۔ رخصت۔ خلاصی۔ اجازت۔

بَرْدٌ: ٹھنڈک۔ جاڑا۔

بَرَدٌ: اولے۔ بَرَدَۃٌ واحد

بَرَرَۃٌ: نیک لوگ۔ بَرٌّ واحد

بَرَزَ: وہ نکلا۔ بُرُوْزٌ مصدر

بُرِّزَتْ: وہ نکالی گئی۔ ظاہر کی گئی۔

بَرْزَخٌ: پردہ۔ آڑ۔ رکاوٹ۔ دنیا اور آخرت کا درمیانی عالم۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَرَزُوْا: وہ نکلے۔ بُرُوْزٌ مصدر

بَرْقٌ: بجلی۔ چمک۔ بُرُوْقٌ مصدر

بَرِقَ: چُندھیائی چمکی (صیغہ مذکر)

بَرَكَاتٌ: برکتیں۔ بَرَكَةٌ واحد

بُرُوْجٌ: تاروں کے گھر۔ گنبد۔ قلعے۔ محلّات۔ تاروں کے جمگھٹے۔ بُرْجٌ واحد

ذَاتُ الْبُرُوْجِ: بُرجوں والا۔ تاروں کے جمگھٹے والا۔ گنبدوں والا۔

بُرْهَانٌ: سند۔ روشن دلیل۔ ثبوت۔ بَرَاهِيْنُ جمع

بُرْهَانَانِ: دو سندیں۔ دو دلیلیں۔ دو ثبوت۔ بُرْهَانٌ کا تثنیہ۔

بَرِيْءٌ: بیزار۔ بے تعلق۔ بے گناہ بُرَءَآءُ جمع

بَرِيْئُوْنَ: بیزار ہونے والے۔ بے تعلق ہونے والے۔ بَرِيْءٌ واحد

بَرِيَّةٌ: خلق۔ مخلوقات۔ مخلوق۔ بَرَايَا جمع بَرِيَّةٌ مصدر

بَسٌّ: توڑنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ خلط ملط کرنا۔

بِسَاطٌ: بچھونا۔ فرش۔ فراخ زمین۔

بُسَّتْ: وہ ریزہ ریزہ کر دی گئی۔ آہستہ آہستہ چلائی گئی۔ بَسٌّ مصدر

بَسَرَ: اُس نے تیوری چڑھائی منہ بنایا۔

بَسْطٌ: کشادگی۔ گنجائش۔ کھول دینا۔

بَسَطَ: اُس نے کشادہ کیا۔ پھیلایا۔

بَسْطَةٌ: کشائش۔ وسعت۔ وافر حصہ۔

بَسَطْتَّ: تو نے پھیلایا۔ بڑھایا۔ اٹھایا۔

بَشَرٌ: آدمی۔ ظاہری جسم۔ کھال۔ بدن۔

بُشْرٌ: خوشخبری دینے والیاں۔ بَشِيْرَةٌ واحد

بُشِّرَ: اُسے خوشخبری دی گئی۔ تَبْشِيْرٌ مصدر

بَشِّرْ: تو خوش خبری سنا۔ خبر دے۔

بُشْرٰى: خوشخبری۔ مژدہ۔ بَشَارٰى جمع

بُشْرٰىكُمْ: تم کو خوش خبری ہے۔ تمھیں بشارت ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَشَّرْتُمُوْ: تم نے خوشخبری سُنائی۔
بَشَّرْنَا: ہم نے خوشخبری سُنائی۔
بَشَّرُوْا: اُنھوں نے خوشخبری سُنائی۔
بَشَرَيْنِ: دو آدمی۔ دو انسان۔
بَشِيْرٌ: خوشخبری سُنانے والا۔ بَشَارَةٌ مصدر
بَصَآئِرُ: روشن دلیلیں۔ عبرتیں۔ عقل کی باتیں۔ بَصِيْرَةٌ واحد
بَصَرٌ: آنکھ۔ بینائی۔ اَبْصَارٌ جمع
بَصُرَتْ: اُس نے دیکھا۔ اُسے سُوجھا۔ دکھائی دیا۔ (مؤنث) بَصَارَةٌ مصدر
بَصُرْتُ: میں نے دیکھا۔ مجھے سُوجھا۔ دکھائی دیا۔ نظر آیا۔ بَصَارَةٌ مصدر
بَصَلٌ: پیاز۔ بَصَلَةٌ واحد
بَصِيْرٌ: دیکھنے والا۔ جاننے والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔
بَصِيْرَةٌ: عقل۔ عبرت۔ روشن دلیل۔ حجت۔ بَصَآئِرُ جمع

بِضَاعَةٌ: پونجی۔ سامانِ تجارت۔ بَضَآئِعُ جمع
بِضْعٌ: چند۔ (تین سے نو تک) بِضْعَةٌ مؤنث
بَطَآئِنُ: استر۔ اندر کے کپڑے۔ بِطَانَةٌ واحد
بِطَانَةٌ: رازدار۔ دلی دوست۔ استر۔
بَطَرٌ: اِترانا۔ بے حد خوش ہونا۔ خوشحالی میں سرکشی اور اسراف کرنا۔
بَطِرَتْ: وہ اِترائی۔ اُس نے ناقدری کی۔
بَطْشٌ: سختی سے پکڑنا۔ گرفت۔ پکڑ۔
بَطْشَةٌ: پکڑ۔ گرفت۔ سخت گیری بَطْشٌ مصدر
بَطَشْتُمْ: تم نے پکڑا۔ حملہ کیا۔
بَطَلَ: وہ نابود ہوگیا۔ وہ ضائع ہوا۔ بے کار ہوا۔ بُطْلَانٌ مصدر
بَطَنَ: وہ پوشیدہ ہوا۔ چھپا۔
بَطْنٌ: پیٹ۔ اندرون۔ بُطُوْنٌ جمع
بُطُوْنٌ: پیٹ۔ بَطْنٌ واحد
بَعَثَ: اُس نے بھیجا۔ اٹھایا۔ نکال کھڑا کیا۔ زندہ کیا۔ بَعْثٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَعْثٌ: جی اُٹھنا۔ زندہ کرنا۔ بھیجنا۔
بُعْثِرَ: وہ اٹھایا گیا۔ اُسے الٹ پلٹ کیا گیا۔
بُعْثِرَتْ: وہ اٹھائی گئی۔ زیروزبر کی گئی۔
بَعَثْنَا: ہم نے مقرر کیا۔ ہم نے اٹھا کھڑا کیا۔ ہم نے بھیجا۔ بَعْثٌ مصدر
بُعْدٌ: دُوری۔ فرق۔ فاصلہ۔ پھٹکار۔ لعنت
بَعْدُ: پیچھے۔ بعد میں۔ اس کے بعد۔ پھر۔
بَعِدَتْ: وہ دور ہوگئی۔ اُس پر لعنت ہوئی۔ وہ تباہ ہوگئی۔ بَعَدٌ مصدر
بَعُدَتْ: وہ دور معلوم ہوئی۔ بُعْدٌ مصدر
بَعْضٌ: تھوڑا۔ کوئی چیز۔ کوئی شخص۔ کچھ۔ کسی ایک۔ ایک حصہ۔ چند۔
بَعْلٌ: ایک بُت کا نام۔ خاوند۔ شوہر۔ بُعُوْلَةٌ جمع
بَعُوْضَةٌ: مچھر۔ بَعُوْضٌ جمع
بُعُوْلَةٌ: شوہر۔ بَعْلٌ واحد
بَعِيْدٌ: دُور۔ فاصلہ پر۔ (صفتِ مشبہ)

بَعِيْرٌ: اُونٹ (مذکر و مؤنث)۔ اَبَاعِرُ جمع
بَغٰى: اُس نے ضد کی۔ ظلم کیا۔ زیادتی کی۔ سرکشی کی۔ بَغْيٌ مصدر
بِغَآءٌ: بدکاری۔ زناکاری۔ فحش کام۔
بِغَالٌ: خچر۔ بَغْلٌ واحد
بَغَتْ: اُس نے سرکشی کی۔ زیادتی کی۔
بَغْتَةً: اچانک۔ ناگہاں۔ یکایک۔
بَغْضَآءُ: دشمنی۔ نفرت۔ بُغض۔ کینہ۔
بَغَوْا: اُنھوں نے فساد کیا۔ سرکشی کی۔ ظلم کیا۔ نافرمانی کی۔
بَغِيٌّ: بدکار عورت۔ زنا کرنے والی۔ بَغَايَا جمع
بَغْيٌ: ضد۔ سرکشی۔ نافرمانی۔
بُغِيَ: اُس پر ظلم کیا گیا۔ زیادتی ہوئی۔
بَقَرٌ: بیل۔ گائے (مذکر و مؤنث)
بَقَرَاتٌ: گائیں۔ بَقَرَةٌ واحد
بَقَرَةٌ: ایک گائے۔ بَقَرَاتٌ جمع
بُقْعَةٌ: زمین کا ایک ٹکڑا۔ قطعۂ زمین بِقَاعٌ جمع

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَقْلٌ : ساگ۔ سبزی۔ ترکاری۔ بُقُوْلٌ جمع

بَقِيَ : وہ بچا۔ باقی رہ گیا۔ بِقَاءٌ مصدر

بَقِيَّةٌ : بچا ہوا۔ خیر و فضل کا باقی اثر۔ سمجھ بُوجھ۔

بِكَ : تجھ سے۔ تجھ کو۔ تیرے ساتھ۔ تیرے ذریعہ۔

بَكَّةُ : مکہ معظمہ کا ایک نام۔

بَكَتْ : وہ روئی۔ بُكَاءٌ مصدر

بِكْرٌ : کنواری۔ وہ جانور جس پر کبھی بوجھ نہ لادا ہو۔ غیر مستعمل۔ اَبْكَارٌ جمع

بُكْرَةٌ : صبح سویرے۔ تڑکا۔ علی الصبح۔

بُكْمٌ : گونگے۔ اَبْكَمُ واحد

بِكُمْ : تم سے۔ تم کو۔ تمہارے ساتھ۔ تمہارے ذریعہ

بُكِيٌّ : رونے والے۔ (روتے ہوئے) بَاكِي واحد

بَلْ : یوں نہیں۔ بلکہ (حرفِ تدارک)

بَلٰى : ہاں کیوں نہیں۔ البتہ۔ ہرگز نہیں بلکہ۔ (حرفِ ایجاب)

بَلَاءٌ : امتحان۔ محنت۔ مصیبت۔ آزمائش۔ سختی۔

بِلَادٌ : بستیاں۔ شہر۔ بَلَدٌ واحد

بَلَاغٌ : پہنچا دینا۔ کافی ہونا۔ کفایت

بَلَدٌ : بستی۔ شہر۔ بِلَادٌ۔ بُلْدَانٌ جمع

اَلْبَلَدُ الْاَمِيْنُ : شہر مکہ۔ امن دینے والا شہر۔ امانت والا شہر۔

بَلْدَةٌ : ایک شہر۔ ایک بستی۔

بَلَغَ : وہ پہنچ گیا۔ بالغ ہوا۔

بَلِّغْ : تو پہنچا دے۔ تَبْلِيْغٌ مصدر

بَلَغَا : وہ دونوں پہنچے۔ بُلُوْغٌ مصدر

بَلَغَتْ : وہ پہنچی۔ بُلُوْغٌ مصدر

بَلَغْتَ : تو پہنچا۔ بُلُوْغٌ مصدر

بَلَغْتُ : میں پہنچا۔ بُلُوْغٌ مصدر

بَلَّغْتَ : تو نے پہنچایا۔ تَبْلِيْغٌ مصدر

بَلَغْنَ : وہ پہنچیں۔ بُلُوْغٌ مصدر

بَلَغْنَا : ہم پہنچے۔ بُلُوْغٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَلَغُوْا : وہ پہنچے۔ بُلُوْغٌ مصدر

بَلَوْنَا : ہم نے جانچا۔ آزمایا مصیبت میں ڈالا۔ بَلَآءٌ مصدر

بَلِيْغٌ : اثر کرنے والا۔ پہنچنے والا۔ بہتر۔ اچھی زبان والا۔

بِمَ : کس چیز کے ساتھ کس چیز سے

بِمَا : اس چیز سے (جو)۔ بسبب اس کے کہ۔

بِمَنْ : اس کے ساتھ۔ اس کو۔

بِنَا : ہمارے ساتھ۔ ہم کو۔

بَنٰى : اس نے بنایا۔ تیار کیا۔ بِنَاءٌ مصدر

بِنَآءٌ : عمارت۔ چھت۔ اَبْنِيَةٌ جمع

بَنَّآءٌ : عمارت بنانے والا۔ معمار۔

بَنَاتٌ : بیٹیاں۔ بِنْتٌ واحد

بَنَانٌ : اُنگلی کی پوریں۔ انگلیوں کے سرے۔ بَنَانَةٌ واحد

بَنَوْا : انھوں نے بنایا۔ بِنَاءٌ مصدر

بَنُوْٓا اِسْرَآئِيْلَ : بنی اسرائیل۔

بَنُوْنَ : بیٹے۔ لڑکے۔ اِبْنٌ واحد

بُنَيَّ : میرا چھوٹا سا بیٹا۔ میرا پیارا بیٹا۔

بَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ : حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد۔

بُنْيَانٌ : عمارت۔ دیوار۔ نیو۔

بَنِيْ : اولاد۔ بیٹے اِبْنٌ واحد (بَنِيْنَ کا "ن" اضافت میں گر کر بَنِيْ پڑھا جاتا ہے جیسے بَنِيْٓ اٰدَمَ)

بَنِيْنَ : اولاد۔ بیٹے۔ اِبْنٌ واحد

بَنَيْنَا : ہم نے بنایا تعمیر کیا۔ بِنَاءٌ مصدر

بَوَّاَ : اس نے جگہ دی۔ پناہ دی۔

بَوَّاْنَا : ہم نے ٹھکانا دیا۔ پناہ دی۔ جگہ دی۔ تَبْوِئَةٌ مصدر

بَوَارٌ : تباہی۔ ہلاکت۔ بربادی۔

بُوْرٌ : مرنے والی۔ ہلاک ہونے والی (قوم)۔ بَائِرٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

بُورِكَ : اُسے برکت دی گئی۔ مُبَارَكَةٌ مصدر

بِهٖ : اس (مذکر) کے ساتھ۔

بِهَا : اس (مؤنث) کے ساتھ۔

بُهِتَ : وہ گھبرا گیا۔ ششدر رہ گیا۔ پریشان ہوگیا۔ بَهْتٌ مصدر

بُهْتَانٌ : جھوٹ باندھنا۔ کھلا جھوٹ جس کو سُن کر حیرانی ہو۔

بَهْجَةٌ : رونق۔ خوبی۔ شادابی۔

بِهِمْ : ان (مذکر) کے ساتھ۔ ان کو۔

بِهِمَا : ان دونوں کے ساتھ۔

بِهِنَّ : ان عورتوں کے ساتھ۔

بَهِيجٌ : بارونق۔ خوشگوار۔ تروتازہ۔ سرسبز۔ شاداب۔

بَهِيمَةٌ : چوپایہ جانور۔ چرنے والا جانور مویشی۔ بَهَائِمُ جمع

بِيْ : میرے ساتھ۔ مجھ کو۔

بَيَاتًا : راتوں رات۔ رات کے وقت۔

بَيَانٌ : کھلی بات۔ وضاحت۔ بولنا۔

بَيْتٌ : گھر۔ بُيُوتٌ جمع

بَيَّتَ : اُس نے رات کو صلاح مشورہ کیا۔ تَبْيِيتٌ مصدر

بِئْرٌ : کنواں۔ (مؤنث) آبَارٌ جمع

بِيْضٌ : سفید۔ سفید رنگ کی۔

بَيْضٌ : انڈے۔ بَيْضَةٌ واحد

بَيْضَاءُ : سفید (مؤنث) اَبْيَضُ مذکر

بَيْعٌ : بیچنا۔ خرید و فروخت۔

بِيَعٌ : عیسائیوں کے عبادت خانے۔ گرجے۔ چرچ۔ بِيْعَةٌ واحد

بَيْنَ : بیچ میں۔ درمیان میں۔ میں۔

بَيْنَ اَيْدِيْ : سامنے۔ آگے۔

بَيِّنٌ : ظاہر۔ کھلی ہوئی۔ اَبْيَانٌ جمع

بَيَّنَّا : ہم نے بیان کیا۔ واضح کیا۔

بَيِّنَاتٌ : روشن دلیلیں۔ توضیحات۔ بَيِّنَةٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَيِّنَةٌ : دلیل۔ کھلی ہوئی نشانی۔ گواہی۔ وضاحت۔ بَيِّنَاتٌ جمع

بَيَّنُوْا : اُنھوں نے بیان کر دیا۔ ظاہر کر دیا۔

بَيْنَ يَدَيْ : دونوں ہاتھوں کے آگے۔ سامنے۔

بُيُوْتٌ : گھر۔ بَيْتٌ واحد

ت

تَ : قسم ہے۔ (یہ حرفِ جار صرف اللہ کے نام پر بمعنی قسم آتا ہے)

تَآئِبَاتٌ : توبہ کرنے والیاں۔ باز آنے والیاں۔ تَآئِبَةٌ واحد

تَآئِبُوْنَ : توبہ کرنے والے۔ رجوع کرنے والے۔ تَآئِبٌ واحد

تَابَ اِلٰى : اُس نے توبہ کی۔ رجوع کیا۔ تَوْبَةٌ مصدر

تَابَ عَلٰى : اُس نے توبہ قبول کی۔

تَابَا : اُن دونوں نے توبہ کی۔ رجوع کیا۔

تَابٰى : وہ انکار کرتی ہے۔ وہ (جمع مکسّر) انکار کرتے ہیں۔ اِبَآءٌ مصدر

تَابِعٌ : پیروی کرنے والا۔ تَبَعٌ مصدر

تَابِعِيْنَ : پیروی کرنے والے۔ ساتھ رہنے والے۔ تَبَعٌ مصدر

تَابُوْا : انھوں نے توبہ کی۔ وہ باز آگئے۔

اَلتَّابُوْتُ : صندوقِ اسباب۔ صندوقِ مُردہ

تَاْتِ : وہ آئے۔ اُسے آنا چاہیے (مؤنث) (اَلْتَاْتِ)

تَاْتِ (بِ) : تو لائے گا۔ تو لائے۔

لَمْ تَاْتِ (بِ) : تو نہیں لایا۔ (جب) تو نہیں لاتا ہے۔

تَاْتُنِّيْ بِهٖ : تم اسکو میرے پاس ضرور لاؤ گے (لَتَاْتُنَّنِيْ)

لَمْ تَاْتُوْا (بِ) : تم نہیں لائے۔ (اگر) تم نہیں لاؤ گے۔

تَاْتُوْنَ : تم آتے ہو۔ ارتکاب کرتے ہو۔

تَاْتُوْنَ (بِ) : تم لاتے ہو۔ اِتْيَانٌ مصدر

تَاْتِيْ : تو آتا ہے۔ وہ آتی ہے۔ وہ (جمع مکسّر) آتے ہیں۔

تَاْتِيْ بِ : تو لاتا ہے۔ وہ لاتی ہے۔ وہ (جمع مکسّر) لاتے ہیں۔

تَاْتِيَنَّكُمْ : وہ تمہارے پاس ضرور آئے گی۔ (لَتَاْتِيَنَّكُمْ)

toobaa-elibrary.blogspot.com

تَاْثِیْمٌ : گناہ میں ڈالنا۔ گناہ کی باتیں۔
تَاْجُرُ : تُو نوکری کریگا۔ مزدوری کریگا۔
تَاْخُذُ : تو پکڑتا ہے۔ لیتا ہے۔ وہ پکڑتی ہے۔ لیتی ہے۔ اَخْذٌ مصدر
لَا تَاْخُذْ : وہ نہ پکڑے۔ نہ آئے (مؤنث) تُو مت پکڑ۔ (مذکر)
لَا تَاْخُذُوْا : تم مت پکڑو۔ تم نہ لو۔
تَاْخُذُوْنَ : تم لیتے ہو۔ پکڑتے ہو۔
تَاَخَّرَ : اُس نے دیر کی۔ پیچھے رہا۔
تَاَذَّنَ : اُس نے خبر کر دی۔ اعلان کر دیا۔
تَارَةً : ایک بار۔ ایک مرتبہ۔
تَارِكٌ : چھوڑنے والا۔ تَرْكٌ مصدر
تَارِكُوْا : چھوڑنے والے (ن آخر سے گر گیا)
لَا تَاْسَ : تُو افسوس مت کر۔ اَسًی مصدر
تَاْسِرُوْنَ : تم قید کرتے ہو۔ اَسْرٌ مصدر
لَا تَاْسَوْا : تم مت غم کھایا کرو۔ مت غم کھاؤ۔

تَافِكُ عَنْ : تُو منحرف کر دیگا۔ پھیر دیگا۔ ہٹا دیگا۔ اِفْكٌ مصدر
تَاْكُلُ : وہ کھاتی ہے۔ تُو کھاتا ہے۔ وہ (جمع مکسر) کھاتے ہیں۔
تَاْكُلُوْنَ : تم کھاتے ہو۔ اَكْلٌ مصدر
تَاْلَمُوْنَ : تم بے آرام ہوتے ہو۔ تمہیں تکلیف ہوتی ہے۔ درد میں پڑتے ہو۔
تَالِيَاتٌ : پڑھنے والیاں۔ (جمع مکسر) پڑھنے والے۔ تِلَاوَةٌ مصدر
تَاْمُرُ : تُو حکم کرتا ہے۔ وہ حکم کرتی ہے۔ وہ (جمع مکسر) حکم کرتی ہیں۔
تَاْمُرُوْنَ : تم حکم کرتے ہو۔ اَمْرٌ مصدر
تَاْمُرِيْنَ : تُو حکم کرتی ہے۔ اَمْرٌ مصدر
تَاْمَنُ : تو امانت رکھتا ہے یا تو امین بنائے۔ اَمَانَةٌ مصدر
تَاْمَنَّا : تو ہم پر بھروسہ کرتا ہے۔ اَمْنٌ مصدر
تَاْوِيْلٌ : پھیرنا۔ درست معنی بیان کرنا۔ تعبیر۔ بیان۔ حقیقت۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تُبْ عَلَيْ : تُو معاف کردے۔ توبہ قبول کرلے
تَبَّ : وہ ہلاک ہوگیا۔ ٹوٹ گیا۔ تَبَابٌ مصدر
تَبَابٌ : ہلاکت۔ بربادی۔ دائمی نقصان
تَبَارٌ : ہلاکت۔ ہلاک کرنا۔ برباد ہونا۔
تَبَارَكَ : وہ بڑی برکت والا ہے۔ بڑا بابرکت ہے۔ تَبَارُكٌ مصدر
لَا تُبَاشِرُوْا : تم مت مباشرت کرو۔
تَبَايَعْتُمْ : تم نے خرید و فروخت کی۔
تُبْتُ : میں نے توبہ کی۔ رجوع کیا۔
تَبَّتْ : وہ ٹوٹ گئی۔ ہلاک ہوگئی۔
تَبَّتْ يَدَآ : دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے۔
لَا تَبْتَئِسْ : تو غمگین مت ہو۔ افسوس مت کر۔
تُبْتُمْ : تم نے توبہ کی۔ رجوع کیا۔
تَبْتَغُوْنَ : تم چاہتے ہو۔ ڈھونڈتے ہو۔
تَبْتَغِيْ : تُو چاہتا ہے۔ تُو تلاش کرے۔
تَبَتَّلْ : تُو دنیا سے الگ ہوجا۔ بے تعلق ہوجا۔ تَبَتُّلٌ مصدر
تَبْتِيْلٌ : سب سے کٹ کر اللہ کی عبادت کرنا۔ اخلاص پیدا کرنا۔
لَا تَبْخَسُوْا : تم مت کم دینے لگو۔ مت گھٹاؤ۔
تَبْخَلُوْا : تم بخیلی کرتے ہو۔ کنجوسی کرتے ہو۔
تُبْدَ : (اگر) وہ ظاہر کردی جائیں۔ وہ ظاہر کردی جائیں گی
تُبْدُوْا : (اگر) تم ظاہر کرو۔ (اِنْ تُبْدُوْا)
تَبَدَّلَ : تُو بدل لے۔ بدل ڈالے۔
تُبَدَّلُ : وہ بدلی جائیگی۔ تَبْدِيْلٌ مصدر
تُبْدُوْنَ : تم ظاہر کرتے ہو۔ ظاہر کروگے۔ اِبْدَاءٌ مصدر
تُبْدِيْ : وہ ظاہر کردیتی۔
تَبْدِيْلٌ : بدلنا۔ بدل ڈالنا۔ تبدیلی۔
لَا تُبَذِّرْ : تُو مت بکھیر۔ مت فضول خرچی کر۔
تَبْذِيْرٌ : فضول خرچی کرنا۔ بیجا خرچ کرنا۔
تَبَرَّاَ : وہ الگ ہوا۔ بیزار ہوا۔ تَبَرُّءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

تُبْرِئُ: تُو اچھا کرتا ہے۔ تندرست کرتا ہے۔ اِبْرَاءٌ مصدر

تَبَرَّأْنَا: ہم بیزار ہو گئے۔ تَبَرُّءٌ مصدر

تَبَرَّءُوْا: وہ بیزار ہوئے۔ بے تعلق ہوئے۔ تَبَرُّءٌ مصدر

تَبَرُّجٌ: دکھلانا۔ بناؤ سنگھار۔ دِکھاوا۔

لَا تَبَرَّجْنَ: تم دکھاتی مت پھرو۔ بن سنور کر مت نکلو۔

تَبَّرْنَا: ہم نے ہلاک کر دیا۔ تَتْبِیْرٌ مصدر

تَبَرُّوْا: (کہ) تم بھلائی کرو۔ احسان کرو یا کرتے ہو۔ بِرٌّ مصدر

لَا تَبْسُطْ: تو مت پھیلا۔ مت کشادہ کر۔

تُبْسَلَ: وہ گرفتار کی جائے۔ عذاب میں ڈالی جائے۔ اِبْسَالٌ مصدر

تَبَسَّمَ: وہ مسکرایا۔ تَبَسُّمٌ مصدر

تُبَشِّرَ: (کہ) تُو خوشخبری سُنائے۔

تُبَشِّرُوْنَ: تم خوشخبری سُناتے ہو۔

تُبْصِرُ: تُو دیکھے گا۔ اِبْصَارٌ مصدر

تَبْصِرَةً: سمجھانے کی چیز۔ سُجھانے کی چیز۔ تَبْصِیْرٌ مصدر

تُبْصِرُوْنَ: تم دیکھتے ہو اِبْصَارٌ مصدر

لَا تُبْطِلُوْا: تم مت ضائع کرو۔ مت بیکار کرو۔ اِبْطَالٌ مصدر

تُبَّعٌ: یمن کے اُس بادشاہ کا لقب ہے جو حضرموت، سبا اور حمیر پر قابض تھا۔ تَبَابِعَةٌ جمع

تَبَعٌ: پیروی کرنے والے۔ تَابِعٌ واحد

تَبِعَ: وہ تابع ہوا۔ اُس نے پیروی کی۔

تُبْعَثُنَّ: تم ضرور اٹھائے جاؤ گے (لَتُبْعَثُنَّ)

تُبْعَثُوْنَ: تم کھڑے کیے جاؤ گے۔ اٹھائے جاؤ گے۔ بَعْثٌ مصدر

تَبِعُوْا: وہ تابع ہوئے۔ انھوں نے پیروی کی۔ تَبَعٌ مصدر

لَا تَبْغِ: تُو مت چاہ۔ مت خواہش کر۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَا تَبْغُوْا : تم مت چاہو۔ مت تلاش کرو۔
تَبْغُوْنَ : تم چاہتے ہو۔ بُغَاءٌ مصدر
تَبْغِیْ : وہ سرکشی کرتی ہے۔ زیادتی کرتی ہے۔
تُبْقِیْ : وہ باقی رکھے گی۔ باقی چھوڑتی ہے۔
تَبْکُوْنَ : تم روتے ہو۔ بُکَاءٌ مصدر
تُبْلٰی : وہ آزمائی جائے گی۔ جانچی جائیگی۔
وہ (جمع مکسر) منکشف کیے جائیں گے۔
تَبْلُغُ : تو پہنچے گا۔ پہنچتا ہے۔ بُلُوْغٌ مصدر
تُبَلِّغُ : تو پہنچائیگا یا پہنچاتا ہے۔
تَبْلُغُوْا : (تاکہ) تم پہنچو۔ پہنچتے رہو۔
تَبْلُوْا : وہ آزمائے گی۔ جانچے گی۔
تُبْلَوُنَّ : تم ضرور آزمائے جاؤ گے۔ (لَتُبْلَوُنَّ)
تَبْنُوْنَ : تم بناتے ہو۔ تعمیر کرتے ہو۔
تَبُوْءَ : تو رجوع کرے۔ حاصل کرے۔
اقرار کرے۔ بَوْءٌ مصدر
تُبَوِّئُ : تو جگہ بناتا ہے۔ ٹھکانا بتلاتا ہے۔
تَبَوَّاَ : تم دونوں ٹھیراؤ۔ جگہ تیار کرو۔
جگہ مقرر کرو۔ تَبَوُّءٌ مصدر
تَبَوَّؤُ : انھوں نے جگہ پکڑی۔ ٹھکانا بنایا
تَبُوْرُ : وہ ہلاک ہوگی۔ مٹ جائیگی۔
بَوَارٌ مصدر
تَبْهَتُ : وہ بھونچکا کر دیگی۔ ہوش اڑا دیگی۔
تِبْیَانٌ : پورا پورا بیان۔ پوری وضاحت۔
تَبِیْدُ : وہ خراب ہوگی۔ برباد ہوگی۔
تَبْیَضُّ : وہ سفید ہونگی۔ وہ (جمع مکسر)
سفید ہونگے۔ اِبْیِضَاضٌ مصدر
تَبِیْعٌ : انتقام لینے والا۔ پیچھا کرنے والا۔
تَبَیَّنَ : وہ ظاہر ہوا۔ کھل گیا۔
تَبَیَّنَتْ : وہ جان گئی۔ وہ (جمع مکسر)
جان گئے۔ اُن پر ظاہر ہو گیا۔
تُبَیِّنُنَّ : تم ضرور بیان کروگے (لَتُبَیِّنُنَّ)
تَبَیَّنُوْا : تم دریافت کرو۔ تحقیق کرو۔
لَا تَتَبَدَّلُوْا : تم مت بدلو۔ تَبَدُّلٌ مصدر
تَتْبَعُ : وہ پیچھے پیچھے آئے گی۔
تَتَّبِعَ : تو پیروی کرے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَاتَتَّبِعَانِّ : تم دونوں ہرگز پیروی مت کرو

لَاتَتَّبِعُوْا : تم مت پیروی کرو۔

تَتَّبِعُوْنَ : تم پیچھے چلتے ہو۔ پیروی کرتے ہو۔ اِتِّبَاعٌ مصدر

تَتْبِیْبٌ : غارت کرنا۔ توڑنا۔ برباد کرنا۔ ہمیشہ نقصان میں رہنا۔

تَتْبِیْرٌ : ہلاک کرنا۔ ویران کرنا۔

تَتَجَافٰی : وہ الگ ہو جاتی ہے۔ علیحدہ رہتی ہے یا ہیں۔ تَجَافِیٌ مصدر

تَتَّخِذُ : تو پکڑتا ہے۔ لیتا ہے۔ اپناتا ہے۔ اِتِّخَاذٌ مصدر

لَاتَتَّخِذُوْا : تم مت بناؤ۔ تم مت پکڑو۔ اِتِّخَاذٌ مصدر

تَتَّخِذُوْنَ : تم پکڑتے ہو۔ لیتے ہو۔

تَتَذَکَّرُوْنَ : تم نصیحت پکڑتے ہو۔ تم سوچ بچار کرتے ہو۔ خیال کرتے ہو۔ تَذَکُّرٌ مصدر

تَتْرَا : پے در پے۔ لگاتار۔ یکے بعد دیگرے۔

تَتْرُکُ : تو چھوڑیگا۔ تو چھوڑے۔

تُتْرَکُوْا : تم چھوڑے جاؤ۔ تمہیں چھوڑ دیا جائے۔

تُتْرَکُوْنَ : تم چھوڑ دیے جاؤ گے۔

لَاتَتَفَرَّقُوْا : تم الگ الگ نہ ہو جاؤ۔ متفرق مت ہو

تَتَفَکَّرُوْا : (یہ کہ) تم غور کرو۔ فکر کرو۔

تَتَفَکَّرُوْنَ : تم دھیان کرتے ہو۔ سوچتے ہو۔ (تاکہ) تم غور کرو۔

تَتَقَلَّبُ : وہ الٹ دی جائیگی۔ وہ (جمع مکسر) الٹ دیے جائیں گے۔

تَتَّقُوْا : تم بچتے رہو۔ ڈرتے رہو۔ پرہیزگار رہے۔

تَتَّقُوْنَ : تم بچو گے۔ تم ڈرو گے۔ تم بچتے ہو۔ ڈرتے ہو۔ اِتِّقَاءٌ مصدر

تَتَکَبَّرَ : تو بڑائی کرے۔ سرکشی کرے۔

تُتْلٰی : وہ پڑھی جاتی ہے یا ہیں۔

تَتَلَقّٰی : وہ لینے آئے گی۔ وہ (جمع مکسر) ملاقات کریں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تَتْلُوْا : تُو پڑھتا ہے۔ وہ پڑھتی ہے۔
تَتْلُوْنَ : تم پڑھتے ہو۔ تِلَاوَۃٌ مصدر
تَتَمَارٰی : تُو جھٹلاتا ہے۔ انکار کرتا ہے۔ جھگڑتا ہے۔ تُو شک کریگا۔
لَا تَتَمَنَّوْا : تم مت آرزو کرو۔ مت چاہو۔
لَا تَتَنَاجَوْا : تم کانا پھوسی مت کرو۔ تم سرگوشی مت کرو۔ تَنَاجٍ مصدر
تَتَنَزَّلُ : وہ اُترتی ہے۔ وہ (جمع مکسر) اُترتے ہیں۔
تَتُوْبَا : تم دونوں توبہ کرتی ہو۔ تم دونوں باز آجاؤ۔ تَوْبَۃٌ مصدر
تَتَوَفّٰی : وہ (جمع مکسر) مارتے ہیں۔ جان نکالتے ہیں۔ تَوَفٍّ مصدر
تَتَوَلَّوْا : (اگر) تم پھر جاؤ گے۔ رُوگردانی کروگے۔
لَا تَتَوَلَّوْا : تم دوستی مت کرو۔
لَا تَتَوَلَّوْا عَنْ : تم منہ نہ پھیرو۔ روگردانی مت کرو۔
تَثْبِیْتٌ : ثابت کرنا۔ برقرار رکھنا۔
تَثْرِیْبٌ : الزام۔ ملامت کرنا۔
تَثْقَفَنَّ : تُو (کبھی) پائے۔ ثَقْفٌ مصدر
تُثِیْرُ : وہ اُبھارتی ہے۔ جوتتی ہے۔
تُجَادِلُ : تُو جھگڑتا ہے۔ وہ جھگڑتی ہے۔
لَا تُجَادِلْ : تُو مت جھگڑ۔ مُجَادَلَۃٌ مصدر
لَا تُجَادِلُوْا : تم مت جھگڑو۔
تُجَادِلُوْنَ : تم جھگڑتے ہو۔ مُجَادَلَۃٌ مصدر
تِجَارَۃٌ : بیوپار۔ سوداگری۔ تجارت۔
تَجْئَرُوْنَ : تم چلّاتے ہو۔ تم فریاد کرتے ہو۔
تُجَاهِدُوْنَ : تم جہاد کرتے ہو۔
تَجْتَنِبُوْا : (کہ) تم بچو گے۔ اجتناب کروگے۔
تَجِدُ : وہ پائیگی۔ تُو پائے گا۔ وُجُوْدٌ مصدر
لَنْ تَجِدَ : تو ہرگز نہیں پائیگا۔ تو ہرگز نہ پاسکے گا۔
لَتَجِدَنَّ : تو ضرور پائے گا۔ وِجْدَانٌ مصدر
تَجِدُوْا : تم (اگر نہ) پاؤ۔ تم پاؤ گے۔
تَجِدُوْنَ : تم پاؤ گے۔ تم پاتے ہو۔
تُجْرِمُوْنَ : تم گناہ کرتے ہو۔ جرم کرتے ہو۔
تَجْرِیْ : وہ بہتی ہے۔ جاری ہے۔ چلتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تَجْرِيَانِ : وہ دونوں بہتی ہیں۔ جَرَيَانٌ مصدر

تُجْزٰى : اُس کو بدلہ دیا جائے گا (مؤنث) تجھ کو بدلہ دیا جائیگا۔ جَزَآءٌ مصدر

تُجْزَوْنَ : تم کو بدلہ دیا جائے گا۔

تَجْرِيْ : وہ کام آئیگی۔ بدلہ ہو جائیگی۔

لَا تَجَسَّسُوْا : تم جاسوسی مت کرو۔ بھید مت نکالو۔

تَجْعَلُ : تُو ٹھیراتا ہے۔ تو بنائے گا۔

لَا تَجْعَلْ : تُو مت بنا۔ تُو مت کر۔

تَجْعَلُوْا : (کہ) تم بناؤ۔ تم بنانے لگو۔ تم کرو۔ تم کرنے لگو۔

تَجْعَلُوْنَ : تم ٹھیراتے ہو۔ بناتے ہو۔

تَجَلّٰى : وہ روشن ہوا۔ ظاہر ہوا۔ جلوہ افروز ہوا۔ اُس نے تجلّی کی۔

تَجْمَعُوْا : تم جمع کرنے لگو۔ تم اکٹھا کرو۔

تَجُوْعَ : (کہ) تُو بھوکا ہوگا۔ تجھے بھوک لگے۔

تَجْهَرُ : تُو پکارتا ہے۔ آواز بلند کرتا ہے۔

لَا تَجْهَرُوْا : تم مت پکارو۔ مت آواز بلند کرو۔ جَهْرٌ مصدر

تَجْهَلُوْنَ : تم جہالت کرتے ہو۔ بیوقوفی کرتے ہو۔

تُحَآجُّوْنَ : تم جھگڑتے ہو۔ حجّت بازی کرتے ہو۔

تَحَآضُّوْنَ : تم آپس میں تاکید کرتے ہو۔ رغبت دلاتے ہو۔

تَحَاوُرٌ : سوال و جواب کرنا۔ گفتگو۔

تُحْبَرُوْنَ : تمھاری آؤ بھگت کی جائے گی۔ تم خوش حال کیے جاؤ گے۔ تمہاری عزت کیجائیگی۔ حَبْرٌ مصدر

تَحْبِسُوْنَ : تم بند کرتے ہو۔ قید کرتے ہو۔ روک رکھو۔

تَحْبَطَ : وہ مٹ جائے۔ وہ (جمع مکسر اکارت ہو جائیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تُحِبُّوْا: (کہ) تم دوست رکھو۔ پسند کرو۔
تُحِبُّوْنَ: تم دوست رکھتے ہو۔ تم محبت کرتے ہو۔ پسند کرتے ہو یا کرو گے۔
تَحْتَ: نیچے۔ (فَوْقَ کی ضد)
تُحَدِّثُ: وہ بتائے گی۔ خبر دے گی۔
تُحَدِّثُوْنَ: تم بیان کرتے ہو۔ کہہ دیتے ہو۔ تَحْدِیْثٌ
تَحْذَرُوْنَ: تم ڈرتے ہو۔ تم بچتے ہو۔
تَحْرُثُوْنَ: تم بوتے ہو۔ حَرْثٌ مصدر
تَحْرِصُ: تو للچاتا ہے (کہ) تو حرص کرے۔
لَا تُحَرِّكْ: تو مت ہلا۔ تو حرکت مت دے۔ تَحْرِیْكٌ مصدر
تُحَرِّمُ: تو حرام کرتا ہے۔ تَحْرِیْمٌ مصدر
لَا تُحَرِّمُوْا: تم حرام مت ٹھیراؤ۔
تَحَرَّوْا: انھوں نے قصد کیا۔ وہ چلے۔ تَحَرِّیٌ مصدر
تَحْرِیْرٌ: آزاد کرنا۔ لکھنا۔
لَا تَحْزَنْ: تو غم نہ کھا۔ پریشان مت ہو۔
لَا تَحْزَنَ: (تاکہ) وہ (عورت) غمگین نہ ہو۔
لَا تَحْزَنُوْا: تم غم نہ کھاؤ۔ رنجیدہ مت ہو۔
تَحْزَنُوْنَ: تم غم کھاؤ گے۔ غمگین ہو گے۔
لَا تَحْزَنِیْ: تو غم مت کھا۔ (مؤنث)
تُحِسُّ: تو آہٹ پاتا ہے۔ محسوس کرتا ہے۔
تَحْسَبُ: تو سمجھتا ہے۔ تو گمان کرتا ہے۔ خیال کرتا ہے۔ حِسْبَانٌ مصدر
لَا تَحْسَبَنَّ: تو ہرگز گمان نہ کر۔ خیال نہ کر۔
لَا تَحْسَبُوْا: تم گمان مت کرو۔
تَحْسَبُوْا: (تاکہ) تم گمان کرو۔ خیال کرو۔
تَحْسَبُوْنَ: تم خیال کرتے ہو۔ تم گمان کرتے ہو۔ حِسْبَانٌ مصدر
تَحْسُدُوْنَ: تم حسد کرتے ہو۔ جلتے ہو۔
تَحَسَّسُوْا: تم ڈھونڈو۔ تلاش کرو۔
تُحْسِنُوْا: (اگر) تم نیکی کرو۔ اِحْسَانٌ مصدر
تَحُسُّوْنَ: تم کاٹتے ہو۔ قتل کرتے ہو۔
تُحْشَرُوْنَ: تم جمع کیے جاؤ گے۔
تَحَصُّنٌ: گناہ سے محفوظ رہنا۔ پاک دامن رہنا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تُحْصِنَ: (تاکہ) وہ بچائے۔ بچاؤ کرے۔ محفوظ رکھے۔

تُحْصِنُوْنَ: تم روک رکھو گے۔ محفوظ کر لو گے (برائے بیج)

تُحْصُوْا: تم گنو گے۔ پورا کر و گے۔ نباہ سکو گے۔

لَمْ تُحِطْ: تُو نے احاطہ نہیں کیا۔ گھیرا نہیں۔

تَحْکُمُ: تُو حکم کریگا۔ تو حکم کرے۔

تَحْکُمُوْا: (کہ) تم حکم کرو۔ فیصلہ کرو۔

تَحْکُمُوْنَ: تم حکم کرتے ہو۔ ٹھیراتے ہو۔ فیصلہ کرتے ہو۔ حُکْمٌ مصدر

تَحِلُّ: وہ حلال ہوتی ہے۔ حِلٌّ مصدر

تَحُلُّ: اُترے گی۔ نازل ہوگی۔ حُلُوْلٌ مصدر

تَحِلَّةٌ: حلال کرنا۔ کھولنا۔ کھول ڈالنا۔

لَا تَحْلِقُوْا: تم حجامت مت کرو۔

لَا تَحِلُّوْا: تم حلال مت سمجھو۔ اِحْلَالٌ مصدر

تَحْمِلَ: تو ڈالے۔ اُٹھالے۔ سوار کرے۔

تَحْمِلُ: وہ حاملہ ہوتی ہے۔ وہ (جمع مکسر) اٹھاتے ہیں۔ تولادے۔ بوجھ ڈالے۔ حَمْلٌ۔ حِمْلٌ مصدر

لَا تُحَمِّلْ: تُو مت (بوجھ) ڈال۔ تُو مت لاد۔ تَحْمِیْلٌ مصدر

تُحْمَلُوْنَ: تم لادے جاتے ہو۔ اُٹھائے جاتے ہو۔ سوار ہوئے پھرتے ہو۔

لَا تَحْنَثْ: تُو قسم مت توڑ۔ حِنْثٌ مصدر

تَحْوِیْلٌ: بدلنا۔ موڑنا۔ تبدیلی۔

تَحِیَّةٌ: دعائے خیر۔ سلام۔ تَحِیَّاتٌ مصدر

تَحِیْدُ: تو اُچھلتا ہے۔ کنارہ کرتا ہے۔ بھاگتا ہے۔ حَیْدٌ مصدر

لَمْ تُحِیْطُوْا: تم نے نہیں گھیرا۔ احاطہ نہیں کیا۔ تم سمجھ نہ پائے تھے۔

تَحْیَوْنَ: تم جیو گے۔ زندگی گذارو گے۔

تُحْیِیْ: تُو جلاتا ہے۔ زندہ کرتا ہے۔ اِحْیَاءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُؤْمِنٌ : ایمان لانے والا۔ امان دینے والا۔ ایمان دار۔ ماننے والا۔
مُؤْمِنَۃٌ : ایمان لانے والی۔ ایمان دار عورت۔
مُؤْمِنَاتٌ : ایمان لانے والیاں۔ ایمان دار عورتیں۔
مُؤْمِنُونَ : ایمان لانے والے۔ ایمان دار لوگ۔
مُؤْمِنِینَ : ایمان والے مرد۔ ایماندار لوگ۔
مُؤْمِنَیْنِ : دو ایمان والے۔ دو ایماندار آدمی۔ (مُؤْمِنٌ کا تثنیہ)
مُوهِنٌ : سُست کردینے والا۔ کمزور کردینے والا۔ اِیهَانٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُهَاجِرٌ: ہجرت کرنے والا۔ دین کی خاطر وطن چھوڑنے والا۔

مُهَاجِرَاتٌ: ہجرت کرنے والیاں۔

مُهَاجِرِيْنَ: ہجرت کرنے والے۔

مِهَادٌ: فرش۔ بچھونا۔ ٹھکانا۔ ہموار زمین۔ اَمْهِدَةٌ جمع

مُهَانًا: خوار ہوکر۔ ذلیل ہوکر۔ ذلّت کی حالت میں۔

مُهْتَدٍ: راہ پانے والا۔ ہدایت یافتہ۔

مُهْتَدُوْنَ: راہ پانے والے۔ ہدایت یافتہ۔

مُهْتَدِيْ: راہ پانے والا۔ ہدایت یافتہ۔

مُهْتَدِيْنَ: راہ پانے والے۔ اِهْتِدَاءٌ مصدر

مَهْجُوْرٌ: چھوڑا ہوا۔ ناحق۔ بیہودہ۔

مَهْدٌ: گہوارہ۔ بچھونا۔ پست زمین۔ ہموار جگہ۔ مُهُوْدٌ جمع

هَمَّدْتُّ: میں نے مہیا کیا۔ تیار کر دیا۔ درست کر دیا۔ تَهْمِيْدٌ مصدر

هَزْوُمٌ: بھگایا ہوا۔ ہزیمت پایا ہوا۔ شکست خوردہ۔ هَزْمٌ مصدر

هُطِعِيْنَ: دوڑ کر آنے والے۔ تیز دوڑتے ہوئے۔ مُهْطِعٌ واحد

مُهْلٌ: پگھلا ہوا تانبا۔ روغنِ زیتون کی تلچھٹ۔ پیپ۔

مَهِّلْ: ٹوڈھیل دے۔ مہلت دے۔

مَهْلِكٌ: تباہ ہونا۔ ہلاک و برباد ہونے کی جگہ۔

مُهْلِكٌ: ہلاک کرنے والا۔ غارت کرنے والا۔ اِهْلَاكٌ مصدر

مُهْلِكُوْ: ہلاک کرنے والے۔ تباہ کرنے والے۔ (مُهْلِكُوْنَ تھا اضافت کی وجہ سے ن گر گیا)

مُهْلِكِيْ: ہلاک کرنے والے۔ (مُهْلِكِيْنَ تھا۔ اضافت کی وجہ سے ن گر گیا)

toobaa-elibrary.blogspot.com

مُهْلَكِيْنَ: ہلاک کیے ہوئے۔ تباہ و برباد ہونے والے۔ اِهْلَاكٌ مصدر

هَمَا: جب کبھی۔ جو کچھ (اسم شرط ہے مضارع کو جزم دیتا ہے)۔

هَيْلٌ: بھربھرا جیسے ریت۔ ریزہ ریزہ

مُهَيْمِنٌ: محافظ پناہ میں لینے والا نگہبان اللہ کا صفاتی نام۔ (اصل میں مُؤَيْمِنٌ تھا۔ ہمزہ کو "ھ" سے بدلا)۔

مُهِيْنٌ: ذلیل کرنے والا۔ خوار کرنے والا۔ اِهَانَةٌ مصدر

مَهِيْنٌ: حقیر۔ خوار۔ ذلیل۔ مَهَانَةٌ مصدر

مَآءٌ مَّهِيْنٌ: حقیر پانی۔ ناپاک پانی، مراد نطفہ۔

مَيْتٌ: مُردہ۔ مرا ہوا۔ مَوْتٰی۔ اَمْوَاتٌ جمع

مَيِّتٌ: مرنے والا۔ مُردہ۔ بنجر (زمین)۔

مَيْتَةٌ: مُردہ۔ مُردار۔ طبعی موت سے مرا ہوا جانور۔

مَيِّتُوْنَ / مَيِّتِيْنَ: مرنے والے۔ مرے ہوئے۔ مُردہ لوگ۔ مَيِّتٌ واحد

مِيْثَاقٌ: پختہ عہد۔ قول و اقرار۔ پختگی۔ مضبوطی۔ مَوَاثِيْقُ جمع

مِيْرَاثٌ: وراثت۔ ترکہ۔ مالِ مُردہ۔ مال جو پیچھے چھوڑا جائے۔ بچ رہا۔ مَوَارِيْثُ جمع

مِيْزَانٌ: ترازو۔ وزن کی جانے والی چیز۔ مَوَازِيْنُ جمع

مَيْسِرٌ: جُوا۔ جُوا کھیلنا۔

مَيْسَرَةٌ: آسانی۔ کشایش۔ سہولت۔

مَيْسُوْرٌ: آسان۔ نرمی والا۔ يُسْرًا مصدر

مِيْعَادٌ: وعدہ۔ وعدہ کی جگہ۔ مقررہ وقت۔ وقتِ معلوم۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِیقَاتٌ : وقتِ مقررہ۔ میعادِ مقررہ۔ مَوَاقِیتُ جمع

مِیکَالُ : ایک بڑے فرشتہ کا نام جو بارش اور ہواؤں پر مامور ہے۔

مَیْلٌ : ٹیڑھا ہونا۔ ظلم کرنا۔ ہٹ جانا۔ جُھک پڑنا۔ حملہ کرنا۔

مَیْلَةٌ : ایک بار جُھکنا۔ خواہش کرنا۔ حملہ کرنا۔ ٹیڑھا ہونا۔ ہٹ جانا۔

مَیْمَنَةٌ : برکت۔ سعادت۔ داہنی طرف

اَصْحَابُ الْمَیْمَنَةِ : داہنی طرف والے۔ جنّتی لوگ۔

ن

نٓ : یہ حروفِ مقطّعات میں سے ہے اس کے معنی اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہیں

ن : ثقیلہ یا خفیفہ فعل مضارع کے آخر میں لاحق ہو کر تاکید کے معنی پیدا کرتا ہے جیسے لَیَفْعَلَنَّ یا لَیَفْعَلَنْ : وہ البتہ ضرور ضرور کرے گا۔

ن : وقایہ کے کچھ معنی نہیں ہوتے جیسے

اَعْجَبَنِیْ : اُس نے مجھ کو تعجب میں ڈال دیا۔ حیران کر دیا۔

نَا : ہم۔ ہم کو۔ ہمارا۔

نَاٰ : وہ دور ہوا۔ اُس نے پہلو بچایا۔ نَاْیٌ مصدر

نَائِمٌ : سونے والا۔ سویا ہوا۔ نَوْمٌ مصدر

نَآئِمُوْنَ : سونے والے۔ نَائِمٌ واحد

نَاْتِیْ : ہم آتے ہیں۔ چلے آتے ہیں۔ اِتْیَانٌ مصدر

نَاْتِ بِ : ہم لے آتے ہیں۔ اِتْیَانٌ مصدر

نَاْتِیَنَّ بِ : ہم ضرور لائیں گے (لَنَاْتِیَنَّ بِ)

نَاجٍ : رہا ہونے والا۔ نجات یافتہ۔

نَاجَیْتُمْ : تم نے سرگوشی کی۔ مُنَاجَاةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَاْخُذُ : ہم لیتے ہیں یا لینگے۔ پکڑینگے۔
نَادُوْا : تم آواز دو۔ پکارو۔ بُلاؤ۔
نَادٰی : اس نے پکارا۔ بُلایا۔ (مذکر)
نَادَتْ : اُس نے بلایا (مؤنث) نِدَاءٌ مصدر
نَادِمِیْنَ : پچھتانے والے۔ پشیمان ہونے والے۔ نادم ہونے والے۔ نَدَمٌ مصدر
نَادَوْا : انہوں نے بُلایا۔ پکارا۔
نَادِیٌ : مجلس۔ یار دوست (اسم جمع) اَنْدِیَۃٌ جمع
نَادَیْتُمْ : تم نے بلایا۔ پکارا۔ نِدَاءٌ مصدر
نَادَیْنَا : ہم نے پکارا۔ بلایا۔ نِدَاءٌ مصدر
نَارٌ : آگ۔ آگ کی لپٹ۔ نِیْرَانٌ جمع
اَلنَّارُ : دوزخ۔
نَازِعَاتٌ : گھسیٹ لانے والیاں۔ جان نکالنے والیاں۔ مراد وہ فرشتے جو سختی سے کافروں کی جان نکالتے ہیں۔

نَاسٌ : انسان۔ لوگ۔ اِنْسَانٌ واحد
نَاسِکُوْ : عبادت کرنے والے۔ قربانی کرنے والے۔ چلنے والے۔ (نَاسِکُوْنَ تھا۔ اضافت کی وجہ سے ن گر گیا)
نَاشِئَۃٌ : رات کا اٹھنا۔ رات کی عبادت مراد نمازِ تہجد (مصدر بروزن فَاعِلَۃٌ)
نَاشِرَاتٌ : بکھیرنے والیاں۔ پھیلانے والیاں مراد ہوائیں۔ جو ابر کو بکھیرتی ہیں۔
نَاشِطَاتٌ : بند کھولنے والے۔ نکالنے والے مراد رحمت کے فرشتے جو مومن کی جان آسانی سے نکالتے ہیں۔ نَازِعَاتٌ ضد
نَاصِبَۃٌ : کھڑا کرنے والی۔ سخت محنت کرنے والی۔ رنج اٹھانے والی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھکی ماندی۔ نَصَبٌ مصدر

نَاصِحٌ: نصیحت کرنے والا۔ نُصُوحٌ مصدر

نَاصِحُونَ / نَاصِحِينَ: نصیحت کرنے والے۔ اچھی رائے دینے والے۔ نَاصِحٌ واحد

نَاصِرٌ: مدد کرنے والا۔ اَنْصَارٌ جمع

نَاصِرِيْنَ: مدد کرنے والے۔ نَاصِرٌ واحد

نَاصِيَةٌ: پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ چوٹی۔ نَوَاصٍ جمع

نَاضِرَةٌ: تازہ ہونے والی۔ تر و تازہ۔ ہشاش بشاش۔ بارونق۔

نَاظِرَةٌ: دیکھنے والی۔ دیکھنے والی آنکھ۔

نَاظِرِيْنَ: دیکھنے والے۔ انتظار کرنے والے۔ نَاظِرٌ واحد

نَاعِمَةٌ: آسائش میں رہنے والی۔ آسودہ حال۔ آرام کرنے والی۔

نَافَقُوْا: وہ منافق ہوئے۔ اُنہوں نے دغابازی کی۔ نفاق کیا۔ منافقت کی۔ نِفَاقٌ مصدر

نَافِلَةٌ: زیادہ۔ زائد۔ انعام۔ پوتا بخشش۔ غیر واجب۔ نَوَافِلُ جمع

نَاقَةٌ: اُونٹنی۔ نُوْقٌ جمع

نَاقَةُ اللّٰهِ: اللہ کی اونٹنی۔ مراد وہ اونٹنی جو حضرت صالح علیہ السلام کے معجزے سے پہاڑ سے نکلی تھی۔ (اس میں اضافت تشریفی ہے)۔

نَاقُوْرٌ: نقارہ۔ مجازاً صورِ اسرافیلؑ۔ نَوَاقِيْرُ جمع

نَاكِبُوْنَ: ٹیڑھے ہونے والے۔ نَاكِبٌ واحد

نَاكِسُو: سر اوندھا کرنے والے۔ (نَاكِسُوْنَ تھا۔ اضافت کی وجہ سے ن گر گیا)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَاْكُلَ : (کہ) ہم کھائیں۔ اَكْلٌ مصدر

نَاهُوْنَ : منع کرنے والے۔ روکنے والے۔

نَبَّاَ : اس نے خبردار کیا۔ بتایا۔

نَبَاٌ : خبر۔ دریافت۔ واقعہ۔ اَنْبَآءٌ جمع

اَلنَّبَاُ الْعَظِيْمُ : بڑی خبر۔ یعنی قیامت۔

نَبَؤٌ : خبر۔ واقعہ۔ دریافت۔

نَبِّئْ : تو خبر کر دے۔ تَنْبِئَةٌ مصدر

نَبَّاَتْ : اُس نے خبر کر دی۔ ظاہر کر دیا۔ (مؤنث)

نَبَّاْتُ : میں نے خبردار کیا۔ آگاہ کر دیا۔

نَبَاتٌ : گھاس۔ سبزہ۔ پھل پھول۔ درخت۔ اُگنا۔ اُگانا۔

نَبِّئُوْا : تم خبر کرو۔ بتلا دو۔ تَنْبِئَةٌ مصدر

نَبْتَغِيْ : ہم طلب کرتے ہیں۔ ہم آرزو رکھتے ہیں۔ مقصد رکھتے ہیں۔ سروکار رکھتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں

نَبْتَلِيْ : ہم جانچتے ہیں۔ پلٹتے ہیں۔ اِبْتِلَاءٌ مصدر

نَبْتَهِلْ : ہم دعا اور آہ وزاری کریں۔ ہم مباہلہ کریں۔ اِبْتِهَالٌ مصدر

نُبَدِّلَ : ہم بدل ڈالیں۔ بدل کر لے آئیں۔ تَبْدِيْلٌ مصدر

نَبَذَ : اُس نے پھینکا۔ ڈال دیا۔

نُبِذَ : وہ پھینکا گیا۔ نَبْذٌ مصدر

نَبَذْتُ : میں نے پھینکا۔ نَبْذٌ مصدر

نَبَذْنَا : ہم نے پھینکا۔ نَبْذٌ مصدر

نَبَذُوْا : انہوں نے پھینکا۔ ڈال دیا۔

نَبْرَاَ : ہم پیدا کرتے ہیں۔ ہم پیدا کریں۔

لَنْ نَّبْرَحَ : ہم ہرگز جدا نہ ہوں گے۔ ہم لگے بیٹھے رہیں گے۔

نُبَشِّرُ : ہم خوش خبری دیتے ہیں۔

نَبْطِشُ : ہم سختی سے پکڑیں گے۔ بَطْشٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَبْعَثُ: ہم بھیجیں گے۔ ہم اٹھائیں گے۔ بھیجتے ہیں۔ اٹھاتے ہیں۔

نَبْغِیْ: ہم چاہتے ہیں۔ مطلب رکھتے ہیں۔

نَبْلُوْ: ہم جانچیں گے۔ آزماتے ہیں۔ بَلَاءٌ مصدر

نَبْلُوَا: ہم تحقیق کریں۔ جانچ لیں۔

نَبْلُوَنَّ: ہم ضرور آزمائیں گے۔ جانچیں گے (لَنَبْلُوَنَّ)

نُبَوِّءَنَّ: ہم ضرور جگہ دینگے۔ پناہ دینگے۔ ٹھکانا دیں گے۔ (لَنُبَوِّءَنَّ)

نُبُوَّۃٌ: پیغمبری یعنی وہ منصب جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے مخصوص بندے کو لوگوں کی ہدایۃ اور اُن کو پیغامِ الٰہی پہنچانے کے لیے عطا کیا جاتا تھا۔ نبوّت۔

نَبِیٌّ: پیغمبر یعنی حشر و نشر اور مبدأ و معاد کے متعلق خبر دینے والا۔

اَنْبِیَآءُ جمع

نُبَیِّتَنَّ: البتہ ہم رات کو ضرور قتل کریں گے شبخون مارینگے (لَنُبَیِّتَنَّ)

نَبِیُّوْنَ / نَبِیِّیْنَ: پیغمبر لوگ۔

نَبِیٌّ واحد

نُبَیِّنُ: ہم بیان کرتے ہیں۔ تَبْیِیْنٌ مصدر

نَتَبَرَّءَ: ہم بیزار ہوتے ہیں۔ بیزار ہونگے۔

نُتْبِعُ: ہم پیچھے سے لاتے ہیں۔ بعد میں بھیجتے ہیں۔ اِتْبَاعٌ مصدر

نَتَّبِعُ: ہم پیچھے پیچھے چلتے ہیں۔ پیروی کرتے ہیں۔ اِتِّبَاعٌ مصدر

نَتَبَوَّاُ: ہم جگہ پکڑتے ہیں۔ جگہ حاصل کرتے ہیں۔ تَبَوُّءٌ مصدر

نَتَجَاوَزُ: ہم معاف کرتے ہیں۔ دور ہوتے ہیں۔ درگزر کریں گے۔

نَتَّخِذُ: ہم پکڑتے ہیں۔ اختیار کرلیں۔ بنالیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَتَّخِذَنَّ : ہم ضرور پکڑیں گے۔ اختیار کریں گے۔ (لَنَتَّخِذَنَّ)

نُتَخَطَّفُ : ہم اُچک لیے جائیں گے۔

نَتَرَبَّصُ : ہم انتظار کرتے ہیں۔ تَرَبُّصٌ

نَتْرُكُ : ہم چھوڑتے ہیں۔ ہم چھوڑ دیں۔ تَرْكٌ مصدر

نَتَقَبَّلُ : ہم قبول کرتے ہیں۔ تَقَبُّلٌ مصدر

نَتَقْنَا : ہم نے اٹھایا۔ بلند کیا۔ نَتْقٌ مصدر

نَتَكَلَّمُ : ہم بات کرتے ہیں۔ تَكَلُّمٌ مصدر

نَتْلُوْ : ہم پڑھتے ہیں۔ تِلَاوَةٌ مصدر

نَتَنَزَّلُ : ہم اُترتے ہیں۔ تَنَزُّلٌ مصدر

نَتَوَفَّى : ہم جان نکال لیں گے۔ ہم پورا دیں گے۔ ہم موت دیں گے۔ پورا کریں گے۔

نَتَوَكَّلُ : ہم بھروسہ کرتے ہیں۔ اعتماد کرتے ہیں۔ تَوَكُّلٌ مصدر

نُثَبِّتُ : ہم مطمئن رکھتے ہیں۔ برقرار رکھتے ہیں۔ مضبوط کرتے ہیں۔

نَجِّ : تُو نجات دے۔ چھٹکارا دے۔

نَجَا : اُس نے نجات پائی۔ وہ بچا۔ رہا ہوا۔ نَجَاةٌ مصدر

نَجَّى : اُس نے نجات دی۔ بچایا۔ تَنْجِيَةٌ مصدر

نَجَاةٌ : بچاؤ۔ نجات۔ چھٹکارہ۔

نُجَازِي : ہم بدلہ دیتے ہیں۔ مُجَازَاةٌ مصدر

نُجِبْ : ہم جواب دیتے ہیں۔ قبول کرتے ہیں۔ ہم قبول کرلیں۔ اِجَابَةٌ مصدر

نَجِدُ : ہم پاتے ہیں۔ وِجْدَانٌ مصدر

نَجْدَيْنِ : دو گھاٹیاں۔ دو اونچی زمینیں۔ مراد دونوں چھاتیاں یا کفر و ایمان۔ خیر و شر۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَجْزِیْ : ہم بدلہ دیں گے۔ بدلہ دیتے ہیں۔
جَزَاءٌ مصدر

نَجْزِیَنَّ : ہم ضرور بدلہ دیں گے (لَنَجْزِیَنَّ)

نَجَسٌ : پلیدی۔ گندگی۔ پلید۔ ناپاک۔

نَجْعَلَ : ہم بنائیں گے۔ ہم سلوک کریں۔

لَنْ نَّجْعَلَ : ہم ہرگز نہیں بنائیں گے۔ نہیں مقرر کریں گے۔ نہیں متعین کریں گے۔

نَجْمٌ : ستارہ۔ گھاس جو کہ زمین پر پھیلے۔ بوٹیاں۔ جھاڑ۔ نُجُوْمٌ جمع

نَجْمَعُ : ہم جمع کرینگے۔ اکٹھا کرتے ہیں۔

نَجِّنِیْ : تو مجھ کو بچا نکال چھٹکارا دے۔

نَجْوٰی : مشورہ کرنا۔ سرگوشی۔ راز کی بات

نَجَوْتَ : تو نے خلاصی پائی۔ چھٹکارا پایا۔
نَجَاۃٌ مصدر

نُجُوْمٌ : تارے۔ نَجْمٌ واحد

نُجِّیَ : اُسے بچالیا گیا۔ اُسکو نجات دی گئی۔

نَجِیًّا : ہمراز۔ سرگوشی کرنے والا۔ رازداری سے بات کرتے ہوئے۔
(نَجْوٰی سے صفتِ مشبہ)

نَجَّیْنَا : ہم نے بچایا۔ نجات دی۔

نُحَاسٌ : تانبا۔ وہ آگ جس میں دھواں نہ ہو۔

نَحْبٌ : ذمہ۔ نذر۔ عہد۔ حصہ۔ وعدہ۔

نُحَرِّقَنَّ : ہم ضرور جلادیں گے۔ ضرور جھلس دینگے (لَنُحَرِّقَنَّ)

نَحْسٌ : بدبخت۔ نحوست۔ بدنصیبی۔

نَحِسَاتٌ : بُرے۔ نامبارک۔

نَحْشُرُ : ہم اکٹھا کرینگے۔ جمع کریں گے۔

نُحْضِرَنَّ : ہم ضرور سامنے لائینگے۔ ضرور حاضر کرینگے (لَنُحْضِرَنَّ)

نَحْفَظُ : ہم حفاظت کریں گے۔

نَحْلٌ : شہد کی مکھی۔ (اسم جنس)
نَحْلَۃٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

نِحْلَةً : خوشی سے۔ رضامندی سے۔ مہر دینا۔ عطیہ۔ بخشش۔ نِحَلٌ جمع

نَحْمِلُ : ہم اٹھالیں گے۔ ہم ذمہ دار ہونگے۔

نَحْنُ : ہم۔ (ضمیر جمع متکلم) اَنَا واحد

نَحْیٰی : ہم جیتے ہیں۔ زندہ رہتے ہیں۔

نُحْیِیْ : ہم جلاتے ہیں۔ زندہ کرتے ہیں۔ (تاکہ) زندہ کریں۔ بار آور کریں۔ اِحْیَآءٌ مصدر

نُحْیِیَنَّ : ہم ضرور زندگی دیں گے۔ (لَنُحْیِیَنَّ)

نَخَافُ : ہم ڈرتے ہیں۔ ہم کو اندیشہ ہے۔

نَخْتِمُ : ہم مُہر لگا دیں گے۔ خَتْمٌ مصدر

نَخِرَةً : گلی ہوئی (ہڈی) پُرانی بوسیدہ۔ ریزہ ریزہ۔ نُخُرٌ جمع

نَخْرُجَنَّ : ہم (بھی) ضرور نکل جائینگے۔ (لَنَخْرُجَنَّ)

نُخْرِجُ : ہم نکالیں گے۔ نکالتے ہیں۔ اِخْرَاجٌ مصدر

نُخْرِجَنَّ : ہم ضرور نکالیں گے۔ (لَنُخْرِجَنَّ)

نَخْزٰی : ہم رُسوا ہونگے۔ (کہ) ہم رسوا ہوں۔ خِزْیٌ مصدر

نَخْسِفَ : ہم (ضرور) دھنسا دیں۔

نَخْشٰی : ہم ڈرتے ہیں۔ خَشْیَةٌ مصدر

نُخْفِیْ : ہم چھپائیں گے۔ چھپاتے ہیں۔ اِخْفَاءٌ مصدر

نَخْلٌ : کھجور۔ کھجور کے درخت۔ (اسم جنس)

نَخْلَةٌ : کھجور کا درخت۔ نَخْلٌ نَخِیْلٌ جمع

نُخْلِفُ : ہم خلاف کریں گے۔ بدعہدی کریں گے۔ اِخْلَافٌ مصدر

نَخْلُقُ : ہم پیدا کرتے ہیں یا کریں گے۔ خَلْقٌ مصدر

نَخُوْضُ : ہم بیکار فکر کرتے ہیں۔ بے مقصد بات چیت کرتے ہیں خَوْضٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

نُخَوِّفُ: ہم ڈراتے ہیں۔ خوف دلاتے ہیں۔ تَخْوِیْفٌ مصدر

نَخِیْلٌ: کھجور کے درخت (اسم جمع)

نِدَآءٌ: پکارنا۔ بُلانا۔ آواز۔ پکار۔

نَدَامَۃٌ: پشیمانی۔ ندامت۔ شرمندگی۔

نُدَاوِلُ: ہم بدلتے رہتے ہیں۔ مُدَاوَلَۃٌ مصدر

نَدْخُلَ: ہم داخل ہوں گے۔

نُدْخِلَنَّ: ہم ضرور داخل کرینگے۔ (لَنُدْخِلَنَّ) اِدْخَالٌ مصدر

نَدْرِیْ: ہم جانتے ہیں۔ دِرَایَۃٌ مصدر

نَدْعُ: ہم بُلائیں۔ ہم بلا لائیں۔

لَنْ نَّدْعُوَ: ہم ہرگز نہیں پکاریں گے۔

نَدْعُوْا: ہم بُلائینگے۔ ہم بُلائیں دُعَآءٌ مصدر

نَدُلُّ: ہم راہ بتاتے ہیں۔ ہم بتائیں۔

نَدِیًّا: مجلسی اعتبار سے۔

نَذْرٌ: منّت۔ عہد پیمان۔ نُذُوْرٌ جمع

نُذُرٌ: ڈرانا۔ ڈراوا۔ چوکنا کرنا۔

نُذُرٌ: ڈرانے والے۔ نَذِیْرٌ واحد

نَذَرُ: ہم چھوڑتے ہیں۔ وَذْرٌ مصدر

نَذَرْتُ: میں نے عہد کیا۔ منّت مانی۔

نَذَرْتُمْ: تم نے منّت مانی۔ نَذْرٌ مصدر

نُذِقْ: ہم چکھاتے ہیں۔ چکھائیں گے۔ اِذَاقَۃٌ مصدر

نَذْکُرُ: ہم یاد کرتے ہیں یا کرینگے۔

نَذِلُّ: ہم خوار ہوتے ہیں۔ ہم ذلیل ہوں۔ ذُلٌّ مصدر

نُذُوْرٌ: عہد منّتیں۔ نذریں۔ نَذْرٌ واحد

نَذْهَبَنَّ بِ: ہم ضرور لے جائیں گے۔ (لَنَذْهَبَنَّ بِ) (اگر) ہم کبھی لے ہی جائیں۔

نَذِیْرٌ: عذابِ الٰہی سے ڈرانے والا مراد پیغمبر نُذُرٌ جمع

نُذِیْقَ: ہم چکھاتے ہیں۔ ہم چکھائیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نُذِيقَنَّ : ہم ضرور چکھائیں گے۔ (لَنُذِيقَنَّ)

نَرٰى : ہم دیکھتے ہیں۔ ہم جانتے ہیں۔

نُرِيَ : ہم دکھلانے لگے۔ مشاہدہ کرانے لگے۔ (کہ) ہم دکھلائیں۔

نُرِيَنَّ : (یا کہ) ہم دکھلائیں۔ اِرَاءَةٌ مصدر

نُرَاوِدُ : ہم خواہش ظاہر کریں گے۔ ہم چاہیں گے۔ ذکر کریں گے۔ مُرَاوَدَةٌ مصدر

لَمْ نُرَبِّ : ہم نے پرورش نہیں کی۔ پالا نہیں۔ تَرْبِيَةٌ مصدر

نَرِثُ : ہم وارث ہونگے۔ وِرَاثَةٌ مصدر

نَرْجُمَنَّ : ہم ضرور سنگسار کر دیں گے۔ پتھر مار مار کر ہلاک کر دینگے۔ (لَنَرْجُمَنَّ)

نَرُدَّ : ہم رد کر دیں۔ اُلٹ دیں۔ رَدٌّ مصدر

نُرَدُّ : ہم پھیرے جائینگے۔ لوٹائے جائینگے

نَرْزُقُ : ہم رزق دیتے ہیں۔ روزی دیتے ہیں۔

نُرْسِلُ : ہم بھیجتے ہیں۔ (تاکہ) ہم بھیجیں۔

نُرْسِلَنَّ : ہم ضرور بھیجیں گے۔ روانہ کرینگے۔ (لَنُرْسِلَنَّ)

نَرْفَعُ : ہم اٹھاتے ہیں۔ بلند کرتے ہیں۔ اونچے کرتے ہیں۔ رَفْعٌ مصدر

نُرِيَ : ہم دکھلانے لگے۔ مشاہدہ کرانے لگے۔ (کہ) ہم دکھلائیں۔ اِرَاءَةٌ مصدر

نُرِيدُ : ہم چاہتے ہیں۔ ہمارا ارادہ ہے۔

نَزَّاعَةٌ : خوب نکالنے والی۔ کھینچ لینے والی۔

نَزِدْ : ہم بڑھائیں۔ زیادہ کریں زِيَادَةٌ مصدر

نَزْدَادُ : ہم زیادہ ہو جائیں گے (یعنی زیادہ لائیں گے)۔

نَزَعَ : اُس نے نکالا۔ کھینچا۔ نَزْعٌ مصدر

نَزَعْنَا : ہم نے نکالا۔ نکال ڈالا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَزْغٌ : وسوسہ۔ ورغلانا۔ فتنہ اٹھانا۔ وسوسہ ڈالنا۔ جھگڑا۔ فساد۔

نَزَغَ : اس نے فتنہ میں ڈالا۔ اس نے فساد ڈالا۔ وسوسہ ڈالا۔

نُزُلٌ : مہمانی۔ آؤ بھگت۔ خیر مقدم۔ ضیافت۔ اَنْزَالٌ جمع

نَزَلَ : وہ اُترا۔ نازل ہوا نُزُوْلٌ مصدر

نَزَّلَ : اُس نے اُتارا۔ تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارا۔ تَنْزِیْلٌ مصدر

نُزِّلَ : وہ اُتارا گیا۔ تَنْزِیْلٌ مصدر

نَزْلَةٌ : ایک بار اُترنا۔ (مصدر برائے مرّۃ)

نُزِّلَتْ : وہ اُتاری گئی۔ تَنْزِیْلٌ مصدر

نَزَّلْنَا : ہم نے بتدریج اُتارا۔ تَنْزِیْلٌ مصدر

نَزِیْدُ : ہم بڑھاتے ہیں۔ زیادہ کرتے ہیں یا کرینگے۔ زِیَادَةٌ مصدر

لَنْ نَّزِیْدَ : ہم ہرگز نہ بڑھائیں گے۔

نِسَآءٌ : عورتیں۔ اِمْرَاَةٌ واحد

نُسَارِعُ : ہم جلدی کرتے ہیں۔ مُسَارَعَةٌ مصدر

نَسْئَلُ : ہم پوچھتے ہیں۔ مانگتے ہیں۔

نُسْئَلُ : ہم سے پوچھا جائے گا۔ ہم سے جواب طلب کیا جائیگا۔ سُؤَالٌ مصدر

نَسْئَلَنَّ : ہم ضرور پوچھیں گے۔ جواب طلب کریں گے۔ (لَنَسْئَلَنَّ)

نَسَبٌ : قرابت۔ تعلق۔ رشتہ۔ اَنْسَابٌ جمع

نُسَبِّحُ : ہم پاکی بیان کرتے ہیں۔ تَسْبِیْحٌ مصدر

نَسْتَبِقُ : ہم سبقت کرتے ہیں۔ آگے بڑھ جائیں گے اِسْتِبَاقٌ مصدر

لَمْ نَسْتَحْوِذْ : ہم نے گھیر نہیں لیا۔ نگہبانی نہیں کی۔ قابو میں نہیں رکھا۔ اِسْتِحْوَاذٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَسْتَحْيِيْ : ہم زندہ چھوڑ دیں گے۔
نَسْتَدْرِجُ : ہم سیڑھی سیڑھی اُتاریں گے آہستہ آہستہ پکڑیں گے۔ درجہ بدرجہ نیچے پہنچائیں گے۔
نَسْتَعِيْنُ : ہم مدد چاہتے ہیں۔ اِسْتِعَانَةٌ مصدر
نَسْتَنْسِخُ : ہم لکھواتے ہیں۔ اِسْتِنْسَاخٌ مصدر
نَسْجُدُ : ہم سجدہ کرتے ہیں سُجُوْدٌ مصدر
نُسْخَةٌ : کتاب۔ لکھی ہوئی چیز نُسَخٌ جمع
نَسْخَرُ : ہم ٹھٹھا کریں گے۔ مذاق اُڑائیں گے۔ سُخْرٌ مصدر
نَسْرٌ : ایک بُت کا نام ہے جس کو قوم نوحؑ پُوجتی تھی۔
نَسْفًا : بکھیرنا۔ اُڑانا۔ اُکھیڑنا۔ اُڑا کر بکھیر دینا۔
نُسِفَتْ : وہ اُڑا دی گئی۔ بکھیر دی گئی۔ ریزہ ریزہ کر دی گئی۔
نَسْفَعًا : ہم ضرور گھسیٹیں گے (لَنَسْفَعًا)
نُسْقِطُ : ہم گرا دیں گے اِسْقَاطٌ مصدر
نُسْقِيَ : ہم پینے کے لیے دیتے ہیں۔ ہم پلائیں۔ اِسْقَاءٌ مصدر
نَسْقِيْ : ہم پانی پلاتے ہیں سَقْيٌ مصدر
نُسُكٌ : قربانی۔ عبادت۔ نذر۔
نُسْكِنَنَّ : ہم ضرور بسائینگے۔ ضرور ٹھہرائیں گے۔ (لَنُسْكِنَنَّ)۔ اِسْكَانٌ مصدر
نَسْلٌ : اولاد۔ جان۔ خلق۔ اَنْسَالٌ جمع
نَسْلَخُ : ہم باہر کھینچتے ہیں۔ باہر نکالتے ہیں۔ سَلْخٌ مصدر
نَسْلُكُ : ہم چلا دیتے ہیں۔ داخل کر دیتے ہیں۔ ڈال دیتے ہیں سَلْكٌ مصدر
نُسْلِمَ : (تاکہ) ہم اسلام لے آئیں۔ فرمانبرداری کریں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَسِمُ : ہم داغ دیں گے۔ وَسْمٌ مصدر

نَسْمَعُ : ہم سنتے ہیں۔ (اگر) ہم سنتے۔

نَسُوْا : وہ بھول گئے۔ انہوں نے بھلا دیا۔ نِسْیَانٌ مصدر

نِسْوَةٌ : عورتیں۔ اِمْرَاَۃٌ واحد

نَسُوْقُ : ہم چلاتے ہیں۔ کھینچتے ہیں۔ ہانک دیتے ہیں۔ سَوْقٌ مصدر

نُسَوِّیَ : ہم برابر کرتے ہیں۔ درست کر دیں۔ ٹھیک ٹھاک کر دیں۔ تَسْوِیَۃٌ مصدر

نَسْیٌ : بھولنا۔ بھول جانے والی چیز۔

نَسِیٌّ : بہت بھولنے والا۔ غافل۔ (صفتِ مشبّہ)

نَسِیَ : وہ بھول گیا۔ اس نے بھلا دیا۔ نِسْیَانٌ مصدر

اَلنَّسِیْءُ : آگے پیچھے کر دینا۔ مہینہ پیچھے ہٹا دینا۔

نَسِیَا : وہ دونوں بھول گئے۔ نِسْیَانٌ مصدر

نَسِیْتَ : (جب) تُو بھول جائے۔ تُو نے بھلا دیا۔ نِسْیَانٌ مصدر

نَسِیْتُ : میں بھولا۔ میں بھول گیا تھا۔

نَسِیْتُمْ : تم بھولے۔ تم بھول گئے۔

نُسَیِّرُ : ہم چلائیں گے۔ تَسْیِیْرٌ مصدر

نَسِیْنَا : (اگر) ہم بھول جائیں۔ بھلا دیں۔

نَشَاْ : (اگر) ہم چاہیں۔ ہم چاہیں گے۔

نَشَآءُ : ہم چاہتے ہیں۔ چاہیں گے۔

نَشْاَۃٌ : پیدا کرنا۔ شروع کرنا۔ پیدائش۔ پہلا اُٹھان۔ پیدا ہونا۔ زندہ ہونا۔

نَشْتَرِیْ : ہم خریدتے ہیں۔ مول لیں گے بدلہ میں لیں گے۔ اِشْتِرَاءٌ مصدر

نَشُدُّ : ہم مضبوط کریں گے۔ قوت دیں گے۔ شَدٌّ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَشْرٌ : پراگندہ کرنا۔ اٹھنا۔ پھیلانا۔
نُشِرَتْ : وہ پراگندہ کی گئی۔ کھولی گئی۔ پھیلائی گئی۔ نَشْرٌ مصدر
لَمْ نَشْرَحْ : ہم نے کشادہ نہیں کیا۔ کھول نہیں دیا۔ شَرْحٌ مصدر
نُشْرِكَ : کہ ہم شریک کریں۔ اِشْرَاكٌ مصدر
لَنْ نُّشْرِكَ : ہم ہرگز شریک نہیں کرینگے
نَشْطٌ : گرہ کھولنا۔ بند کھولنا کسی کام کو تیزی اور خوشی سے کرنا۔
نُشُوْرٌ : اٹھ کھڑا ہونا۔ زندہ ہونا۔ جی اٹھنا۔
يَوْمُ النُّشُوْرِ : قیامت کا دن۔
نُشُوْزٌ : عورت کا اپنے شوہر سے بغض رکھنا۔ ناموافقت ہونا۔ نباہ نہ ہونا۔
نَشْهَدُ : ہم گواہی دیتے ہیں۔ شَهَادَةٌ مصدر
نَصَارٰى : حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی امت۔ نَصْرَانِيٌّ۔ نَصْرَانٌ واحد

نُصُبٌ : ایذا۔ بلا۔ مصیبت اَنْصَابٌ جمع
نُصُبٌ : بت یا جو چیز خدا کے سوا پوجی جائے اور کھڑی کی جائے۔ بتوں کا تھان۔ بتوں کے لیے قربانگاہ۔ اَنْصَابٌ جمع
نَصَبٌ : رنج۔ تکلیف۔ تھکن۔ مشقت۔
نُصِبَتْ : وہ کھڑی کی گئی۔ اونچی کی گئی۔ جمائے گئے۔ نصب کیے گئے۔ نَصْبٌ مصدر
نَصْبِرُ : ہم صبر کرتے ہیں۔ سہارتے ہیں۔ صبر کریں گے۔ صَبْرٌ مصدر
لَنْ نَّصْبِرَ : ہم ہرگز صبر نہیں کریں گے۔
نَصْبِرَنَّ : ہم ضرور صبر کرینگے۔ برداشت کریں گے۔ (لَنَصْبِرَنَّ)
نُصْحٌ : سمجھانا۔ نصیحت کرنا۔
نَصَحْتُ : میں نے نصیحت کی۔ سمجھایا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَصَحُوْا: اُنہوں نے نصیحت کی۔ خیر خواہی کی۔

نَصَدَّقَنَّ: ہم ضرور خیرات کریں گے۔ (لَنَصَّدَّقَنَّ)

(اصل میں لَنَتَصَدَّقَنَّ تھا۔ ت کو ص سے بدل کر مشدّد کیا گیا)۔

نَصْرٌ: مدد کرنا۔ مدد۔

نَصَرَ: اس نے مدد کی۔ نَصْرٌ مصدر

نَصْرَانِيٌّ: عیسائی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی امت والا۔

نَصْرِفَ: ہم روک دیں۔ پھیر دیں گے۔ دور کر دیں۔

نُصَرِّفُ: ہم گردش دیتے ہیں۔ پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں۔

نَصَرْنَا: ہم نے مدد کی۔ نَصْرٌ مصدر

نَصَرُوْا: انہوں نے مدد کی۔ نَصْرٌ مصدر

نِصْفٌ: آدھا۔ آدھی۔ اَنْصَافٌ جمع

نُصْلِ: ہم پہنچائیں گے (آگ پر سینکیں گے۔ (نُصْلِيْ تھا۔ مشروط ہونے کی وجہ سے ی گر گئی)۔

نُصْلِيْ: ہم پہنچاتے ہیں۔ (آگ پر) سینکتے ہیں۔ (آگ میں) داخل کریں گے۔

نَصُوْحٌ: خالص۔ صاف۔ سچّی۔ حقیقی۔

نَصِيْبٌ: معیّن حصہ۔ قسمت۔ ٹکڑا۔ اَنْصِبَاءُ جمع

نُصِيْبُ بِ: ہم پہنچا دیتے ہیں۔

نَصِيْرٌ: مددگار۔ مدد کرنے والا۔ معاون۔ اللہ کا صفاتی نام۔ نُصَرَاءُ جمع

نَضَّاخَتَانِ: دو اُبلنے والے۔ بہت پانی والے (چشمے) (نَضَّاخَةٌ کا تثنیہ)

نَضِجَتْ: وہ پک گئی۔ گل گئی۔ جل گئی نُضْجٌ

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَضْرِبُ : ہم مارتے ہیں۔ بیان کرتے ہیں۔
نَضْرِبُ عَنْكُمُ... صَفْحًا : ہم تم سے درگذر کریں گے۔ نظرانداز کردیں گے۔ روک لیں گے۔
نَضْرَةٌ : چہرہ کی رونق۔ تروتازگی۔ شگفتگی۔ شادابی۔
نَضْطَرُّ : ہم لاچار کرینگے۔ کھینچ لائیں گے۔ ہم مجبور کرینگے۔ اِضْطِرَارٌ مصدر
نَضَعُ : ہم رکھیں گے۔ قائم کریں گے۔ وَضْعٌ مصدر
نَضِيْدٌ : تہہ بہ تہہ۔ اوپر تلے۔ نَضْدٌ مصدر
نُضِيْعُ : ہم اکارت کریں گے۔ ضائع کرتے ہیں۔ اِضَاعَةٌ مصدر
نَطْبَعُ : ہم مُہر لگادیتے ہیں۔ بند کردیتے ہیں۔
نُطْعِمُ : ہم کھانا کھلاتے ہیں۔ اِطْعَامٌ مصدر
نُطْفَةٌ : منی کی بُوند۔ منی کا پانی۔ نُطَفٌ جمع
نَطْمِسَ : ہم بگاڑ دیں۔ مسخ کردیں۔

نَطْمَعُ : ہم بھروسہ کرتے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں۔ خواہش کرتے ہیں۔ طَمْعٌ مصدر
نَطْوِيْ : ہم لپیٹیں گے۔ تہہ کریں گے۔ طَيٌّ مصدر
نَطِيْحَةٌ : سینگ ماری ہوئی۔ وہ جانور جو سینگ مارنے سے مرجائے (یا زخمی ہوجائے)۔ نَطَائِحُ جمع
نُطِيْعُ : ہم فرمانبرداری کریں گے۔ کہنا مانیں گے۔
نَظَرٌ : نگاہ۔ دیکھنا۔ اَنْظَارٌ جمع
نَظَرَ : اُس نے دیکھا۔ نَظَرٌ مصدر
نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ : غش کھائے ہوئے آدمی کی نظروں کی طرح۔
نَظْرَةٌ : ایک بار دیکھنا (مصدر برائے مرّۃ)
نَظِرَةٌ : مہلت۔ ڈھیل۔ تاخیر۔ دیر کرنا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَظَلُّ : ہم ہمیشہ رہتے ہیں۔ کرتے رہتے ہیں۔

نَظُنُّ : ہم گمان کرتے ہیں۔ ظَنٌّ مصدر

نِعَاجٌ : بھیڑیں۔ دُنبے۔ نَعْجَةٌ واحد

نُعَاسٌ : اُونگھ۔ نیند۔ جھپکی۔ حواس کی سُستی۔

نَعْبُدُ : ہم عبادت کرتے ہیں (کہ) بندگی کریں۔ پُوجتے ہیں عِبَادَةٌ مصدر

نَعْجَةٌ : بھیڑ۔ دُنبہ۔ نِعَاجٌ جمع

لَنْ نُّعْجِزَ : ہم ہرگز عاجز نہیں کر سکتے۔ اِعْجَازٌ مصدر

نَعُدُ : ہم (بھی) دوبارہ کریں گے۔ پھریں گے۔ لوٹیں گے۔ (نَعُوْدُ تھا۔ مشروط ہونے کی وجہ سے واؤ گر گئی)

نَعِدُ : ہم وعدہ کرتے ہیں۔ ہم وعدہ دیتے ہیں۔ وَعْدٌ مصدر

نَعُدُّ : ہم گنتے ہیں۔ شمار کر لیتے ہیں۔ ہم نے گن رکھا ہے۔ عَدٌّ مصدر

نُعَذِّبُ : ہم عذاب دیتے ہیں۔ سزا دیں گے۔

نَعْفُ عَنْ : (اگر) ہم معاف کر دیں۔ درگزر کر دینگے۔ (نَعْفُوُ تھا۔ ما قبل اِنْ کی وجہ سے واؤ گر گئی)

نَعْقِلُ : (اگر) ہم سمجھتے۔ عقل سے کام لیتے۔

نَعْلَمُ : ہم جانتے ہیں اور جانیں گے۔ معلوم کریں گے۔ ہم کو معلوم ہو۔ (تاکہ) ہم جان لیں۔

نُعَلِّمَ : (تاکہ) ہم سکھا دیں۔ سکھلا دیں۔ تَعْلِیْمٌ مصدر

نُعْلِنُ : ہم ظاہر کرتے ہیں۔ کھولے رکھتے ہیں۔ اِعْلَانٌ مصدر

نَعْلَیْ : دونوں جُوتیاں۔ دونوں چپلیں۔ (نَعْلَیْنِ تھا۔ اضافت کی وجہ سے ن آخر سے گر گیا)۔

نِعَمٌ : نعمتیں۔ احسانات۔ نِعْمَةٌ واحد

toobaa-elibrary.blogspot.com

نِعْمَ: اچھا ہے۔ بہت بہتر ہے۔ خوب ہے۔ (فعلِ مدح)

نَعَمٌ: چارپایہ۔ مویشی۔ چوپایہ جانور (اسمِ جنس) اَنْعَامٌ جمع

نَعَمْ: ہاں۔ (حرفِ ایجاب ہے۔ اس سے سائل کے کلام کا اثبات ہوتا ہے خواہ وہ کلام مثبت ہو خواہ منفی۔ جب کہ بَلٰی کا مفہوم اس کے برخلاف ہوتا ہے)۔

نَعَّمَ: اس نے نعمت دی۔ آرام دیا۔ آسودہ حال کیا۔ تَنْعِیْمٌ مصدر

نَعْمَآءُ: نعمتیں۔ آسائشیں۔ آرام۔ (اسمِ جمع)۔ اَنْعُمٌ جمع

نِعِمَّا: بہت ہی خوب ہے۔ کیا ہی اچھا ہے۔ بہترین ہے۔

نِعِمَّا هِیَ: وہ کیا ہی اچھی ہے۔ وہ بھی بہت بہتر ہے۔ (اصل میں نِعْمَ مَا هِیَ تھا۔ م کو م میں ادغام کیا گیا اور ع پر جو ار نون کی وجہ سے زیر آگیا)۔

نِعْمَةٌ: عنایت۔ احسان۔ خوش حالی۔ نعمت۔ فضل۔ نِعَمٌ جمع

نَعْمَةٌ: آرام کی چیزیں۔ سامانِ عیش۔ دولت۔ آسودگی۔ (اسمِ مرۃ)

نُعَمِّرُ: ہم عمر دیتے ہیں۔ زندہ رکھتے ہیں۔ جیتا رکھتے ہیں۔ تَعْمِیْرٌ مصدر

لَمْ نُعَمِّرْ: ہم نے عمر نہیں دی۔ زندہ نہیں رکھا۔ تَعْمِیْرٌ مصدر

نَعْمَلُ: ہم کام کریں گے۔ عمل کریں گے۔ ہم کام کریں۔ عَمَلٌ مصدر

نَعُوْدَ: (کہ) ہم پھر جائیں۔ واپس لوٹ جائیں۔ عَوْدٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

نُعِيْدُ : ہم اعادہ کریں گے۔ واپس کرینگے۔ لوٹائیں گے اِعَادَۃٌ

نَعِيْمٌ : نیکی۔ کثیر نعمتیں۔ احسانات۔ عنایات۔ بہت آرام عیش۔

لَمْ نُغَادِرْ : ہم نے نہیں چھوڑا۔ درگزر نہیں کیا۔ مُغَادَرَۃٌ مصدر

نُغْرِقْ : ہم ڈبو دیں۔ غرق کر دیں۔

نُغْرِيَنَّ : ہم ضرور پیچھے لگا دیں گے۔ مسلط کر دیں گے۔ ڈال دیں گے۔ (لَنُغْرِيَنَّ) اِغْرَاءٌ مصدر

نَغْفِرْ : ہم بخش دیں گے۔ ڈھانپیں گے۔ معاف کر دینگے۔ غُفْرَانٌ مصدر

نَفَّاثَاتٌ : پھونکنے والیاں۔ دم کرنے والیاں۔ جادوگرنیاں۔ نَفْثٌ مصدر

نَفَادٌ : کم ہونا۔ ختم ہونا۔

نِفَاقٌ : دو غلاپن۔ دورخی۔ دودلی منافقت۔ منافق ہونا۔

نَفْتِنَ : (تاکہ) ہم جانچیں۔ آزمائیں۔ آزمائش میں ڈالیں فُتُوْنٌ مصدر

نَفْحَۃٌ : ایک بھاپ۔ خوشبو پھونکنا جھونکا۔ ذرا سا۔ معمولی سا۔

نَفَخَ : اُس نے پھونکا۔ نَفْخٌ مصدر

نُفِخَ : اُسے پھونکا گیا۔ نَفْخٌ مصدر

نَفْخَۃٌ : ایک بار پھونکنا۔ نَفَخَاتٌ جمع

نَفَخْتُ : میں نے پھونکا۔ میں پھونک دوں۔

نَفَخْنَا : ہم نے پھونکا۔ نَفْخٌ مصدر

نَفِدَ : وہ کم ہوا۔ گھٹا۔ ختم ہوا نَفَادٌ مصدر

نَفِدَتْ : وہ کم ہوئی۔ ختم ہوئی۔

نَفَرٌ : بہت لوگ۔ گروہ۔ جماعت۔ (تین سے دس تک)

نَفَرَ : وہ بھاگا۔ نکلا۔ نکل پڑا (جنگ کے لیے)

نَفْرُغُ : ہم فارغ ہوں گے۔ ہم متوجہ ہوں گے۔ فَرَاغٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

نُفَرِّقُ : ہم جدا کرتے ہیں۔ الگ کرتے ہیں۔ فرق کرتے ہیں۔ فرق ڈالتے ہیں۔ تَفْرِیْقٌ مصدر

نَفْسٌ : جان۔ خون۔ ذات۔ آدمی۔ شخصیت۔ ضمیر۔ نفس۔ جی۔ نُفُوْسٌ۔ اَنْفُسٌ جمع

نُفْسِدَ : ہم فساد برپا کریں۔ ہم خراب کریں۔ خرابی پھیلائیں۔

نَفَشَتْ : وہ رات کو چر گئی۔ رات کو کھا گئیں۔ رات کو روند گئیں۔

نُفَصِّلُ : ہم کھول کر بیان کرتے ہیں۔ تَفْصِیْلٌ مصدر

نُفَضِّلُ : ہم زیادہ دیتے ہیں۔ بزرگی عطا کرتے ہیں۔ فضیلت دیتے ہیں۔

نَفْعٌ : فائدہ۔ فائدہ دینا۔ کام میں آنا۔ نفع۔

نَفَعَ : اُس نے نفع دیا۔ فائدہ پہنچایا۔ کام میں آیا۔ نَفْعٌ مصدر

نَفَعَتْ : اُس نے فائدہ دیا۔ کام میں آئی۔

نَفْعَلُ : ہم کرتے ہیں یا کریں۔ سلوک کریں گے یا کرتے ہیں۔ تصرّف کریں۔ فَعْلٌ مصدر

نَفَقٌ : تنگ راہ۔ سُرنگ۔ اَنْفَاقٌ جمع

نَفَقَاتٌ : روزی۔ خرچ۔ خیرات۔ مال۔ نَفَقَةٌ واحد

نَفَقَةٌ : روزی۔ خرچ۔ مال۔ خیرات۔

نَفْقِدُ : ہم ڈھونڈتے ہیں۔ گم پاتے ہیں۔ فُقْدَانٌ مصدر

نَفْقَهُ : ہم سمجھتے ہیں۔ فِقْهٌ مصدر

نُفُوْرٌ : بھاگنا۔ نفرت کرنا۔ نکل پڑنا۔

نُفُوْسٌ : لوگ۔ جانیں۔ نَفْسٌ واحد

نَفِیْرٌ : بھیڑ۔ قوم۔ جماعت۔ گروہ۔

نُقَاتِلَ : (تاکہ) ہم لڑائی کریں۔ جنگ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کریں۔ جہاد کریں۔ مُقَاتَلَۃٌ مصدر

نَقْبٌ: راہ۔ سُوراخ۔ سُرنگ۔ سُرنگ بنانا۔ سوراخ کرنا۔ اَنْقَابٌ جمع

نَقَّبُوْا: اُنہوں نے کُریدا۔ وہ گھس گئے۔ انہوں نے خوب سیر کی۔ خوب پھرے۔ تَنْقِیْبٌ مصدر

نَقْتَبِسْ: ہم چنگاری لے لیں سُلگالیں روشنی لے لیں۔ جلالیں۔ اِقْتِبَاسٌ مصدر

نَقْتُلُ: ہم مار ڈالیں گے۔ قتل کر دیں گے قَتْلٌ مصدر

نُقَتِّلُ: ہم خوب قتل کریں گے۔ تَقْتِیْلٌ مصدر

لَنْ نَّقْدِرَ: ہم ہرگز قادر نہ ہونگے۔ ہرگز قابو نہ پائیں گے۔ تدبیر نہ کر سکیں گے۔

نُقَدِّسُ: ہم پاکی بیان کرتے ہیں۔ تقدیس کرتے ہیں تَقْدِیْسٌ مصدر

نَقْذِفُ: ہم پھینک مارتے ہیں۔ قَذْفٌ مصدر

نُقِرَ: اُسے پھونکا گیا۔ نَقْرٌ مصدر

نُقِرُّ: ہم ٹھیراتے ہیں۔ قرار دیتے ہیں۔ روکے رکھتے ہیں۔ اِقْرَارٌ مصدر

نَقْرَءُ: ہم پڑھتے ہیں۔ پڑھیں۔ قِرَاءَۃٌ مصدر

نُقْرِئُ: ہم پڑھاتے ہیں۔ پڑھ کر سُناتے ہیں۔ اِقْرَاءٌ مصدر

نَقْصٌ: کم کرنا۔ گھٹنا۔ گھاٹا۔ کمی۔ نقصان۔ خسارہ۔

نَقُصُّ: ہم بیان کرتے ہیں۔ قَصَصٌ مصدر

لَمْ نَقْصُصْ: ہم نے بیان نہیں کیا۔

نَقُصَّنَّ: ہم ضرور بیان کریں گے (لَنَقُصَّنَّ)

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَقْضٌ : توڑنا۔ ایفانہ کرنا۔ وعدہ خلافی عہد شکنی۔

نَقَضَتْ : اُس نے توڑ ڈالا (مؤنث) نَقْضٌ مصدر

نَقْعٌ : گرد۔ غبار۔ خاک۔ دھول۔

نَقْعُدُ : ہم بیٹھتے ہیں۔ قُعُوْدٌ مصدر

نُقَلِّبُ : ہم پلٹتے ہیں۔ اُلٹتے پلٹتے ہیں۔ کروٹ دِلاتے ہیں۔ تَقْلِيْبٌ مصدر

نَقَمُوْا : انہوں نے دشمنی کی۔ بدلہ لیا۔ ناپسند کیا۔ انتقام لیا۔ نَقْمٌ مصدر

نَقُوْلُ : ہم کہتے ہیں۔ کہیں گے۔ ہم بولتے ہیں۔ قَوْلٌ مصدر

نَقُوْلَنَّ : ہم ضرور کہیں گے۔ ہم یہی کہدیں گے۔ (لَنَقُوْلَنَّ)

نَقِيْبٌ : سردار۔ ماہر قوم یعنی قوم کے نسبوں کا جاننے والا۔ نگہبان۔ سرغنہ۔ نُقَبَاءُ جمع

نَقِيْرٌ : کھجور کی گٹھلی کا گڑھا، مراد معمولی چیز۔ حقیر چیز۔ بیج پر نقطہ۔ تل۔

نُقَيِّضُ : ہم چسپاں کر دیتے ہیں۔ مقرر کر دیتے ہیں۔ مسلط کر دیتے ہیں۔

نُقِيْمُ : ہم کھڑا کرتے ہیں۔ سیدھا کرتے ہیں۔ قائم کریں گے۔ اِقَامَةٌ مصدر

لَمْ نَكُ : ہم نہیں تھے۔ ہم نہیں ہوئے (لَمْ نَكُنْ تھا۔ خلافِ قیاس ن گر گیا)۔

نِكَاحٌ : بیاہنا۔ جماع کرنا۔ عقد۔ شادی کرنا۔ زوجیت۔

نَكَالٌ : عذاب۔ سزا۔ عبرت انگیز سزا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَکْتُبُ : ہم لکھتے ہیں۔ لکھ لیتے ہیں۔ لکھیں گے۔ کِتَابَۃٌ مصدر

نَکْتَلْ : (تاکہ) ہم پیمانہ بھر کر لیں۔ ہم ناپیں گے۔ پورا ناپ لیں اِکْتِیَالٌ مصدر

نَکْتُمُ : ہم چھپاتے ہیں۔ مخفی رکھتے ہیں۔

نَکَثَ : اس نے اقرار توڑا۔ قول توڑا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا۔ نَکْثٌ مصدر

نَکَثُوْا : انہوں نے (عہد یا قول) توڑا۔ نَکْثٌ مصدر

نَکَحَ : اس نے بیاہ کیا۔ نکاح کیا۔ عقد کیا۔ شادی کی۔ نِکَاحٌ مصدر

نَکَحْتُمْ : تم نے بیاہ کیا۔ نکاح کیا۔

نَکِدٌ : کم اُگنے والا۔ مشکل سے نکلنے والا۔ ناقص۔ جھاڑ پھونس۔

نُکَذِّبُ : ہم جھٹلاتے ہیں۔ تَکْذِیْبٌ مصدر

نُکْرٌ : انجان۔ بُرا۔ نامعقول۔ ناگوار۔ عجیب۔

نُکْرٌ : بُرا۔ بیجا۔ جو نہ دیکھا نہ سُنا ہو۔

نَکِرَ : اُس نے انکار کیا۔ نہ پہچانا۔ اجنبی سمجھا۔ نُکْرٌ مصدر

نَکِّرُوْا : تم رُوپ بدل دو۔ شکل بدل دو۔ صورت بدل ڈالو۔ تَنْکِیْرٌ مصدر

نَکْسُوْا : ہم پہناتے ہیں۔ اُڑھاتے ہیں۔ چڑھاتے ہیں کَسْوٌ مصدر

نُکِسُوْا : وہ اوندھے ڈالے گئے۔ اُلٹائے گئے۔ نَکْسٌ مصدر

نَکَصَ : وہ پھر گیا۔ پلٹ گیا۔ نُکُوْصٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَكْفُرَ : ہم منکر ہوں گے۔ ہم انکار کرتے ہیں۔ ہم کفر کریں۔ کُفْرٌ مصدر

نُكَفِّرُ : ہم دُور کریں گے۔ ہٹائیں گے مٹا دیں گے۔ تَكْفِيْرٌ مصدر

نُكَفِّرَنَّ : ہم ضرور دُور کر دیں گے۔ ہٹا دیں گے۔ (لَنُكَفِّرَنَّ) تَكْفِيْرٌ مصدر

نُكَلِّفُ : ہم تکلیف دیتے ہیں۔ ذمہ دار بناتے ہیں۔ بوجھ ڈالتے ہیں۔ مکلّف بناتے ہیں۔

نُكَلِّمُ : ہم بات کرتے ہیں۔ تَكْلِيْمٌ مصدر

نَكُنْ : ہم ہو جائیں۔ شامل ہو جائیں

لَمْ نَكُنْ : ہم نہیں ہوئے۔ ہم نہیں تھے

نَكُوْنَ : ہم ہوں گے۔ ہوتے ہیں۔ ہو جائیں گے۔

نَكُوْنَنَّ : ہم یقیناً ہو جائیں گے۔ (لَنَكُوْنَنَّ)۔

نَكِيْرٌ : انکار۔ بدل ڈالنا۔ سخت عذاب

نُلْزِمُ : ہم لگا دیتے ہیں۔ لازم کرتے ہیں۔ قائم رکھتے ہیں۔ مسلّط کر دیتے ہیں۔ اِلْزَامٌ مصدر

نَلْعَبُ : ہم کھیلتے ہیں۔ دل لگی کرتے ہیں۔

نَلْعَنَ : (یا یہ کہ) ہم لعنت کریں۔ ہم پھٹکار کریں۔ لَعْنٌ مصدر

نُلْقِيْ : ہم ڈالیں گے۔ نازل کرینگے اِلْقَاءٌ مصدر

نَمَارِقُ : بچھونے۔ توشک۔ نہالچے۔ گدّے۔ نُمْرُقَةٌ واحد

نُمَتِّعُ : ہم فائدہ دیں گے۔ آرام پہنچائیں گے۔ بہرہ مند

toobaa-elibrary.blogspot.com

کریں گے۔ تَمْتِیْعٌ مصدر

نَمُدُّ: ہم کھینچتے ہیں کھینچیں گے۔ مَدٌّ مصدر

نُمِدُّ: ہم مدد کرتے ہیں۔ مدد دیتے ہیں اِمْدَادٌ مصدر

نُمَکِّنَ: ہم قدرت دیدیں۔ جگہ دیدیں۔ وارث کردیں۔ حاکم بنادیں۔

لَمْ نُمَکِّنْ: ہم نے جگہ نہیں دی۔ قدرت نہیں دی۔ حکومت نہیں دی۔ تَمْکِیْنٌ مصدر

نَمْلٌ: چیونٹیاں۔ (اسم جنس)۔ نَمْلَۃٌ واحد

نَمْلَۃٌ: چیونٹی۔ نِمَالٌ جمع

نُمْلِیْ: ہم مہلت دیتے ہیں۔ ڈھیل دیتے ہیں اِمْلَاءٌ مصدر

نَمُنَّ: (کہ) ہم احسان کریں۔ کرم کریں مَنٌّ مصدر

لَمْ نَمْنَعْ: ہم نے منع نہیں کیا۔ روکا نہیں۔

نَمُوْتُ: ہم مرتے ہیں۔ مرجاتے ہیں مَوْتٌ مصدر

نُمِیْتُ: ہم مارتے ہیں۔ موت دیتے ہیں اِمَاتَۃٌ مصدر

نَمِیْرُ: ہم غلہ لائینگے۔ خوراک لائینگے۔ ضرورت کا سامان لائینگے۔ حاجت پوری کرینگے مَیْرٌ مصدر

نَمِیْمٌ: (چغل خور) چغلیاں۔ نَمَائِمُ جمع

نُنَبِّئُ: ہم خبردار کریں گے۔ بتلائیں گے۔

نُنَبِّئَنَّ: ہم ضرور جتلائینگے۔ بتلائینگے (لَنُنَبِّئَنَّ)

نُنْجِ } نُنْجِی }: ہم بچائیں گے۔ نجات دیتے ہیں۔ مخلصی دیتے ہیں۔ اِنْجَاءٌ مصدر

نُنَجِّیْ: ہم نجات دیتے ہیں یا دینگے۔ چھڑائینگے بچائیں گے۔ تَنْجِیَۃٌ مصدر

نُنَجِّیَنَّ: ہم ضرور نجات دینگے۔ بچائینگے (لَنُنَجِّیَنَّ)

نَنْزِعَنَّ: ہم ضرور نکال لینگے۔ الگ کرلینگے (لَنَنْزِعَنَّ)

نُنَزِّلُ: ہم اتارتے ہیں۔ نازل کرتے ہیں۔ نازل کردیں۔ تَنْزِیْلٌ مصدر

نُنْسِ: ہم بھلا دیتے ہیں۔ غافل کردیتے ہیں۔

نَنْسَ: ہم بھلا دینگے۔ بے توجہی کریں گے۔

نَنْسَخْ: ہم مٹاتے ہیں ہم موقوف کرتے ہیں۔ موقوف کرینگے منسوخ کرتے ہیں۔

نَنْسِفُ: ہم بکھیریں گے۔ پھیلا دیں گے۔

نُنْشِئَ: ہم پیدا کریں۔ اٹھادیں۔ بنائیں اِنْشَاءٌ مصدر

نُنْشِزُ: ہم ابھارتے ہیں۔ جوڑ دیتے ہیں۔ کھڑا

toobaa-elibrary.blogspot.com

کر دیتے ہیں۔ اِنْشَازٌ مصدر

نَنْصُرُ: ہم مدد کرتے ہیں یا کریں گے نَصْرٌ مصدر

نَنْصُرَنَّ: ہم ضرور مدد کریں گے۔ (لَنَنْصُرَنَّ)

نَنْظُرُ: ہم دیکھتے ہیں۔ ڈھیل دیتے ہیں۔ توجہ کریں گے۔ مہلت دیں گے۔ (تاکہ) ہم دیکھیں)

نَنْقُصُ: ہم کم کرتے ہیں۔ گھٹاتے جاتے ہیں۔ نَقْصٌ مصدر

نُنَكِّسْ: ہم اوندھا کرتے ہیں۔ اُلٹ دیتے ہیں۔ تَنْكِيْسٌ مصدر

نَهَىٰ: ہم نے منع نہیں کیا۔ روکا نہیں تھا۔ (نَنْهٰی تھا۔ لَمْ کی وجہ سے ی گر گئی)۔

نَوًى: کھجور کی گٹھلیاں۔ نَوَاةٌ واحد

نَوَاصِيْ: پیشانیاں۔ چوٹی یا پیشانی کے بال۔ نَاصِيَةٌ واحد

نُؤْتِ: ہم دیں گے۔ (نُؤْتِيْ تھا مشروط ہونے کی وجہ سے ی گر گئی)۔ اِيْتَاءٌ مصدر

نُؤْتٰى: ہم کو دیا جائے گا۔ ہم کو دیا جائے۔ اِيْتَاءٌ مصدر

نُؤْتِيْ: ہم دیتے ہیں۔ عطا کریں گے۔ اِيْتَاءٌ مصدر

لَنْ نُّؤْثِرَ: ہم ہرگز ترجیح نہیں دینگے۔ اختیار نہیں کرینگے اِيْثَارٌ مصدر

نُوْحٌ: ایک اولو العزم پیغمبر کا نام ہے جو ساڑھے نو سو برس زندہ رہے۔ انکے وقت میں پانی کے طوفان کا عذاب آیا تھا جس میں تمام لوگ ڈوب کر ہلاک ہو گئے صرف اسّی آدمی جو انکی کشتی میں سوار تھے زندہ بچے۔ ان ہی کی اولاد سے ساری دنیا کے لوگ ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسی وجہ سے انکو آدم ثانی کہتے ہیں۔

نُوْحِیْ : ہم بھیجتے ہیں۔ ہم دل میں ڈالتے ہیں۔ القا کرتے ہیں۔ وحی بھیجتے ہیں۔ اِیْحَاءٌ مصدر

نُؤَخِّرُ : ہم دیر کرتے ہیں۔ دیر لگاتے ہیں۔ پیچھے کرتے ہیں۔ تَاْخِیْرٌ مصدر

نُوْدُوْا : اُن کو پکارا گیا۔ انہیں کہا جائیگا۔ نِدَاءٌ مصدر

نُوْدِیَ : اُس کو پکارا گیا۔ اُسے آواز دی گئی۔ (جب) بُلایا جائے۔ پکارا جائے۔ نِدَاءٌ مصدر

نُوْرٌ : روشنی۔ نور۔ ہدایت۔ روشن کرنے والا۔ اللہ تعالےٰ کا صفاتی نام۔ اَنْوَارٌ جمع

نُوْرِثُ : ہم وارث کرتے ہیں۔ ہم میراث دیتے ہیں۔ نائب بناتے ہیں۔ اِیْرَاثٌ مصدر

نُوَفِّ : ہم پورا دیں گے۔ پورا کرینگے۔ (نُوَفِّیْ تھا۔ مشروط ہونے کی وجہ سے ی گر گئی) تَوْفِیَةٌ مصدر

نُوَلِّ : ہم پھیر دیں گے۔ موڑ دیں گے۔ حوالہ کر دیں گے۔ (نُوَلِّیْ تھا مشروط ہونے کی وجہ سے ی گر گئی)۔ تَوْلِیَةٌ مصدر

نُوَلِّیَنَّ : ہم ضرور پھیر دیں گے۔ رُخ کر دیں گے۔ (لَنُوَلِّیَنَّ)

نُوَلِّیْ : ہم پھیر دیتے ہیں۔ موڑ دیتے ہیں۔ تَوْلِیَةٌ مصدر

نَوْمٌ : نیند۔ سونا۔

نُؤْمِنُ : ہم ایمان لاتے ہیں۔ مانتے ہیں۔ اِیْمَانٌ مصدر

نُوْنٌ : مچھلی۔ اَنْوَانٌ جمع

ذَاالنُّوْنِ : حضرت یونس

toobaa-elibrary.blogspot.com

علیہ السلام کا لقب ہے۔ جن کو مچھلی نگل گئی تھی۔ چالیس روز تک اس کے پیٹ میں رہے اس کے بعد بفضلِ الٰہی بخیریت نکلے۔

نُہیٰ : عقل۔ دانش۔ احساس۔ نَہْیَۃٌ واحد۔

نَھٰی : اُس نے منع کیا۔ روکا۔ نَھْیٌ مصدر

نَھَارٌ : روز۔ دن۔ اَنْھَارٌ جمع

نَھْتَدِیَ : ہم راہ پاتے ہیں۔ (کہ) ہم ہدایت حاصل کر لیتے۔ اِھْتِدَاءٌ مصدر

نَھْدِیْ : ہم راہ بتاتے ہیں۔ ہدایت دیتے ہیں۔ ھِدَایَۃٌ مصدر

نَھْدِیَنَّ : ہم ضرور ہدایت دینگے۔ راہ بتائیں گے۔ (لَنَھْدِیَنَّ)۔

ھَدْیٌ مصدر

نَھَرٌ : دریا۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ندی۔ نہر۔ اَنْھَارٌ جمع

نُھْلِكَ : ہم نیست و نابود کر دیں۔ ہلاک کر دیں۔ برباد کر دیں اِھْلَاكٌ مصدر

لَمْ نُھْلِكْ : ہم نے ہلاک نہیں کیا۔ برباد نہیں کیا۔ اِھْلَاكٌ مصدر

نُھْلِكَنَّ : ہم ضرور ہلاک و برباد کر دینگے (لَنُھْلِكَنَّ)۔ اِھْلَاكٌ مصدر

نَھَوْا : اُنھوں نے منع کیا۔ روکا۔

نُھُوْا : انہیں منع کیا گیا۔ روکا گیا۔

نُھِیْتُ : مجھے منع کیا گیا۔ میں روکا گیا ہوں۔

نُیَسِّرُ : ہم آسان کرتے ہیں۔ سہل کریں گے۔ آسان کریں گے۔ سہولت دینگے۔ تَیْسِیْرٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَيْلٌ : پہنچنا۔ ملنا۔ وصول ہونا۔ لینا۔ وصول کرنا۔ زک پہنچانا۔ پانا۔

و

وَ : اور۔ حالانکہ۔ (حرفِ عطف) قسم۔ بہتیرے۔ بعض۔ (حرفِ جر)

وَابِلٌ : بڑی بوندوں کا مینھ۔ زوردار بارش۔ موسلا دھار بارش۔

وَاثَقَ : اُس نے مضبوط کیا۔ پکا کیا۔ ٹھیرایا۔

وَاجِفَةٌ : ڈرنے والی۔ کانپنے والی۔ لرزنے والی۔ وَجْفٌ مصدر

وَاحِدٌ : ایک۔ کوئی ایک (مذکر) اللہ کا صفاتی نام۔

وَاحِدَةٌ : ایک۔ کوئی ایک (مؤنث)

وَادِيًا وَادِيٌ : درّہ۔ وادی۔ تلھٹی۔ راستہ۔ میدان۔ اَوْدِيَةٌ جمع

اَلْوَادِي الْمُقَدَّسُ : پاک وادی یعنی وہ جگہ جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے باتیں کیں۔ اس مقدس وادی کا نام طُوًی ہے۔

وَارِثٌ : میراث لینے والا۔ وارث ہونے والا۔ باقی رہنے والا۔ نائب۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔ وِرَاثَةٌ مصدر۔ وَرَثَةٌ جمع

وَارِثُونَ / وَارِثِينَ : وارث ہونے والے۔ نائب۔ میراث پانے والے۔ وَارِثٌ واحد

وَارِدٌ : پہنچنے والا۔ آنے والا۔ اُترنے والا۔ وُرَّادٌ جمع

وَارِدُونَ : آنے والے۔ پہنچنے والے۔ اُترنے والے۔ وَارِدٌ واحد

وَازِرَةٌ : بوجھ اُٹھانے والی۔ گناہ اُٹھانے

toobaa-elibrary.blogspot.com

والی ۔گنہگار۔ وِزْرٌ مصدر

وَاسِعٌ : فراخ۔ کشایش والا۔چکلا چوڑا۔ وسیع۔ اللہ کا صفاتی نام۔

وَاسِعَۃٌ : کشادہ۔چکلی چوڑی۔فراخ۔ بڑی۔

وَاصِبٌ : ہمیشہ کا۔ دائمی۔مستحکم۔مستقل۔لازمی۔ ثابت رہنے والا۔ لگاتار۔

وَاعَدْنَا : ہم نے وعدہ کیا مُوَاعَدَۃٌ مصدر

وَاعِظِیْنَ : نصیحت کرنے والے وَاعِظٌ واحد

وَاعِیَۃٌ : یاد رکھنے والی۔نگاہ رکھنے والی۔ سنبھال کر رکھنے والی۔ وَعْیٌ مصدر

وَاقٍ : نگاہ رکھنے والا۔بچانے والا۔ نجات دینے والا۔

وَاقِعٌ : گرنے والا۔ ہونے والا۔ ہو پڑنے والا۔ واقع ہونے والا۔

اَلْوَاقِعَۃُ : آپڑنے والا۔حادثہ۔ہونے والی۔ قیامت۔مصیبت۔لڑائی۔

وَالٍ : مددگار۔کارساز۔حمایتی۔نزدیک والی۔ وُلَاۃٌ جمع

وَالِدٌ : باپ۔ پدر۔ وِلَادَۃٌ مصدر

وَالِدَاتٌ : مائیں ۔ وَالِدَۃٌ واحد

وَالِدَانِ : ماں باپ۔ والد اور والدہ۔

وَالِدَۃٌ : ماں۔ مادر۔ جننے والی۔

وَالِدَیْ : ماں باپ۔ والد اور والدہ۔ (وَالِدَیْنِ تھا مضاف ہونے کی وجہ سے ن گر گیا)

وَالِدَیْنِ : ماں باپ۔ والد اور والدہ۔

وَاہِیَۃٌ : کمزور۔بودی۔سست ہونے والی۔کمزور۔نازک۔ وَھْیٌ مصدر

وَبَالٌ : عذاب جو سہا نہ جا سکے۔ وبال۔ برا انجام۔ برے کام کی سزا۔

وَبِیْلٌ : ناگوار۔ بھاری وبال۔ سخت۔

وَتْرٌ : طاق۔ اکیلا۔ وہ عدد جو

toobaa-elibrary.blogspot.com

دو پر پورا تقسیم نہ ہو سکے۔
شَفْعٌ ضد

وَتِيْنٌ: دل کی رگ جس کے کٹنے سے آدمی مرجاتا ہے۔ شہ رگ۔ وُتُنٌ۔ اَوْتِنَةٌ جمع

وَثَاقٌ: قید۔ باندھنا۔ گرفتار کرنا۔ زنجیر۔ زنجیر سے باندھنا۔

وُثْقٰى: معتمد۔ مضبوط۔ سہارا دینے والی۔ قوی۔ مستحکم۔ وُثُوْقٌ مصدر

وَجَبَتْ: وہ گر پڑی۔ آ پڑی۔ وُجُوْبٌ مصدر

وُجْدٌ: مقدور۔ طاقت۔ توانگری۔ مقدرت۔ استطاعت۔

وَجَدَ: اس نے پایا۔ تلاش کر لیا۔ وِجْدَانٌ مصدر

وُجِدَ: وہ پایا گیا۔ وِجْدَانٌ مصدر

وَجَدَا: اُن دونوں نے پایا وِجْدَانٌ مصدر

وَجَدْتُّ: میں نے پایا۔ وِجْدَانٌ مصدر

وَجَدْتُّمْ: تم نے پایا۔ وِجْدَانٌ مصدر

وَجَدْتُّمُوْ: تم نے پایا۔ وِجْدَانٌ مصدر

وَجَدْنَا: ہم نے پایا۔ وِجْدَانٌ مصدر

وَجَدُوْا: انہوں نے پایا۔ وِجْدَانٌ مصدر

وَجِلَةٌ: ڈرنے والی۔ خوف زدہ۔

وَجِلَتْ: وہ ڈری۔ سہمی۔ اس نے خوف کھایا۔ وَجَلٌ مصدر

وَجِلُوْنَ: ڈرنے والے۔ خوف کھانے والے۔ وَجِلٌ واحد

وُجُوْهٌ: منہ۔ چہرے۔ وَجْهٌ واحد

وَجْهٌ: منہ۔ ذات۔ چہرہ۔ توجہ۔ حقیقت۔ رضا۔ مرضی۔ خوشنودی۔

وَجْهَ النَّهَارِ: اوّل دن۔ دن چڑھے۔ شروع شروع۔ ابتدا میں۔

وِجْهَةٌ: قبلہ۔ طرف۔ سمت۔

وَجَّهْتُ: میں نے منہ کیا۔ میں متوجہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوا۔ تَوْجِيهٌ مصدر

وَجِيهٌ: باوقار۔ آبرو والا۔ عزّت وبزرگی والا۔ وُجَهَاءُ جمع

وَحْدٌ: ایک۔ اکیلا۔ وَحْدٌ مصدر

وَحْدَهٗ: وہی اکیلا۔ تنِ تنہا۔

وُحُوشٌ: بہت سے جنگلی اور پہاڑی جانور کئی وحشی جانور۔ وَحْشِيٌّ واحد

وَحْيٌ: حکم وپیغام الٰہی دل میں ڈالنا۔ اِلقا۔ وحی۔ الہام۔ وُحِيٌّ جمع

وَحِيْدٌ: تنِ تنہا۔ اکیلا۔ یکتا۔

وَدٌّ: حضرت ادریس علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے۔ قومِ نوحؑ (شیطان کے بہکانے سے) اُن کی صورت کا بُت بناکر پُوجتی تھی۔

وُدٌّ: محبت اور دوستی۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا۔ (مصدر ہے)

وَدَّ: اُس نے چاہا۔ دوست رکھا۔ پسند کیا۔ تمنّا کی۔ وُدٌّ مصدر

وَدَّتْ: اُس نے چاہا۔ پسند کیا۔ محبت کی۔ آرزو کی۔ (مؤنث)

وَدَّعَ: اس نے رخصت کیا۔ جدا کیا۔ چھوڑ دیا۔ تَوْدِيعٌ مصدر

وَدْقٌ: ہلکی بارش۔ مینھ برسنا۔

وَدُّوْا: انہوں نے دوست رکھا۔ چاہا۔ پسند کیا۔ وُدٌّ مصدر

وَدُوْدٌ: بہت دوست رکھنے والا۔ بڑی محبت کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

وَرَآءَ: گرداگرد۔ آگے اور پیچھے بجائے۔ سوا۔ اس پار۔ اس طرف۔

وَرِثَ: وہ وارث ہوا۔ اُس نے مرنے والے کا مال پایا۔ وہ نائب ہوا

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَرَثَۃٌ : وارث ہونے والے۔ پانے والے۔
وَارِثٌ واحد
وَرِثُوْا : وہ وارث ہوئے۔ نائب ہوئے۔ انھوں نے میراث میں پایا۔
وِرَاثَۃٌ مصدر
وِرْدٌ : پانی کے پاس آنا۔ پہنچنا۔ گھاٹ۔ مُراد جہنّم۔
اَوْرَادٌ جمع
وِرْدًا : پیاسے۔ پیاس کی حالت میں۔
وَرَدَ : وہ پانی کے پاس پہنچا۔ آیا۔
وِرْدٌ مصدر
وَرْدَۃٌ گلابی۔ گلاب کا پھول۔
وَرَدُوْا : وہ وارد ہوئے۔ پہنچے۔ آئے۔
وَرِقٌ : چاندی کا سکّہ۔ چاندی کا روپیہ۔ درہم۔ (مؤنث)
وَرَقٌ : پتّی۔ پتّے۔ (اسمِ جنس)
وَرَقَۃٌ : ایک پتّہ۔ کاغذ۔
وُرِیَ : وہ چھپایا گیا۔ پوشیدہ رکھا گیا۔
مُوَارَاۃٌ مصدر
وَرِیْدٌ : رگِ جان۔ گردن کی رگ۔ بڑی رگ۔ شہ رگ۔
اَوْرِدَۃٌ جمع
وَزَرٌ : پناہ کی جگہ۔ پناہ گاہ۔ نجات۔ بچاؤ۔
وِزْرٌ : بوجھ۔ گناہ۔ اَوْزَارٌ جمع
وَزْنٌ : تولنا۔ وزن۔ اَوْزَانٌ جمع
وَزَنُوْا : اُنھوں نے تولا۔ وزن کیا۔ تولا۔ ناپا۔ وَزْنٌ مصدر
وَزِیْرٌ : بوجھ اٹھانے والا۔ بوجھ اٹھانے میں شریک۔ شریکِ کار۔ نائب۔ تدبیر کرنے والا۔ وُزَرَاءُ جمع

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَسَطٌ : درمیانی۔ معتدل۔ اعتدال والی یا والا۔ بہترین۔ (مذکر مؤنث واحد جمع)

وُسْطٰی : بیچ کی۔ درمیانی۔ اَوْسَطُ مذکر

وَسَطْنَ : وہ بیچ میں بیٹھ گئیں۔ گھس گئیں۔ بیچ میں داخل ہوگئیں۔ وَسْطٌ مصدر

وُسْعٌ : وسعت۔ فراخی۔ کشادگی۔ طاقت۔ گنجائش۔

وَسِعَ : وہ کشادہ ہوا۔ پھیلا ہوا ہے فراخ ہے۔ اس نے گھیر لیا۔ سَعَۃٌ مصدر

وَسِعَتْ : وہ فراخ ہوئی۔ اس نے گھیرے میں لے لیا۔ وہ پھیلی ہوئی ہے۔

وَسِعْتَ : تُو نے سمالیا۔ گھیر لیا۔ سَعَۃٌ مصدر

وَسَقَ : اس نے سمیٹا۔ جمع کیا۔ اِکٹھا کرلیا۔ وَسْقٌ مصدر

وَسْوَاسٌ : وسوسہ ڈالنے والا شیطان۔ بُرا خیال دل میں ڈالنے والا۔ وَسَاوِسُ جمع

وَسْوَسَ : بُرا خیال دل میں ڈالا۔ وَسْوَسَۃٌ مصدر

وَسِیْلَۃٌ : ذریعہ۔ دستاویز۔ قربت کا سبب۔ وَسَائِلُ جمع

وَصّٰی : اس نے نصیحت کی۔ تاکید فرمائی۔ وہ دے کر مرا۔ وہ کہہ مرا۔ تَوْصِیَۃٌ مصدر

وَصْفٌ : تعریف۔ ڈھکوسلا۔ بکواس۔ تخصیص مخصوص کرنا۔ اَوْصَافٌ جمع

وَصَّلْنَا : ہم نے ملایا۔ پہنچایا۔ پے در پے بھیجا۔ تَوْصِیْلٌ مصدر

وَصِیَّۃٌ : مرتے وقت کی نصیحت تلقین۔ نصیحت کرنا۔ وَصَایَا جمع

وَصِیْدٌ : چوکھٹ۔ دریچہ۔ وُصُدٌ جمع

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَصِيلَةٌ: ملانے والی۔ وہ اونٹنی جو شروع ہی میں اوپر تلے دو مادہ بچے جنے۔ (جاہلیت کے زمانہ میں ایسی اونٹنی کو آزاد چھوڑ دیتے تھے)۔ وَصَائِلُ جمع

وَصَّيْنَا: ہم نے تاکید کی۔ حکم کیا۔ نصیحت کی۔ تَوْصِيَةٌ مصدر

وَضَعَ: اس نے رکھا۔ رکھ دیا۔ قائم کر دیا۔

وُضِعَ: وہ قائم کیا گیا۔ بنایا گیا۔ رکھ دیا گیا۔

وَضَعَتْ: اُس نے جنا۔ اُس نے رکھا۔ رکھ دیا (مونث) وَضْعٌ مصدر

وَضَعْتُ: میں نے جنا۔ میں نے رکھا۔ وَضْعٌ مصدر

وَضَعْنَا عَنْ: ہم نے اُتار دیا۔ دُور کر دیا۔

وَطْأً: روندنا۔ پامال کرنا۔ کچلنا۔ دبانا (نفس کو)

وَطَرٌ: حاجت۔ خواہش۔ اَوْطَارٌ جمع

وِعَاءٌ: برتن۔ خُرجی۔ زنبیل۔ اَوْعِيَةٌ جمع

وُعِدَ: اس سے وعدہ کیا گیا۔ (ان کو) وعدہ دیا گیا۔ وَعْدٌ مصدر

وَعْدٌ: اقرار۔ وعدہ دینا۔ عہد کرنا۔

وَعَدَ: اس نے اقرار کیا۔ وعدہ کیا۔ وَعْدٌ مصدر

وَعَدْتَّ: تو نے اقرار کیا۔ وعدہ کیا۔ وَعْدٌ مصدر

وَعَدْتُّ: میں نے اقرار کیا۔ وعدہ کیا۔ وَعْدٌ مصدر

وَعَدْنَا: ہم نے وعدہ کیا۔ اقرار کیا۔ وَعْدٌ مصدر

وُعِدْنَا: ہم کو وعدہ دیا گیا۔ ہم سے اقرار کیا گیا۔ وَعْدٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَعَدُوْا: انھوں نے وعدہ کیا۔ وَعْدٌ مصدر
وَعَظْتَ: تُو نے نصیحت کی۔ تنبیہ کی۔ ڈرایا۔
وَعِيْدٌ: ڈرانا۔ عذاب کا وعدہ۔ دھمکی۔
وَفّٰى: اُس نے پُورا اُتارا۔ وفا کیا۔ پُورا پُورا دیا۔ حق ادا کر دیا۔
تَوْفِيَةٌ مصدر
وِفَاقٌ: پُورا۔ کامل۔ مکمل۔
وَفْدٌ: جماعت۔ گروہ۔ فوج بھیڑ۔
وُفُوْدٌ جمع
وُفِّيَتْ: اس کو تمام دیا گیا۔ اُسے پُورا پُورا دیا گیا۔ (مؤنث)
تَوْفِيَةٌ مصدر
وَقٰى: اُس نے بچایا۔ نجات دی۔
وِقَايَةٌ مصدر
وَقَارٌ: بڑائی۔ بزرگی۔ عظمت۔ بردباری
وَقَبَ: (اندھیرا) پھیل گیا۔ چھا گیا۔

وَقْبٌ مصدر
وَقْتٌ: زمانہ۔ مدت۔ وقت۔ معیّن وقت۔ اَوْقَاتٌ جمع
وِقْرٌ: بھاری بوجھ۔ وزن۔ (مُرادِ پانی سے بھرا ہوا بادل) اَوْقَارٌ جمع
وَقْرٌ: بہرا پن۔ کم سُننا۔ بوجھ۔ ڈاٹ۔
وَقَعَ: وہ گرا۔ آپڑا۔ ہو پڑا۔ پیش ہو گیا۔
وَقْعَةٌ: ہو پڑنا۔ پیش آجانا۔ واقع ہو جانا
وَقَعَتْ: وہ قائم ہوئی۔ آپڑی۔ ہو پڑی
وُقُوْعٌ مصدر
وُقِفُوْا: وہ کھڑے کیے گئے۔ روکے گئے۔ ٹھیرائے گئے۔ وَقْفٌ مصدر
وَقُوْدٌ: ایندھن۔ لکڑی۔
وَكَزَ: اُس نے گھونسہ مارا مُکّا مارا وَكْزٌ مصدر
وُكِّلَ: وہ وکیل کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ مسلّط کیا گیا۔ تَوْكِيْلٌ مصدر
وَكَّلْنَا: ہم نے وکیل کیا۔ مقرر کر دیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَكِيلٌ: کارساز۔ کام بنانے والا۔ اللہ کا صفاتی نام۔ وُكَلَاءُ جمع

وَلِّ: تُو پھیر لے۔ تُو موڑ لے تَوْلِيَةٌ

وَلّٰى: اُس نے منہ پھیرا۔ اس نے پھیر دیا۔ واپس مُڑا۔ پھر گیا۔ تَوْلِيَةٌ مصدر

وَلَايَةٌ: حاکمیت۔ حکم چلانا۔ میراث۔ کارسازی۔ رفاقت۔ اختیار۔

وَلَدٌ: بیٹا۔ لڑکا۔ اَوْلَادٌ جمع

وَلَدَ: اُس نے جنا۔ پیدا کیا۔

مَا وَلَدَ: جس کو جنا۔ جو اُس نے جنا۔

وُلِدَ: وہ جنا گیا۔ وِلَادَةٌ مصدر

وِلْدَانٌ: بچے۔ غلام۔ لڑکے۔ وَلِيدٌ واحد

وُلِدْتُّ: میں جنا گیا۔ میں پیدا ہوا۔

وَلَدْنَ: انھوں نے جنا۔ (مؤنث)

وَلَّوْا: انھوں نے منہ پھیرا۔ وہ مُڑ گئے۔ واپس پھر گئے۔ تَوْلِيَةٌ مصدر

وَلَّوْا: تم پھیر لو۔ موڑ لو۔ تَوْلِيَةٌ مصدر

وَلِيٌّ: دوست۔ حمایتی۔ مالک۔ اَوْلِيَاءُ جمع

وَلَّيْتَ: تُو پھر گیا۔ تُو واپس مُڑ گیا۔ تَوْلِيَةٌ مصدر

وَلَّيْتُمْ: تم اُلٹے پھر گئے۔ تم واپس مڑ گئے۔ تَوْلِيَةٌ مصدر

وَلِيجَةٌ: بھیدی۔ خصوصی دوست۔ رازدار۔ دلی دوست۔

وَلِيدًا: بچہ۔ چھوٹا لڑکا۔ بچپن میں۔ لڑکپن میں۔ وِلْدَانٌ جمع

وُورِيَ: وہ چھپایا گیا۔ ڈھانکا گیا۔ مُوَارَاةٌ مصدر

وَهَّابٌ: خوب بخشنے والا۔ دینے والا۔ عطا کرنے والا۔ اللہ کا صفاتی نام هِبَةٌ

وَهَّاجٌ: چمکنے والا۔ روشن۔ تابناک۔

وَهَبَ: اُس نے بخشا۔ عطا کیا۔ هِبَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَهَبَتْ : اُس نے بخشا۔ سونپ دیا۔ (مؤنث)

وَهَبْنَا : ہم نے بخشا۔ عطا کیا۔

هِبَةٌ مصدر

وَهْنٌ : سُستی۔ کمزوری۔ ضُعف۔

وَهَنَ : وہ سُست ہوا۔ کمزور ہوا۔

وَهَنُوْا : وہ سُست ہوئے۔ کمزور ہوئے۔

وَيْكَأَنَّ : تعجب ہے کہ۔ افسوس ہے کہ۔ ہائے شامت۔ ارے خرابی۔ (یہ مرکب ہے وَيْكَ اور اَنَّ سے۔ یا وَيْ اور كَأَنَّ سے۔ بعض کے نزدیک وَيْكَ مخفّف ہے وَيْلَكَ کا۔ اور اَنَّ الگ ہے)۔

وَيْلٌ : خرابی۔ بربادی۔ عذاب۔ شامت۔ وائے۔ افسوس۔ جہنم کی ایک وادی کا نام۔

وَيْلَةٌ : خرابی۔ مصیبت۔ رُسوائی۔ کمبختی۔

وَيْلَتَنَا : افسوس ہے ہم پر۔ ہائے خرابی ہماری۔

وَيْلَتٰى : افسوس ہے مجھ پر۔ ہائے میری شامت۔ (وَيْلَتِيْ تھا۔ ی متکلم کو الف سے بدل لیا گیا)

ه

هُ۔ هٗ : اُس۔ اُس کو۔ اُس کا۔ اُس کی۔ اُس کے۔ (ضمیر واحد مذکر غائب) جیسے جَعَلَهٗ (اُس نے اُس کو بنایا) لَهٗ (اُس کے لیے۔ واسطے)۔ اِلَيْهِ (اس کی طرف) فِيْهِ (اُس میں)

هٗ : ہائے سکتہ جو اظہارِ حرکت کے لیے آتی ہے کچھ معنی نہیں دیتی جیسے مَالِيْ سے مَالِيَهْ (میرا مال) سُلْطَانِيْ سے سُلْطَانِيَهْ (میری حکومت)

toobaa-elibrary.blogspot.com

هٗ : ہائے وقفی اُس تائے تانیث کو کہتے ہیں جو حالتِ وقف میں ساکن پڑھی جاتی ہے جیسے رَحْمَةٌ سے رَحْمَهْ۔

هَا : اُس۔ اُس کا۔ اُس کی۔ اُس کے۔ اُس کو۔ (ضمیر واحد مؤنث غائب) جیسے نَصَرْتُهَا (میں نے اُس عورت کو مدد دی)۔ لَهَا (اُس کے لیے)۔ فِيهَا (اُس میں)۔

هَا : سُن لو۔ خبردار ہو۔ (حرفِ تنبیہ)

هٰٓؤُلَآءِ : یہ سب۔ (اسمِ اشارہ جمع مذکر و مؤنث)

هَآؤُمُ : تم پکڑو۔ تم لو۔ تم آؤ (اسمِ فعل)

هَاتُوْا : تم لاؤ۔ تم دو۔ تم لے آؤ۔

هَاتَيْنِ : یہ دو۔ یہ دونوں۔ (اسمِ اشارہ تثنیہ مؤنث بحالتِ نصبی)۔

هَاجَرَ : اُس نے ہجرت کی۔ وطن چھوڑا۔ ترک کیا۔ مُهَاجَرَةٌ مصدر

هَاجَرْنَ : انہوں نے (دین کی خاطر) وطن چھوڑا (مؤنث) مُهَاجَرَةٌ مصدر

هَاجَرُوْا : انھوں نے ہجرت کی۔ مُهَاجَرَةٌ مصدر

هَادُوْا : وہ یہودی ہوئے۔ هَوْدٌ مصدر

هَادٍ یا هَادِیٌ : راہ بتانے والا۔ لیڈر۔ رہبر۔ رہ نما۔ هُدَاةٌ جمع۔ هِدَايَةٌ مصدر

هٰذَا : یہ۔ اِس۔ (اسمِ اشارہ مذکر)

هٰذَانِ : یہ دو۔ (اسمِ اشارہ مذکر)

هٰذِهٖ : یہ۔ یہ دنیا۔ (اسمِ اشارہ واحد مؤنث)

هَارِ : گرنے والا۔ منہدم ہونے والا۔ گر کر بہہ جانے والا۔ (هَارَ۔ يَهُوْرُ سے فاعل۔ دراصل هَاوِرٌ تھا

toobaa-elibrary.blogspot.com

قلب کر کے هَارِرٌ ہوا۔ پھر تعلیل کر کے هَارٍ ہو گیا)۔
هَوْرٌ مصدر

هَارُوْتُ: ایک فرشتے کا نام ہے جس کے دوسرے ساتھی کا نام مَارُوْتُ ہے۔ یہ دونوں فرشتے ایک ساتھ شہر بابل میں اُترے تھے۔

هَارُوْنُ: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بڑے بھائی کا نام ہے جو خود بھی پیغمبر تھے۔

هٰكَذَا: ایسا ہی۔ اِسی طرح۔ (اسمِ کنایہ)

هَالِكٌ: مٹ جانے والا۔ برباد ہونے والا۔ فنا ہو جانے والا هُلَّاكٌ جمع

هَالِكِيْنَ: ہلاک ہونے والے۔ تباہ ہونے والے۔ مر جانے والے۔
هَلَاكٌ مصدر

هَامَانُ: فرعون کے وزیر و مُشیر کا نام ہے۔

هَامِدَةٌ: بے گھاس والی۔ خشک سُوکھی بنجر۔ هُمُوْدٌ مصدر

هَاوِيَةٌ: گڑھا۔ دوزخ کے نیچے کا طبقہ۔

هٰهُنَا: اِس جگہ۔ یہیں۔ اِسی جگہ۔

هَبْ: تُو بخش۔ تُو دے۔ تو عطا کر۔
وَهْبٌ مصدر

هَبَآءٌ: غبار۔ گرد۔ دُھول۔ ذرّات۔

هَجْرٌ: چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ کنارہ کشی کرنا۔

هَدًّا: ٹکڑے ٹکڑے ہو کر۔ پارہ پارہ ہو کر۔ ڈھے کر۔

هُدًى: رہ نمائی۔ ہدایت۔ سیدھا راستہ۔ راہ بتانا۔

هَدٰى: اُس نے راہ بتائی۔ راہ دکھائی۔ ہدایت دی۔
هِدَايَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

هُدِّمَتْ: وہ ڈھائی گئی۔ گرائی گئی۔ وہ منہدم کر دیے گئے۔ گرا دیے گئے۔ (جمع مکسر)

هُدْنَا: ہم نے توبہ کی۔ رجوع کیا۔ ہم لوٹے۔ هَوْدٌ مصدر

هُدُوْا: اُنھیں راہ بتائی گئی۔ اُنکو ہدایت دی گئی۔ هَدْيٌ مصدر

هُدْهُدٌ: سُلیمانی چڑیا جس کے سر پر تاج ہوتا ہے۔ ہُدہُد۔ کھُدبڑھئی۔ هَدَاهِدُ جمع

هَدْيٌ: قربانی کا جانور جو مکّہ کو بھیجا جائے۔ نیاز کی قربانی۔

هُدِيَ: اس کی رہ نمائی کی گئی۔ اس کو ہدایت دی گئی۔ هُدًى مصدر

هَدَيْتَ: تونے راہ بتائی۔ ہدایت دی۔

هَدِيَّةٌ: تحفہ۔ ہدیہ۔ هَدَايَا جمع

هَدَيْنَا: ہم نے راہ بتائی۔ ہدایت دی۔

هٰذَا: یہ۔ اِس۔ (اسمِ اشارہ مذکر)

هَرَبًا: بھاگ کر۔ فرار ہو کر۔

هَزْلٌ: بیہودہ بات۔ ہنسی کی بات۔ بکواس۔ گپ شپ۔ ڈینگ۔

هَزَمُوْا: انھوں نے شکست دی۔ ہرا دیا۔ هَزْمٌ مصدر

هُزُوًا: ٹھٹھا۔ وہ جس سے مذاق کیا جائے۔ ہنسی کی چیز۔ ازراہِ مذاق۔ دل لگی کے طور پر۔

هُزِّيْ: تُو ہلا۔ تُو جھاڑ۔ (مؤنث)

هَشِيْمٌ: بھوسہ۔ سُوکھی گھاس۔ چُورا۔ کُوڑا کرکٹ۔ روندا ہوا۔ پائمال۔

هَضْمٌ: حق کم کرنا۔ حق تلفی کرنا۔ ناانصافی۔ حق مارنا۔ ظلم

هَضِيْمٌ: کلی۔ نازک و نرم چیز۔ لطیف و باریک۔ ملائم۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

هَلْ : کیا؟ آیا کچھ؟ کیا ہے؟ ۔
(حرفِ استفہام)

هَلَكَ : وہ ہلاک ہوا۔ ضائع ہوا۔ فوت ہوا
برباد ہوا۔ تباہ ہوا۔

هَلُمَّ : تم آؤ۔ تم لے آؤ۔ چلے آؤ۔
(اسمِ فعل)

هَلُوْعٌ : بے صبر۔ لالچی۔ کمزور
ارادے والا۔

هُمْ : وہ سب (مرد) (ضمیر جمع مذکر غائب)

هَمَّ : اُس نے ارادہ کیا۔ فکر کیا۔ ہمت
کی۔ چاہا۔ هَمٌّ مصدر

هُمَا : وہ دو (مرد) یا وہ دو (عورتیں)۔

هَمَّازٌ : عیب لگانے والا۔ طعنہ دینے
والا۔ عیب جو۔ هَمْزٌ مصدر

هَمَّتْ : اُس نے ارادہ کیا۔ قصد کیا۔
خواہش کی۔ ہمت کی۔ (مؤنث)

هَمَزَاتٌ : وسوسے۔ بُرے خیالات۔

هُمَزَةٌ : اشارۂ چشم وغیرہ سے طعنہ
دینے والا۔ غیبت کرنے والا۔
سامنے یا پیچھے بُرا کہنے والا۔
(مذکر و مؤنث)

هَمْسٌ : کانا پھوسی۔ پست اور ہلکی آواز۔
کھسر پھسر۔

هَمُّوْا : اُنھوں نے ارادہ کیا۔
ہمت کی۔ فکر کیا۔ خواہش
کی۔ هَمٌّ مصدر

هُنَّ : وہ سب (ضمیر جمع مؤنث غائب)

هُنَالِكَ : وہاں۔ اُس جگہ۔ ایسے موقع پر۔
(یہ اسمِ اشارہ بعید اور لام زائد
اور کاف ضمیر حاضر مفتوح یا مکسور
سے مرکّب ہے)۔

هَنِيْئًا : رچا پچا۔ بخوبی ہضم ہونے
والا۔ بخوشی۔ مزے سے۔
شوق سے۔ هَنَاءَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

هُوَ : وہ (ضمیر واحد مذکر غائب)

هَوٰی : وہ گرا یعنی گر کر غائب ہوا۔ هُوِیٌّ مصدر۔ نفسانی خواہش۔ اَهْوَاءٌ جمع

هَوَآءٌ : خالی۔ ہوا۔ گرے ہوئے۔ (واحد و جمع)

هُوْدٌ : قوم یہود۔ یہودی لوگ۔ توبہ کرنے والے۔ هَائِدٌ واحد۔ ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام جو قوم عاد کی طرف بھیجے گئے تھے۔

هُوْنٌ : ذلّت۔ خواری۔ بے عزّتی۔ مشقّت۔

هَوْنًا : آہستگی سے۔ وقار اور بُردباری سے۔ نرمی سے۔

هِیَ : یہ (عورت) وہ۔ (ضمیر واحد مؤنث غائب)

هَیِّئْ : تُو تیار کر۔ مہیا کر۔ تَهْیِئَةٌ مصدر

هَیْئَةٌ : صوت۔ شکل۔ پیکر۔

هَیْتَ لَكَ : تو آجا۔ جلدی آجا۔ چلا آ۔ (اسم فعل)

هِیْمٌ : سخت پیاسے (اونٹ) پیاسے (آدمی)۔ سرگرداں۔ اَهْیَمُ واحد

هَیِّنٌ : آسان۔ سہل۔ ہلکا۔ معمولی۔ اَهْوِنَاءُ جمع

هِیَهْ : وہ (مؤنث۔ آخر میں ھ سکتہ زائد ہے)۔

هَیْهَاتَ : دُور ہوا۔ کس قدر دور ہے (اسم فعل ہے جو ماضی کے معنی دیتا ہے۔ یعنی ایسا کہاں ممکن ہوگا)۔

ی

ی : مجھ کو۔ میرا۔ میری۔ میرے (ضمیر متکلم

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُلَقَّوْنَ : ان کی ملاقات کرائی جائیگی۔ ان کی پیشوائی کی جائے گی۔ ان کا استقبال کیا جائیگا۔ تَلْقِيَةٌ مصدر

يُلْقِيْ : وہ ڈالتا ہے۔ اُتارتا ہے۔ نازل کرتا ہے۔ اِلْقَاءٌ مصدر

يَلْمِزُ : وہ عیب لگاتا ہے۔ طعنہ دیتا ہے۔ لَمْزٌ مصدر

يَلْمِزُوْنَ : وہ عیب لگاتے ہیں۔ طعنہ زنی کرتے ہیں۔ طعن کرتے ہیں۔ لَمْزٌ مصدر

يَلُوْنَ : وہ نزدیک ہوتے ہیں۔ وہ نزدیک ہیں۔ قریب ہیں۔ وَلْيٌ مصدر

يَلْوُوْنَ : وہ پھیرتے ہیں۔ مروڑتے ہیں۔ موڑتے ہیں۔ لَيٌّ مصدر

يُلْهِ : وہ مشغول رکھے۔ غافل کردے۔ غفلت میں ڈال دے۔ (اصل میں يُلْهِيْ تھا جوابِ امر ہونے کی وجہ سے ی آخر سے گر گئی)۔ اِلْهَاءٌ مصدر

يَلْهَثْ : وہ زبان نکالتا ہے۔ سخت پیاسا ہوتا ہے۔ ہانپتا ہے لَهْثٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَمُّ : سمندر۔ دریا۔ گہرا پانی۔ منجدھار۔ يُمُوْمٌ جمع

يُمَارُوْنَ : وہ (شک والی باتوں میں) جھگڑا کرتے ہیں۔ مُمَارَاةٌ مصدر

يَمُتْ : وہ (جو) مرجائے۔ مرے۔ وہ مرے گا۔ (اصل میں يَمُوْتُ تھا۔ مَنْ شرطیہ کی وجہ سے و گر کر يَمُتْ رہ گیا)۔ مَوْتٌ مصدر

يَمْتَرُوْنَ : وہ شک کرتے ہیں۔ اِمْتِرَاءٌ مصدر

يُمَتِّعْ : وہ فائدہ مند کرے گا۔ نفع دے گا۔ مال دار کرے گا۔ استعمال کرائے گا۔

يُمَتَّعُوْنَ : وہ بہرہ مند کیے جاتے ہیں۔ ان کو فائدہ دیا جاتا ہے۔ تَمْتِيْعٌ مصدر

يَمْحُ : وہ مٹاتا ہے۔ وہ نابود کرتا ہے۔ (اصل میں يَمْحُوُ اتھا) مَحْوٌ مصدر

يُمَحِّصَ : (تاکہ) وہ خالص کردے۔ خالص اور صاف کردے۔ تَمْحِيْصٌ مصدر

يَمْحَقُ : وہ ناچیز کرتا ہے۔ گھٹاتا ہے۔ نابود کرتا ہے۔ (تاکہ) وہ نابود کردے۔

يَمْحُوْا : وہ مٹاتا ہے۔ مٹا دیتا ہے۔ مَحْقٌ مصدر

يَمُدُّ : وہ کھینچتا ہے۔ دراز کرتا ہے۔ وہ ڈھیل دیتا ہے۔ وہ مدد دے۔ وہ سیاہی بن جائے۔

يُمِدَّ : وہ مدد کرتا ہے۔ (کہ) وہ مدد کرے۔ اِمْدَادٌ مصدر

يَمْدُدْ : وہ کھینچتا ہے۔ دراز کرتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مہلت دیتا رہتا ہے۔ اس کو چاہیے کہ کھینچ لے جائے۔ (لِيَمْدُدْ) مَدٌّ مصدر

يُمْدِدْ : وہ مدد دے گا۔ مدد بھیجے گا۔ بڑھائے گا۔ امداد کرے گا۔ اِمْدَادٌ مصدر

يَمُدُّوْنَ : وہ کھینچتے ہیں۔ وہ کھینچتے چلے جاتے ہیں۔ مَدٌّ مصدر

يَمُرُّوْنَ : وہ گذرتے ہیں۔ چلتے ہیں۔ پھرتے ہیں۔ مُرُوْرٌ مصدر

يَمَسَّ : وہ چھوئے گا۔ پہنچے گا۔ (کہ) وہ پہنچے۔ وہ چھوئے۔ مَسٌّ مصدر

يَمَسَّسْ : (اگر) وہ پہنچے۔ لگ جائے۔ وہ پہنچا دے۔ لگا دے۔ مَسٌّ مصدر

لَمْ يَمْسَسْ : اس نے نہیں چھوا۔ ہاتھ نہیں لگائے۔ وہ نہیں لگا۔ وہ نہیں پہنچا۔ مَسٌّ مصدر

يَمْسِكُ : وہ روکے رکھتا ہے۔ وہ تھامے ہوئے ہے۔ روک لیتا ہے۔ مَسْكٌ مصدر

يُمَسِّكُوْنَ : وہ مضبوط پکڑتے ہیں۔ وہ پکڑے ہوئے ہیں۔ تَمْسِيْكٌ مصدر

يَمَسَّنَّ : وہ ضرور چھوئے گا۔ ضرر لگے گا۔ ضرر پہنچے گا۔ (لَيَمَسَّنَّ)

يَمْشُوْنَ : وہ چلتے ہیں۔ چلتے پھرتے ہیں۔ مَشْيٌ مصدر

يَمْشِيْ : وہ چلتا ہے۔ وہ چلے گا۔ وہ چلتا پھرتا ہے۔ مَشْيٌ مصدر

يَمْكُثُ : وہ ٹھیرتا ہے۔ رُکا رہتا ہے۔ قرار پکڑتا ہے۔ مُكْثٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَمْكُرُ: وہ فریب دیتا ہے۔ داؤ کرتا ہے۔ چال چلتا ہے۔ سازش کرتا ہے مَكْرٌ مصدر

يَمْكُرُوْا: (تاکہ) وہ چال چلیں۔ حیلہ کریں۔ وہ فریب کرتے ہیں۔ مَكْرٌ مصدر

يَمْكُرُوْنَ: وہ فریب کرتے ہیں۔ سازش کر رہے ہیں مَكْرٌ مصدر

يُمَكِّنَنَّ: وہ ضرور پائدار و مستحکم کر دیگا۔ (لَيُمَكِّنَنَّ) تَمْكِيْنٌ مصدر

يُمِلَّ: (کہ) وہ یاد سے لکھا دے مضمون لکھوائے۔ بول کر لکھوا دے إِمْلَالٌ مصدر

يَمْلِكُ: وہ مالک ہوتا ہے۔ اختیار رکھتا ہے۔ وہ قدرت رکھے گا۔ مَلْكٌ مصدر

يَمْلِكُوْنَ: وہ مالک ہوتے ہیں۔ اختیار رکھتے ہیں۔ وہ قدرت رکھیں گے۔ مَلْكٌ مصدر

يُمْلِلْ: اُسے چاہیے کہ بول کر لکھا دے۔ مضمون لکھوا دے (لِيُمْلِلِ)۔ إِمْلَالٌ مصدر

يَمُنُّ: وہ احسان کرتا ہے۔ احسان جتاتا ہے۔ مَنٌّ مصدر

يُمْنٰى: وہ ٹپکایا جاتا ہے۔ گرایا جاتا ہے۔ ڈالا جاتا ہے۔ إِمْنَاءٌ مصدر

يَمْنَعُوْنَ: وہ باز رکھتے ہیں۔ منع کرتے ہیں۔ وہ مانگنے سے نہیں دیتے۔ روکتے ہیں۔ مَنْعٌ مصدر

يَمُنُّوْنَ: وہ احسان رکھتے ہیں۔ احسان جتاتے ہیں۔ مَنٌّ مصدر

يُمَنِّيَنَّ: وہ آرزوئیں ڈالتا ہے۔ امیدیں دلاتا ہے۔ تَمْنِيَةٌ مصدر

يَمُوْتُ: وہ مرتا ہے۔ وہ مرے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہ مرے۔ مَوْتٌ مصدر

يَمُوْتُوْا : (کہ) وہ مرجائیں۔ انھیں موت آجائے۔ مَوْتٌ مصدر

يَمُوْتُوْنَ : وہ مرتے ہیں۔ وہ مرینگے مَوْتٌ مصدر

يَمُوْجُ : وہ موج مارے گا۔ گھسے گا۔ وہ موجوں کی طرح نکلیں گے۔ ایک دوسرے میں گھستے ہوئے نکلیں گے۔ مَوْجٌ مصدر

يَمْهَدُوْنَ : وہ جگہ بناتے ہیں۔ تیار کرتے ہیں۔ درست کرتے ہیں۔ مَهْدٌ مصدر

يُمِيْتُ : وہ مارتا ہے۔ موت دیتا ہے۔ مارے گا۔ اِمَاتَةٌ مصدر

يَمِيْزَ : (تاکہ) وہ جدا کردے۔ ممتاز کردے۔ الگ کردے۔ مَيْزٌ مصدر

يَمِيْلُوْنَ : وہ خواہش کریں گے۔ وہ جھک پڑیں۔ جھپٹ پڑیں۔ پل پڑیں۔ حملہ کردیں مَيْلٌ۔ مَيَلَانٌ مصدر

يَمِيْنٌ : قسم۔ داہنی طرف۔ داہنا ہاتھ۔ سعادت۔ برکت۔ قوت اَيْمَانٌ جمع

اَصْحَابُ الْيَمِيْنِ : داہنی طرف والے۔ یعنی جنّتی لوگ جن کو قیامت کے دن دائیں ہاتھ میں اعمال نامہ ملے گا۔

اَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ : بھی داہنی طرف والوں کو کہتے ہیں یعنی جنّتی لوگ۔

اَصْحَابُ الشِّمَالِ : بائیں طرف والے یعنی جہنّمی لوگ جنھیں قیامت کے دن بائیں ہاتھ میں اعمال نامہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ملے گا۔

اَصْحَابُ الْمَشْئَمَةِ : بھی بائیں طرف والوں کو کہتے ہیں۔ یعنی جہنمی لوگ۔

يَنَابِيعُ : چشمے۔ يَنْبُوعٌ واحد

يُنَادُوْنَ : وہ پکارتے ہیں۔ وہ پکاریں گے۔ وہ آواز دیتے ہیں۔ نِدَاءٌ مصدر

يُنَادَوْنَ : اُن کو پکارا جائے گا۔ اُنکو آواز دی جائے گی۔ ان کو پکار کر کہہ دیا جائے گا۔ مُنَادَاةٌ مصدر

يُنَادِ } يُنَادِي } : وہ پکارتا ہے۔ پکارے گا۔ نِدَاءٌ مصدر

لَا يُنَازِعُنَّ : وہ ہرگز جھگڑا نہ کریں۔ ہرگز نہ لڑیں۔ تنازعہ نہ کریں۔ نِزَاعٌ مصدر

يَنَالُ : وہ پہنچتا ہے۔ وہ پہنچے گا۔ ملے گا۔ نَيْلٌ مصدر

لَنْ يَّنَالَ : وہ ہرگز نہیں ملے گا۔ ہرگز نہیں پہنچے گا۔

لَمْ يَنَالُوْا : وہ نہیں پہنچے۔ وہ نہیں پاسکے۔ ان کے ہاتھ نہیں لگ سکا۔ نَيْلٌ مصدر

يَنَالُوْنَ : وہ پہنچتے ہیں۔ وصول کرتے ہیں۔ قابو پاتے ہیں۔ وہ لیتے ہیں۔

يَنْـَٔوْنَ : وہ دُور ہوتے ہیں۔ پرے رہتے ہیں۔ وہ پھر جاتے ہیں۔ نَأْيٌ مصدر

يُنَبِّئُ : وہ آگاہ کرتا ہے۔ وہ خبردار کرے۔ بتائے۔ وہ بتا سکتا ہے۔ وہ بتائے گا۔ خبر دے گا۔ تَنْبِئَةٌ مصدر

لَمْ يُنَبَّأْ : اُس کو خبر نہیں ہوئی۔ اُسے

toobaa-elibrary.blogspot.com

خبر نہیں پہنچی۔ اسے خبردار نہیں کیا گیا۔ تَنْبِئَۃٌ مصدر

يُنْبِتُ: وہ اُگاتا ہے۔ زمین سے پیدا کرتا ہے۔ اِنْبَاتٌ مصدر

يُنْبَذَنَّ: وہ ضرور پھینکا جائے گا۔ ڈالا جائیگا۔ (لَيُنْبَذَنَّ) نَبْذٌ مصدر

يَنْبَغِيْ: اس کے لائق ہے۔ اس کے قابل ہے۔ وہ سزاوار ہے اس کو چاہیے۔ اسکے شایانِ شان ہے۔ اِنْبِغَاءٌ مصدر

يُنَبَّؤُا: اس کو خبردار کیا جائے گا۔ بتایا جائیگا۔ تَنْبِئَۃٌ مصدر

يَنْبُوْعٌ: چشمہ۔ يَنَابِيْعُ جمع

يَنْتَصِرُوْنَ: وہ بدلہ لیں گے۔ وہ بدلہ لیتے ہیں۔ وہ بدلہ لے سکتے ہیں۔ اِنْتِصَارٌ مصدر

يَنْتَظِرُ: وہ انتظار کرتا ہے۔ امید رکھتا ہے۔ وہ ٹھیرا ہوا ہے۔ اِنْتِظَارٌ مصدر

يَنْتَظِرُوْنَ: وہ امید رکھتے ہیں۔ انتظار کر رہے ہیں۔ وہ ٹھیرے ہوئے ہیں۔ اِنْتِظَارٌ مصدر

يَنْتَقِمُ: وہ بدلہ لیتا ہے۔ وہ بدلہ لے گا۔ اِنْتِقَامٌ مصدر

لَمْ يَنْتَهِ: وہ باز نہیں آیا۔ رُکا نہیں۔ اِنْتِهَاءٌ مصدر

يَنْتَهُوْا: (اگر) وہ باز آجائیں۔ وہ رُک جائیں گے۔ وہ نہ کریں۔ اِنْتِهَاءٌ مصدر

لَمْ يَنْتَهُوْا: (اگر) وہ باز نہیں آئے۔ وہ رُکے نہیں۔ اِنْتِهَاءٌ مصدر

يَنْتَهُوْنَ: وہ باز رہتے ہیں۔ (شاید کہ) وہ رُک جائیں۔ اِنْتِهَاءٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُنْجِيْ : وہ بچالے۔ چھڑالے۔ نجات دیدے۔ اِنْجَاءٌ مصدر

يُنَجِّيْ : وہ نجات دیتا ہے۔ وہ نجات دیگا۔ تَنْجِيَةٌ مصدر

يَنْحِتُوْنَ : وہ تراشتے ہیں۔ وہ پتھر کاٹتے ہیں۔ نَحْتٌ مصدر

يُنْذِرُ : وہ ڈراتا ہے۔ خبردار کرتا ہے۔ (تاکہ) وہ چوکنا کردے۔ ڈرادے۔ اِنْذَارٌ مصدر

يُنْذِرُوْا : (تاکہ) وہ ڈرائیں۔ خوف دلائیں۔ اِنْذَارٌ مصدر

يُنْذَرُوْا : (تاکہ) ان کو ڈرایا جائے۔ خوف دلایا جائے۔ آگاہ کردیا جائے۔ اِنْذَارٌ مصدر

يُنْذِرُوْنَ : وہ ڈراتے ہیں۔ چوکنا کرتے ہیں۔ وہ چوکنا کریں گے۔ آگاہ کریں گے۔

يُنْذَرُوْنَ : ان کو ڈرایا جاتا ہے۔ ان کو چوکنا کیا جاتا ہے۔ اِنْذَارٌ مصدر

يَنْزِعُ : وہ کھینچتا ہے۔ اُتارتا ہے۔ چھینتا ہے۔ نَزْعٌ مصدر

يَنْزَغُ : وہ ورغلاتا ہے۔ فساد ڈالتا ہے۔

يَنْزَغَنَّكَ : (اگر) تجھ کو فتنہ میں ڈال ہی دے۔ تیرے دل میں کبھی وسوسہ ڈال دے۔ تجھ کو کبھی بہکا دے۔ نَزْغٌ مصدر

يُنْزَفُوْنَ : وہ بہکا دیے جائیں گے۔ ان کی عقل گم ہوجائے گی وہ مدہوش کردیے جائینگے نَزْفٌ مصدر

يُنْزِفُوْنَ : وہ بیہوش ہوجائیں گے۔ مدہوش ہوجائیں گے۔ وہ بکنے لگیں گے۔ ان کی عقل زائل ہوجائے گی۔ اِنْزَافٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَنْزِلُ : وہ اُترتا ہے۔ نازل ہوتا ہے۔ نُزُوْلٌ مصدر

يُنَزِّلُ : وہ اُتارتا ہے۔ اُتارے گا۔ نازل کرے گا۔ (کہ) وہ اُتارے نازل کرے۔ تَنْزِيْلٌ مصدر

لَمْ يُنَزِّلْ : اس نے نہیں اُتارا نہیں نازل کیا۔ تَنْزِيْلٌ مصدر

يُنَزَّلَ : (کہ) وہ اُتارا جائے۔ نازل کیا جائے۔ وہ اُتارا جاتا ہے۔ نازل کیا جاتا ہے۔

يَنْسٰى : وہ بھولتا ہے۔ وہ بھولیگا۔ نِسْيَانٌ مصدر

يَنْسَخُ : وہ مٹا دیتا ہے۔ منسوخ کر دیتا ہے۔ نَسْخٌ مصدر

يَنْسِفُ : وہ بکھیر دے گا۔ اُڑا دیگا۔

يَنْسِلُوْنَ : وہ نکل بھاگیں گے۔ دَوڑ پڑیں گے۔ دَوڑتے آئیں گے۔ نَسَلٌ مصدر

يُنْسِيَنَّ : (اگر) وہ بھلا ہی دے۔ وہ کبھی بھول ڈال دے۔ اِنْسَاءٌ مصدر

يُنَشَّؤُا : وہ پیدا کیا جاتا ہے۔ اٹھایا جاتا ہے۔ پالا جاتا ہے۔ اس کی پرورش کی جاتی ہے۔ تَنْشِئَةٌ مصدر

يُنْشِئُ : وہ پیدا کرتا ہے۔ اٹھاتا ہے وہ پیدا کرے گا۔ اٹھائے گا۔ اِنْشَاءٌ مصدر

يَنْشُرُ : وہ پھیلا دے گا۔ وسیع کر دے گا۔ وہ پھیلا دیتا ہے۔ کھول دیتا ہے۔ نَشْرٌ مصدر

يُنْشِرُوْنَ : وہ اٹھائیں گے۔ وہ اُٹھا کھڑا کریں گے۔ اِنْشَارٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَنْصُرُ : وہ مدد کرتا ہے۔ وہ مدد کرے گا۔
نَصْرٌ مصدر

لَنْ يَّنْصُرَ : وہ ہرگز مدد نہیں کرے گا۔
نَصْرٌ مصدر

يَنْصُرَنَّ : وہ ضرور مدد کریگا۔ ضرور مدد بھیجے گا۔ (لَيَنْصُرَنَّ)
نَصْرٌ مصدر

يَنْصُرُوْنَ : وہ مدد کرتے ہیں۔ وہ مدد کریں گے۔ نَصْرٌ مصدر

يُنْصَرُوْنَ : (شاید کہ) اُن کی مدد کی جائے۔ اُن کی مدد کی جائیگی۔
نَصْرٌ مصدر

يَنْطِقُ : وہ کہتا ہے۔ بولتا ہے۔ بتلاتا ہے۔ گفتگو کرتا ہے۔
نُطْقٌ مصدر

يَنْطِقُوْنَ : وہ بولتے ہیں۔ بات کرتے ہیں۔ گفتگو کرتے ہیں۔

نُطْقٌ مصدر

يَنْطَلِقُ : وہ چلتا ہے۔ رواں ہوتا ہے۔ اِنْطِلَاقٌ مصدر

يَنْظُرُ : وہ دیکھتا ہے۔ دیکھے گا۔ وہ انتظار کرتا ہے۔ وہ دیکھے اس کو دیکھنا چاہیے (لِيَنْظُرْ)
نَظَرٌ مصدر

يَنْظُرُوْا : وہ دیکھتے۔ غور کرتے۔
نَظَرٌ مصدر

لَمْ يَنْظُرُوْا : انہوں نے دیکھا نہیں۔ غور نہیں کیا۔

يَنْظُرُوْنَ : وہ دیکھتے ہیں۔ وہ دیکھیں گے۔ وہ مہلت دیتے ہیں۔ انتظار کر رہے ہیں۔ انتظار کرتے ہیں۔ نَظَرٌ مصدر

يُنْظَرُوْنَ : اُن کو مہلت دی جائیگی۔
اِنْظَارٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَنْعٌ : پھل یا میوہ کا پکنا۔ مُراد کو پہنچنا۔ (مصدر ہے)

يَنْعِقُ: وہ آواز دیتا ہے۔ چلّاتا ہے۔ نَعِيْقٌ مصدر

يُنْغِضُوْنَ : وہ (سر کو) مٹکاتے ہیں۔ (از راہِ مذاق سر کو) ہلاتے ہیں۔ وہ (سر) ہلائیں گے۔ اِنْغَاضٌ مصدر

يُنْفَخُ : وہ پھونکا جاتا ہے۔ اُسے پھونکا جائیگا۔ نَفْخٌ مصدر

يَنْفَدُ: وہ ختم ہو جاتا ہے۔ وہ ختم ہو جائے گا۔

يَنْفِرُوْا: (کہ) وہ بھاگیں۔ نکل پڑیں چل پڑیں۔ کوچ کریں نِفَارٌ نَفْرٌ

يَنْفَضُّوْا: (یہاں تک کہ) وہ (خود بخود) پراگندہ ہو جائیں۔ تتر بتر ہو جائیں۔ منتشر ہو جائیں۔ بھاگ جائیں۔ اِنْفِضَاضٌ مصدر

يَنْفَعُ : وہ فائدہ دیتا ہے۔ نفع دے گا۔ کام آئے گا۔ (کہ) وہ نفع دے۔ نَفْعٌ مصدر

لَنْ يَّنْفَعَ : وہ ہرگز فائدہ نہیں دے گا۔ نفع نہیں پہنچائے گا۔ نَفْعٌ مصدر

يَنْفَعُوْنَ : وہ فائدہ دیتے ہیں۔ نفع پہنچاتے ہیں۔ کام آتے ہیں۔ نَفْعٌ مصدر

يُنْفِقُ : وہ خرچ کرتا ہے۔ وہ خرچ کرے۔ اُسے خرچ کرنا چاہیے (لِيُنْفِقْ)۔ اِنْفَاقٌ مصدر

يُنْفِقُوْا: وہ (اللہ کی راہ میں) خرچ کریں۔ اِنْفَاقٌ مصدر

يُنْفِقُوْنَ : وہ خرچ کرتے ہیں۔ وہ خرچ کریں گے۔ اِنْفَاقٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُنْفَوْا : (یا کہ) وہ دور کیے جائیں۔ نکال دیے جائیں۔ جلا وطن کر دیے جائیں۔ نَفْیٌ مصدر

يُنْقِذُوْنِ : وہ مجھ کو چھڑا سکتے ہیں۔ مجھ کو بچا سکیں گے۔ مجھ کو نجات دلا سکیں گے اِنْقَاذٌ مصدر

يُنْقَذُوْنَ : اُن کو نکالا جائے گا۔ چھڑایا جائے گا۔ رہا کیا جائیگا۔ بچایا جائے گا۔

يُنْقَصُ : اُسے کم کیا جاتا ہے۔ اسکو گھٹایا جاتا ہے۔ نَقْصٌ مصدر

لَمْ يَنْقُصُوْا : انہوں نے کم نہیں کیا۔ گھٹایا نہیں۔ نَقْصٌ مصدر

يَنْقَضَّ : وہ گرتا ہے۔ (کہ) وہ گر جائے۔ ٹوٹ پڑے اِنْقِضَاضٌ مصدر

يَنْقُضُوْنَ : وہ (عہد) توڑتے ہیں۔ وہ توڑیں گے۔

يَنْقَلِبُ : وہ پلٹتا ہے۔ پلٹ جاتا ہے۔ وہ لوٹ آئے گا۔ وہ پھر جائیگا۔ واپس لوٹے گا۔

لَنْ يَّنْقَلِبَ : وہ ہرگز نہیں پھرے گا۔ واپس نہ ہوگا۔ ہرگز نہ لوٹے گا۔ ہرگز واپس نہیں آسکیں گے۔ نہیں لوٹ سکیں گے۔

يَنْقَلِبُوْا (نتیجۃً) وہ ہو جائیں۔ پھر جائیں۔ واپس لوٹ جائیں۔ اِنْقِلَابٌ مصدر

يَنْقَلِبُوْنَ : وہ پھریں گے۔ واپس لوٹیں گے۔ پلٹیں گے۔ اِنْقِلَابٌ مصدر

يَنْكُثُ : وہ (عہد) توڑتا ہے۔ وہ توڑے گا۔ نَكْثٌ مصدر

يَنْكُثُوْنَ : وہ (عہد) توڑتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

توڑ ڈالتے ہیں۔ نَكْثٌ مصدر

يَنْكِحُ : وہ نکاح کرتا ہے۔ (کہ) وہ نکاح کرے۔ نکاح کر سکتا ہے۔ نِكَاحٌ مصدر

يَنْكِحْنَ : (کہ) وہ نکاح کرلیں۔ وہ نکاح کرلیتی ہیں۔ وہ نکاح کریں۔ (مؤنث)۔ نَكْحٌ مصدر

يُنْكِرُ : وہ انکار کرتا ہے۔ وہ نہیں مانتا ہے۔ اِنْكَارٌ مصدر

يُنْكِرُوْنَ : وہ انکار کرتے ہیں۔

يَنْهٰى : وہ منع کرتا ہے۔ روکتا ہے۔ وہ روکے گا۔ نَهْيٌ مصدر

يَنْهَوْنَ : وہ منع کرتے ہیں۔ روکتے ہیں۔ وہ روکیں گے نَهْيٌ مصدر

يُنِيْبُ : وہ رجوع کرتا ہے۔ متوجہ ہوتا ہے۔ وہ لوٹتا ہے۔ وہ واپس لوٹے گا۔ توبہ کرتا ہے۔ اِنَابَةٌ مصدر

يُؤَاخِذُ : وہ گرفت کرتا ہے۔ پکڑتا ہے۔ وہ پکڑے گا۔ (اگر وہ گرفت کرے۔ پکڑے مُؤَاخَذَةٌ مصدر

يُوَآدُّوْنَ : وہ باہم دوستی کرتے ہیں۔ محبت کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کو چاہتے ہیں۔ مُوَادَّةٌ مصدر

يُوَارِيْ : وہ چھپاتا ہے۔ وہ چھپائیگا۔ مُوَارَاةٌ مصدر

يُوَاطِئُوْا : (تاکہ) وہ برابر اور پورا کرلیں۔ موافقت کرلیں۔ مُوَاطَئَةٌ مصدر

يُوْبِقْ : (تو) وہ ہلاک کردے۔ تباہ کردے۔ تباہ و برباد کردے۔ اِيْبَاقٌ مصدر

يُؤْتِ : وہ دیتا ہے۔ وہ عطا کریگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

دے دے گا۔ (اصل میں یُؤْتِیُ تھا۔ جزا ہونے کی وجہ سے آخر سے ی گر گئی)۔

لَمْ يُؤْتِ : اس نے عطا نہیں کیا۔ دیا نہیں۔ اِیْتَاءٌ مصدر

يُؤْتَ : اس کو دیا جاتا ہے۔ عطا کیا جاتا ہے۔ اِیْتَاءٌ مصدر

لَمْ يُؤْتَ : اس کو نہیں دیا گیا۔ اُسکو عطا نہیں کیا گیا اِیْتَاءٌ مصدر

يُؤْتٰى : (کہ) اُسکو دیا جائے۔ عطا کیا جائے۔ اِیْتَاءٌ مصدر

يُؤْتُوا : (کہ) وہ دیں۔ عطا کریں۔ اِیْتَاءٌ مصدر

يُؤْتُوْنَ : وہ دیتے ہیں۔ وہ دیں گے۔ اِیْتَاءٌ مصدر

يُؤْتَوْنَ : انکو دیا جائیگا۔ دیا جاتا ہے۔ عطا کیا جائے گا۔ اِیْتَاءٌ مصدر

يُؤْتِيْ : وہ دیتا ہے۔ وہ دے گا۔ وہ عطا کرتا ہے۔

يُؤْتِيَنِ : (کہ) وہ مجھ کو دے۔ مجھے عطا کرے۔ مجھ کو نوازے اِیْتَاءٌ مصدر

يُؤْثَرُ : اُسے نقل کیا جاتا ہے۔ وہ چلا آتا ہے۔ اُسے روایت کیا جاتا ہے۔ اس کو ترجیح دی جاتی ہے۔ اَثَرٌ اِیْثَارٌ مصدر

يُؤْثِرُوْنَ : وہ اختیار کرتے ہیں۔ ترجیح دیتے ہیں۔ اِیْثَارٌ مصدر

يُوْثِقُ : وہ مضبوط باندھے گا۔ وہ جکڑے گا۔ اِیْثَاقٌ مصدر

يُوَجِّهُ : وہ مُنھ کرتا ہے۔ موڑتا ہے۔ بھیجتا ہے۔ وہ روانہ کرے۔ وہ بھیجے۔ تَوْجِیْهٌ مصدر

لَمْ يُوحَ : وحی نہیں کی گئی۔ وحی نہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

بھیجی گئی۔ اِیْحَاءٌ مصدر

يُوحٰى : (اس کو) وحی کی جاتی ہے۔ حکم دیا جاتا ہے۔ الہام کیا جاتا ہے۔ اِیْحَاءٌ مصدر

يُوحُونَ : وہ پیغام بھیجتے ہیں۔ حکم دیتے ہیں۔ وسوسہ ڈالتے ہیں۔ دل میں بات ڈالتے ہیں۔ اِیْحَاءٌ مصدر

يُوحِيَ : وہ پیغام بھیجتا ہے۔ حکم دیتا ہے۔ وحی بھیجتا ہے۔ دل میں بات ڈالتا ہے۔ اِیْحَاءٌ مصدر

يُؤْخَذُ : وہ لیا جائیگا۔ پکڑا جائیگا۔ اَخْذٌ مصدر

لَمْ يُؤْخَذْ : وہ نہیں لیا گیا۔ اَخْذٌ مصدر

يُؤَخِّرَ : (تاکہ) وہ مہلت دے۔ ڈھیل دے۔ تَاْخِيْرٌ مصدر

لَنْ يُّؤَخِّرَ : وہ ہرگز دیر نہیں کرتا ہے۔ ہرگز پیچھے نہیں کرتا ہے۔ ہرگز مہلت نہیں دیتا ہے۔ تَاْخِيْرٌ مصدر

يُؤَخَّرُ : اُسے پیچھے کیا جاتا ہے۔ مؤخر کیا جاتا ہے۔ اسکو مہلت دی جاتی ہے۔ تَاْخِيْرٌ مصدر

يَئُوْدُ : وہ بوجھل لگتا ہے۔ وہ دشوار ہوتا ہے۔ تھکا دیتا ہے۔ گرانبار کرتا ہے۔ اَوْدٌ مصدر

يُؤَدِّ : وہ ادا کر دیتا ہے۔ حق پہنچاتا ہے۔ وہ ادا کرے گا۔ (جزا ہونے کی وجہ سے ی آخر سے گر گئی)۔ اُسے چاہیے کہ ادا کر دے حوالہ کر دے۔ (لِيُؤَدِّ)۔ تَاْدِيَةٌ مصدر

يَوَدُّ : وہ دوست رکھے گا۔ آرزو

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرے گا۔ خواہش کرتا ہے۔ چاہتا ہے۔ وِدٌّ مصدر

يَوَدُّوْا: وہ پسند کریں گے۔ وہ چاہیں گے۔ خواہش کرینگے۔ انھیں آرزو ہوگی۔ (اصل میں يَوَدُّوْنَ تھا۔ اِنْ شرطیہ کی جزا ہونے کی وجہ سے ن گرگیا)۔

يُؤْذَنُ: (تاکہ) اجازت دے دی جائے۔ اجازت دی جائیگی۔ اجازت ہوگی۔

يُؤْذُوْنَ: وہ ستاتے ہیں۔ تکلیف دیتے ہیں۔ ایذا پہنچاتے ہیں۔ اِيْذَاءٌ مصدر

يُؤْذِيْ: وہ ستاتا ہے۔ تکلیف دیتا ہے۔

يُؤْذَيْنَ: وہ ستائی جائیں گی۔ ان کو تکلیف دی جائے گی۔ اِيْذَاءٌ مصدر

يُوْرِثُ: وہ وارث کرتا ہے۔ نائب بناتا ہے۔

يُوْرَثُ: اس کا وارث بنایا جاتا ہے۔ اس کی میراث لی جاتی ہے۔ اِيْرَاثٌ مصدر

يُوْزَعُوْنَ: وہ ترتیب سے کھڑے کیے جاتے ہیں۔ اُنکی جماعتیں بنائی جاتی ہیں۔ گروہ بندی کی جاتی ہے۔ وَزْعٌ۔ اِيْزَاعٌ مصدر

يَئُوْسٌ: ناامید ہونے والا۔ آس توڑنے والا۔ يُؤُسٌ جمع

يُوْسُفُ: ایک پیغمبر کا نام ہے جو حضرت یعقوبؑ کے بیٹے تھے۔ کنعان میں پیدا ہوئے۔ مصر میں بادشاہ ہوئے اور وہیں انتقال فرمایا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُوَسْوِسُ : وہ وسوسہ ڈالتا ہے۔ دل میں بات ڈالتا ہے۔ وَسْوَسَةٌ مصدر

يُوْصٰى : اس کو نصیحت یا وصیت کی جاتی ہے۔ اسکو تلقین کی جاتی ہے اِيْصَاءٌ مصدر

يُوْصَلَ : (کہ) اسے ملایا جائے۔ جوڑا جائے۔ وَصْلٌ مصدر

يُوْصِيْ : وہ وصیت کرتا ہے نصیحت کرتا ہے۔ حکم دیتا ہے تلقین کرتا ہے۔ اِيْصَاءٌ مصدر

يُوْصِيْنَ : وہ وصیت کرتی ہیں تلقین کریں۔ وہ وصیت کر جائیں۔ (مؤنث)۔ اِيْصَاءٌ مصدر

يُوْعَدُوْنَ : ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔ ان کو ڈرایا جاتا ہے۔ وَعْدٌ۔ اِيْعَادٌ مصدر

يُوْعَظُ : اس کو نصیحت کی جاتی ہے۔ اس کو سمجھایا جاتا ہے۔ وَعْظٌ مصدر

يُوْعَظُوْنَ : انکو نصیحت کی جاتی ہے۔

يُوْعُوْنَ : وہ چھپا رکھتے ہیں۔ پوشیدہ رکھتے ہیں۔ دل میں رکھتے ہیں۔ جمع کرتے ہیں۔ اِيْعَاءٌ مصدر

يُوَفَّ : اس کو پورا پورا (بدلہ) دیا جائیگا (اصل میں يُوَفَّيٌ تھا۔ مَا شرطیہ کی جزا ہونے کی وجہ سے آخر سے ی گر گئی) تَوْفِيَةٌ مصدر

يُوَفّٰى : اُس کو پورا پورا دے دیا جائیگا۔ تَوْفِيَةٌ مصدر

يُوْفِضُوْنَ : وہ دوڑتے ہیں۔ وہ دوڑ کر جاتے ہیں۔ اِيْفَاضٌ مصدر

يُوَفِّقْ : وہ موافقت کرادیگا۔ توفیق دے گا۔ ملاپ کرادے گا۔ تَوْفِيْقٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُؤْفَكُ : اُسے پھیرا جاتا ہے۔ اسکو ہٹایا جائے گا۔

يُؤْفَكُوْنَ : وہ پھیرے جارہے ہیں۔ اُلٹائے جارہے ہیں۔ اَفْكٌ مصدر

يُوْفُوْا : وہ پورا کریں۔ ان کو پورا کرنا چاہیے۔ (لِيُوْفُوْا)۔

يُوْفُوْنَ : وہ وفا کرتے ہیں۔ وفا کرینگے۔ وہ (عہد) پورا کرتے ہیں۔ اِيْفَاءٌ مصدر

يُوَفِّيْ : وہ پورا دیتا ہے۔ پورا بدلہ دیگا۔ (تاکہ) وہ پورا پورا بدلہ دیدے۔ تَوْفِيَةٌ مصدر

يُوَفِّيَنَّ : وہ ضرور پورا پورا (بدلہ) دیگا۔ (لَيُوَفِّيَنَّ)۔

يُوْقَ : اسے بچالیا جاتا ہے۔ بچالیا جائے۔ (اصل میں يُوْقَى تھا۔ مَنْ شرطیہ کی وجہ سے ی گرگئی)۔ وِقَايَةٌ مصدر

يُوْقَدُ : وہ سُلگایا جاتا ہے۔ روشن کیا جاتا ہے۔ اِيْقَادٌ مصدر

يُوْقِدُوْنَ : وہ دھونکتے ہیں۔ سُلگاتے ہیں۔ جلاتے ہیں۔ اِيْقَادٌ مصدر

يُوْقِعَ : (کہ) وہ ڈال دے۔ ڈلوادے۔

يُوْقِنُوْنَ : وہ یقین کرتے ہیں۔ یقین رکھتے ہیں۔ اِيْقَانٌ مصدر

يُوَلِّ : وہ (پیٹھ) پھیرتا ہے۔ وہ پھیرے گا۔ موڑے گا۔ (اصل میں يُوَلِّيْ تھا۔ مَنْ شرطیہ کی وجہ سے آخر سے ی گرگئی)۔ تَوْلِيَةٌ مصدر

يُوْلِجُ : وہ داخل کرتا ہے۔ اِيْلَاجٌ مصدر

لَمْ يُوْلَدْ : اُس کو جنا نہیں گیا۔ وِلَادَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُؤَلِّفُ : وہ ملا دیتا ہے۔ جوڑ دیتا ہے تَالِيفٌ مصدر

يُوَلُّنَّ : وہ ضرور (پیٹھ) پھیر کر بھاگ جائیں گے۔ ضرور شکست کھا جائیں گے۔ (لَيُوَلُّنَّ)

يُوَلُّوا : وہ (پیٹھ) پھیر لیں گے۔ بھاگ جائیں گے۔ (اصل میں يُوَلُّوْنَ تھا۔ اِنْ شرطیہ کی جزا ہونے کی وجہ سے ن گر گیا) تَوْلِيَةٌ مصدر

يُوَلُّوْنَ : وہ پیٹھ پھیریں گے۔ وہ بھاگ جائینگے۔ تَوْلِيَةٌ مصدر

يُؤْلُوْنَ : وہ ایلاء کرتے ہیں یعنی قسم کھاتے ہیں کہ اپنی عورت کے پاس نہیں جائیں گے۔ وہ قسم کھا بیٹھتے ہیں۔ اِيْلَاءٌ مصدر

يَوْمٌ : روز۔ دن۔ وقت اَيَّامٌ جمع

اَلْيَوْمَ : آج کے دن۔ آج۔

يَوْمَ : اُس دن۔ جس دن۔

يَوْمُ التَّلَاقِ : ملاقات کا دن۔ ملنے کا دن۔ خدا کے حضور حاضری کا دن

يَوْمُ الْفَصْلِ : فیصلے کا دن۔ روزِ قیامت۔

يَوْمَئِذٍ : جس دن۔ اُس دن۔ اُس وقت۔

يَوْمِئِذٍ : اُس دن (کی۔ کے)۔

يُؤْمَرُوْنَ : ان کو حکم دیا جاتا ہے۔ اَمْرٌ مصدر

يُؤْمِنَّ : وہ یقین کرتی ہیں۔ ایمان لائینگی۔ (یہانتک کہ) وہ ایمان لے آئیں۔ اِيْمَانٌ مصدر

يُؤْمِنُ : وہ ایمان لاتا ہے۔ مانتا ہے۔ وہ ایمان لائے۔ وہ مانے گا۔ اُسے ایمان لانا چاہیے (لِيُؤْمِنْ)

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَمْ يُؤْمِنْ: وہ ایمان نہیں لایا۔ اُس نے یقین نہیں کیا۔ اِیْمَانٌ مصدر

لَنْ يُّؤْمِنَ: وہ ہرگز ایمان نہیں لائے گا۔ اِیْمَانٌ مصدر

يُؤْمِنَنَّ: وہ ضرور ایمان لے آئیگا۔ مان لے گا۔ (لَيُؤْمِنَنَّ)۔ اِیْمَانٌ مصدر

يُؤْمِنُنَّ: وہ ضرور ایمان لے آئیں گے۔ (لَيُؤْمِنُنَّ) اِیْمَانٌ مصدر

يُؤْمِنُوْا: (کہ) وہ ایمان لے آئیں۔ وہ مان لیں۔ ان کو بھروسہ کرنا چاہیے۔ (لِيُؤْمِنُوْا)۔

لَمْ يُؤْمِنُوْا: وہ ایمان نہیں لائے۔ اِیْمَانٌ مصدر

يُؤْمِنُوْنَ: وہ ایمان لاتے ہیں۔ وہ مانتے ہیں۔ وہ مانیں گے۔ وہ ایمان لائیں گے۔

يَوْمَيْنِ: دو دن۔ دو روز۔ (حالتِ جری میں ہے)۔

يُوْنُسُ: ایک پیغمبر کا نام ہے، جو مچھلی کے پیٹ میں چالیس روز رہ کر زندہ نکلے۔ اور اِسی مناسبت سے آپ کو قرآن مجید میں نام کے علاوہ ذَاالنُّوْنِ اور صَاحِبُ الْحُوْتِ کے لقب سے بھی ذکر کیا گیا ہے۔

يُؤَيِّدُ: وہ تائید کرتا ہے۔ قوت پہنچاتا ہے۔ مدد کرتا ہے۔ تَأْيِيْدٌ مصدر

يُهَاجِرْ: وہ (جو) وطن چھوڑے۔ ہجرت کرے گا۔ ہجرت کر جائے۔ مُهَاجَرَةٌ مصدر

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُهَاجِرُوْا: (یہاں تک کہ) وہ ہجرت کریں۔ وہ ہجرت کریں گے۔ وہ وطن چھوڑتے ہیں۔ مُهَاجَرَةٌ مصدر

لَمْ يُهَاجِرُوْا: انہوں نے ہجرت نہیں کی۔ اپنے وطن کو نہیں چھوڑا۔ مُهَاجَرَةٌ مصدر

يَهَبُ: وہ بخشتا ہے۔ عطا کرتا ہے۔ وہ عطا کرے گا۔ وَهْبٌ۔ هِبَةٌ مصدر

يَهْبِطُ: وہ گرتا ہے۔ اترتا ہے۔ گر جاتا ہے۔

لَمْ يَهْتَدُوْا: وہ ہدایت یافتہ نہیں ہوئے۔ انہوں نے ہدایت نہیں پائی۔ اِهْتِدَاءٌ مصدر

لَنْ يَّهْتَدُوْا: وہ ہرگز ہدایت یافتہ نہیں ہوں گے۔ اِهْتِدَاءٌ مصدر

يَهْتَدُوْنَ: وہ راہ پاتے ہیں (شاید کہ) وہ ہدایت یافتہ ہو جائیں۔ اِهْتِدَاءٌ مصدر

يَهْتَدِيْ: وہ ہدایت پاتا ہے۔ سیدھی راہ پاتا ہے۔ اِهْتِدَاءٌ مصدر

يَهْجَعُوْنَ: وہ سوتے ہیں۔ هُجُوْعٌ مصدر

يَهْدِ: وہ راہ بتاتا ہے۔ ہدایت دے گا۔ (اصل میں يَهْدِيُ تھا۔ شرط یا جزا ہونے کی وجہ سے ی گر گئی)۔

لَمْ يَهْدِ: اُس نے ہدایت نہیں دی۔ راہ نہیں دکھائی۔ وہ ظاہر نہیں ہوا۔ هِدَايَةٌ مصدر

يُهْدٰى: اُس کو راہ بتائی جاتی ہے۔ اس کو ہدایت دی جاتی ہے۔ هِدَايَةٌ مصدر

يَهْدُوْنَ: وہ راہ بتاتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہدایت دیتے ہیں۔ وہ راہ نمائی کریں گے۔ هِدَايَةٌ مصدر

يَهْدِيَ : وہ راہ بتاتا ہے (کہ) وہ ہدایت دیدے۔

يَهِدِّيْ : وہ راہ پاتا ہے۔ ہدایت پاتا ہے۔ (اصل میں يَهْتَدِيْ تھا۔ ت کو د سے بدل کر د میں ادغام کر دیا گیا اور ھ کو بوجہ اجتماع ساکنین زیر دے دیا)۔

يَهْدِيَنِ : (کہ) وہ مجھ کو ہدایت دے۔ میری راہ نمائی کرے۔ هِدَايَةٌ مصدر

يَهْدِيْنِ : وہ مجھ کو ہدایت دے گا۔ میری رہ نمائی کرے گا۔ هِدَايَةٌ مصدر

يُهْرَعُوْنَ : اُن کو بے تحاشا دوڑایا جاتا ہے۔ وہ اندھا دُھند بھاگے چلے جاتے ہیں۔ اِهْرَاعٌ مصدر

يُهْزَمُ : اُسے شکست دیدی جائے گی۔ اس کو ہرا دیا جائے گا۔ هَزْمٌ مصدر

يَهْلِكَ : (تاکہ) وہ ہلاک ہو۔ وہ مرے۔ وہ مرے گا۔ وہ تباہ ہو جائے۔ هَلَاكٌ مصدر

يُهْلَكُ : وہ ہلاک و برباد کیا جاتا ہے۔ وہ مارا جائے گا۔ وہ ہلاک ہوگا۔ اِهْلَاكٌ مصدر

يُهْلِكُ : وہ نیست و نابود کرتا ہے۔ (تاکہ) وہ ہلاک کر دے۔ برباد کر دے۔ مار دے۔

يُهْلِكُوْنَ : وہ خراب کرتے ہیں۔ ہلاک کرتے ہیں۔ برباد

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرتے ہیں۔ اِهْلَاكٌ مصدر

يُهِنِ : وہ ذلیل کرتا ہے۔ وہ رُسوا کرے۔ (اصل میں يُهِيْنُ تھا۔ مَنْ شرطیہ کی وجہ سے ی گر کر يُهِنِ رہ گیا)۔

اَلْيَهُوْدُ : یہودی لوگ۔ حضرت موسیٰؑ کی امّت۔ بنی اسرائیل۔ اسرائیلی لوگ۔ يَهُوْدِيٌّ واحد

يَهُوْدِيٌّ : حضرت موسیٰؑ کی امّت والا۔ یہودی مذہب کو ماننے والا۔ يَهُوْدُ جمع

يُهَيِّئُ : وہ تیار کردے گا۔ بنادے گا۔ وہ مہیا کردے۔ تَهْيِئَةٌ مصدر

يَهِيْجُ : وہ خشک ہوتا ہے۔ پک جاتا ہے زور پر آتا ہے۔ تیار ہوتا ہے هَيْجٌ۔ هِيَاجٌ مصدر

يَهِيْمُوْنَ : وہ سرگرداں رہتے ہیں۔ بھٹکتے پھرتے ہیں۔ هَيْمٌ مصدر

يَئِسَ (يَايْئَسُ) : وہ ناامید ہوتا ہے۔ آس توڑتا ہے۔ يَاْسٌ مصدر

لَمْ يَيْئَسْ (يَايْئَسُ) : وہ ناامید نہیں ہوا۔ اُسے معلوم نہیں ہوا۔ اُس کو اطمینان و تسلّی نہیں ہوئی۔ يَاْسٌ مصدر ⁂

تمّت

کتبہ محمد ایوب (۱۹۱ھ ملتان)

toobaa-elibrary.blogspot.com

قرآن مجید میں وجوہ اور نظائر کا بیان

(ماخوذ از "الاتقان" مؤلفہ علامہ سیوطیؒ)

وجوہ وہ مشترک لفظ ہے جو کئی معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اور نظائر باہم موافقت رکھنے والے مرادف اور ہم معنیٰ الفاظ کو کہا جاتا ہے۔ یہ بھی قرآن مجید کا ایک معجزہ ہے کہ اس کا ایک ایک کلمہ بیس یا کم و بیش وجوہ پر پھرتا ہے۔ یہ بات انسان کے کلام میں نہیں پائی جاتی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے "کوئی شخص اس وقت تک پورا فقیہ نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ قرآن کی بہت سی وجوہ پر نظر نہ رکھتا ہو"۔

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضرت علیؓ نے ان کو خوارج کی طرف مباحثہ کرنے کی غرض سے روانہ کرتے ہوئے ان سے فرمایا "تم خوارج کے پاس جا کر ان سے مباحثہ کرنا۔ مگر خبردار، قرآن سے دلیل نہ لانا کیونکہ وہ بہت سے وجوہ رکھتا ہے۔ البتہ سنّت کو دلیل میں پیش کرنا"۔

ابن عباسؓ نے یہ سن کر فرمایا "امیر المؤمنین! میں کتاب اللہ کا خوارج سے زیادہ عالم ہوں، کلام الٰہی ہمارے گھروں میں نازل ہوا (تو ہم سے بڑھ کر اس کا سمجھنے والا کون ہے)۔

حضرت علیؓ نے فرمایا "تم یہ سچ کہتے ہو لیکن قرآن "حمّال ذو وُجوہ" ہے تم ایک بات کہو گے وہ دوسری بات کہیں گے (یعنی تم ایک لفظ کے جو معنی بیان کرو گے اُسی لفظ کے وہ لوگ دوسرے معنی لگائیں گے) اس لیے تم ان سے مباحثہ میں حدیثِ نبوی کو دلیل بنانا تو اس سے اُنہیں بچنے کا موقع نہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ملے گا۔

چنانچہ ابن عباسؓ خوارج کے پاس گئے۔ اور احادیثِ نبوی سے استدلال کرکے انہیں قائل کردیا۔ اس قسم کے چند خاص الفاظ کا ذکر کیا جاتا ہے:۔

(ذیل میں اعداد مثلاً ۲۴: ۲۳ کا مطلب ہے سورت نمبر ۲۴ کی آیت نمبر ۲۳، گویا پہلا ہندسہ سورت کا نمبر ہے اور دوسرا ہندسہ آیت کا نمبر۔)

اَلْاِحْصَانُ ۱۔ پاک دامنی:۔ اِنَّ الَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ الْمُحْصَنَاتِ ۲۴: ۲۳

۲۔ شادی کرنا:۔ فَاِذَآ اُحْصِنَّ ۴: ۲۵

۳۔ عورت و مرد کا آزاد ہونا:۔ نِصْفُ مَا عَلَی الْمُحْصَنَاتِ مِنَ الْعَذَابِ ۴: ۲۵

اَلدُّعَاءُ ۱۔ عبادت:۔ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ مَا لَا یَنْفَعُكَ وَلَا یَضُرُّكَ ۱۰: ۱۰۶

۲۔ استعانت (مدد چاہنا):۔ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ ۲: ۲۳

۳۔ سوال:۔ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۴۰: ۶۰

۴۔ قول:۔ دَعْوٰىهُمْ فِیْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ ۱۰: ۱۰

۵۔ ندا:۔ یَوْمَ یَدْعُوْكُمْ ۱۷: ۵۲

۶۔ تسمیہ (نام رکھنا):۔ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ۲۴: ۶۳

اَلذِّكْرُ ۱۔ زبان کا ذکر:۔ فَاذْكُرُوا اللّٰہَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ ۲: ۲۰۰

۲۔ قلب کا ذکر:۔ ذَكَرُوا اللّٰہَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۳: ۱۳۵

۳۔ حفظ (یاد کرلینا):۔ وَاذْكُرُوْا مَا فِیْهِ ۲: ۶۳، ۷: ۱۷۱

۴۔ طاعت (بندگی) اور جزاء (ثواب):۔ فَاذْكُرُوْنِیْٓ اَذْكُرْكُمْ ۲: ۱۵۲

۵۔ نماز پنجگانہ:۔ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰہَ ۲: ۲۳۹

toobaa-elibrary.blogspot.com

۶۔ پند و نصیحت کرنا:۔ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۶: ۴۴، ۷: ۱۶۵
وَذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۵۱: ۵۵

۷۔ بیان:۔ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۷: ۶۳، ۷: ۶۹

۸۔ بات کرنا:۔ اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۱۲: ۴۲ (یعنی اُس سے بر سبیلِ تذکرہ میرا حال کہنا)

۹۔ قرآن:۔ وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ ۲۰: ۱۲۴
مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ ۲۱: ۲، ۲۶: ۵

۱۰۔ توراۃ:۔ فَاسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ ۱۶: ۴۳، ۲۱: ۷

۱۱۔ خبر:۔ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ۱۸: ۸۳

۱۲۔ شرف (عزت): وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ ۴۳: ۴۴

۱۳۔ عیب:۔ اَهٰذَا الَّذِيْ يَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۲۱: ۳۶

۱۴۔ لوحِ محفوظ:۔ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ ۲۲: ۱۰۵

۱۵۔ ثناء:۔ وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا ۲۷: ۲۲۷

۱۶۔ وحی:۔ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۳۷: ۳

۱۷۔ رسول:۔ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكُمْ ذِكْرًا رَّسُوْلًا ۶۵: ۱۰

۱۸۔ نماز:۔ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۲۹: ۴۵

۱۹۔ نمازِ جمعہ:۔ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ۶۲: ۹

۲۰۔ نمازِ عصر:۔ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۳۸: ۳۲

اَلرَّحْمَةُ ۱۔ اسلام:۔ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۲: ۱۰۵، ۳: ۷۴

۲۔ ایمان:۔ وَاٰتٰنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ ۱۱: ۲۸

toobaa-elibrary.blogspot.com

۳۔ جنت :۔ فَفِیْ رَحْمَةِ اللّٰهِ هُمْ فِیْهَا خَالِدُوْنَ ۳ : ۱۰۷

۴۔ بارش :۔ بُشْرًا بَیْنَ یَدَیْ رَحْمَتِهٖ ۷ : ۵۷، ۲۵ : ۴۸، ۲۷ : ۶۳

۵۔ نعمت :۔ لَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ ۲ : ۶۴، ۴ : ۸۳، ۲۴ : ۱۰، ۱۴، ۲۰، ۲۱

۶۔ نبوّت :۔ اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ ۳۸ : ۹

اَهُمْ یَقْسِمُوْنَ رَحْمَةَ رَبِّكَ ۴۳ : ۳۲

۷۔ قرآن :۔ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ ۱۰ : ۵۸

۸۔ رزق :۔ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّیْ ۱۷ : ۱۰۰

۹۔ نصر (مدد) اور فتح :۔ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ۳۳ : ۱۷

۱۰۔ عافیت :۔ اَوْ اَرَادَنِیْ بِرَحْمَةٍ ۳۹ : ۳۸

۱۱۔ مودّت (دوستی) :۔ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۵۷ : ۲۷

رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ ۴۸ : ۲۹

۱۲۔ کشائش :۔ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۲ : ۱۷۸

۱۳۔ مغفرت :۔ كَتَبَ عَلٰی نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۶ : ۱۲

۱۴۔ عصمت (بچاؤ) لَا عَاصِمَ الْیَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۱۱ : ۴۳

اَلرُّوْح ۱۔ حکم :۔ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ۴ : ۱۷۱

۲۔ وحی :۔ یُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ ۱۶ : ۲

۳۔ قرآن :۔ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۴۲ : ۵۲

۴۔ رحمت :۔ وَاَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۵۸ : ۲۲

۵۔ حیات (زندگی) :۔ فَرَوْحٌ وَّرَیْحَانٌ ۵۶ : ۸۹

toobaa-elibrary.blogspot.com

۶۔ جبریلؑ :۔ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا ۱۹ : ۱۷
نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۲۶ : ۱۹۳
۷۔ ایک بہت بڑا فرشتہ :۔ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ ۷۸ : ۳۸
۸۔ فرشتوں کی ایک فوج :۔ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا ۹۷ : ۴
۹۔ بدن کی روح (جان) :۔ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۱۷ : ۸۵

اَلسُّوْءُ ۱۔ سختی :۔ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۲ : ۴۹، ۷ : ۱۴۱، ۱۴ : ۶
۲: کونچیں کاٹنا :۔ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ ۷ : ۷۳، ۱۱ : ۶۴، ۲۶ : ۱۵۶
۳۔ زنا :۔ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا ۱۲ : ۲۵
۴۔ برص (سفید داغ) :۔ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۲۰ : ۲۲، ۲۷ : ۱۲، ۲۸ : ۳۲
۵۔ عذاب :۔ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ ۱۶ : ۲۷
۶۔ شرک :۔ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ۱۶ : ۲۸
۷۔ شتم (گالی) :۔ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ ۴ : ۱۴۸
وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ ۶۰ : ۲
۸۔ گناہ :۔ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ۴ : ۱۷
۹۔ بُرا :۔ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ۱۳ : ۲۵، ۴۰ : ۵۲
۱۰۔ رنج و آفت :۔ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ ۲۷ : ۶۲
وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۷ : ۱۸۸
۱۱۔ قتل اور شکست :۔ لَمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۳ : ۱۷۴

اَلصَّلٰوةُ ۱۔ نماز پنجگانہ :۔ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ ۲ : ۲

toobaa-elibrary.blogspot.com

۲۔ نماز عصر:۔ تَحْبِسُوْنَهُمَا مِنْ بَعْدِ الصَّلٰوةِ ۵: ۱۰۶

۳۔ نماز جمعہ:۔ اِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلٰوةِ ۶۲: ۹

۴۔ نماز جنازہ:۔ وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓی اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۹: ۸۴

۵۔ دعا:۔ وَصَلِّ عَلَیْهِمْ ۹: ۱۰۳

۶۔ دین:۔ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ ۱۱: ۸۷

۷۔ قراءت:۔ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلٰوتِكَ ۱۷: ۱۱۰

۸۔ رحمت واستغفار:۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ۳۳: ۵۶

۹۔ نماز کے مقامات:۔ وَصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ ۲۲: ۴۰

لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ ۴: ۴۳

اَلْفِتْنَةُ ۱۔ شرک:۔ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۲: ۱۹۱

حَتّٰی لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ ۲: ۱۹۳

۲۔ گمراہ بنانا:۔ اِبْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ ۳: ۷

۳۔ قتل:۔ اَنْ یَّفْتِنَكُمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ۴: ۱۰۱

۴۔ صدّ (رکاوٹ اور روگردانی):۔ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ یَّفْتِنُوْكَ ۵: ۴۹

۵۔ گمراہی:۔ وَمَنْ یُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ ۵: ۴۱

۶۔ معذرت:۔ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ ۶: ۲۳

۷۔ قضاء:۔ اِنْ هِیَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۷: ۱۵۵

۸۔ اثم (گناہ):۔ اَلَا فِی الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ۹: ۴۹

۹۔ مرض:۔ یُفْتَنُوْنَ فِیْ كُلِّ عَامٍ ۹: ۱۲۶

۱۰۔ عبرت:۔ لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً ۱۰: ۸۵، ۶۰: ۵

toobaa-elibrary.blogspot.com

۱۱۔ عقوبت (سزا دینا) :۔ اَنْ تُصِیْبَهُمْ فِتْنَةٌ ۲۴ : ۶۳

۱۲۔ اختبار (آزمائش) :۔ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۲۹ : ۳

۱۳۔ عذاب :۔ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ۲۹ : ۱۰

۱۴۔ جلانا :۔ یَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ یُفْتَنُوْنَ ۵۱ : ۱۳

۱۵۔ جنون (دیوانگی) :۔ بِاَیِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ ۶۸ : ۶

اَلْقَضَاءُ ۱۔ فراغت :۔ فَاِذَا قَضَیْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ ۲ : ۲۰۰

۲۔ حکم :۔ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا ۲ : ۱۱۷، ۳ : ۴۷، ۱۹ : ۳۵، ۴۰ : ۶۸

۳۔ اَجَل :۔ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ ۳۳ : ۲۳

۴۔ فیصلہ :۔ لَقُضِیَ الْاَمْرُ بَیْنِیْ وَبَیْنَكُمْ ۶ : ۵۸

۵۔ گزر جانا :۔ لِیَقْضِیَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۸ : ۴۲، ۴۴

۶۔ ہلاکت (بربادی) :۔ لَقُضِیَ اِلَیْهِمْ اَجَلُهُمْ ۱۰ : ۱۱

۷۔ وجوب :۔ قُضِیَ الْاَمْرُ ۲ : ۲۱۰، ۱۱ : ۴۴، ۱۴ : ۲۲، ۱۹ : ۳۹

۸۔ ابرام (حاجت روا کرنا) :۔ فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ۱۲ : ۶۸

۹۔ آگاہ کرنا :۔ وَقَضَیْنَاۤ اِلٰى بَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ ۱۷ : ۴

۱۰۔ وصیت :۔ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِیَّاهُ ۱۷ : ۲۳

۱۱۔ موت :۔ فَقَضٰى عَلَیْهِ ۲۸ : ۱۵

۱۲۔ نزول (اُترنا) :۔ فَلَمَّا قَضَیْنَا عَلَیْهِ الْمَوْتَ ۳۴ : ۱۴

۱۳۔ خلق (آفرینش) :۔ فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ۴۱ : ۱۲

۱۴۔ فعل :۔ كَلَّا لَمَّا یَقْضِ مَاۤ اَمَرَهٗ ۸۰ : ۲۳

۱۵۔ عہد و پیمان :۔ اِذْ قَضَیْنَاۤ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ ۲۸ : ۴۴

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلْهُدٰی ۱۔ ثبات (استقلال):۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۱: ۵

۲۔ بیان:۔ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۲: ۵، ۳۱: ۵

۳۔ دین:۔ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۳: ۷۳

۴۔ ایمان:۔ وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ۱۹: ۷۶

۵۔ دعاء (ایمان کی طرف بلانا):۔ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۱۳: ۷

وَجَعَلْنَاهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا ۲۱: ۷۳

۶۔ رسول اور کتبِ الٰہی:۔ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ۲: ۳۸، ۲۰: ۱۲۳

۷۔ معرفت (پہچان):۔ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ۱۶: ۱۶

۸۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:۔ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى ۲: ۱۵۹

۹۔ قرآن مجید:۔ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ۵۳: ۲۳

۱۰۔ تورات:۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى ۴۰: ۵۳

۱۱۔ استرجاع:۔ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۲: ۱۵۷

۱۲۔ حجت:۔ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۲: ۲۵۸ (الم تر الی الذی حاج ابراھیم فی ربہ کے بعد)

۱۳۔ توحید:۔ اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ ۲۸: ۵۷

۱۴۔ سُنّت (پیروی):۔ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ ۶: ۹۰

وَاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ۴۳: ۲۲

۱۵۔ اصلاح:۔ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ۱۲: ۵۲

۱۶۔ الہام:۔ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى (یعنی زندگی بسر کرنے کا طریقہ بذریعہ الہام بتایا) ۲۰: ۵

۱۷۔ توبہ:۔ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ۷: ۱۵۶

۱۸۔ ارشاد (رہنمائی):۔ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۲۸: ۲۲

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل

اسف قرآن مجید میں تمام مقامات پر اسف رنج اور کڑھنے کے معنی میں آیا ہے مگر ایک مقام "فَلَمَّآ اٰسَفُوْنَا" میں اس کے معنی ہیں "پھر جب ہم کو انہوں نے غصہ دلایا"

اصحاب النار اس سے ہر جگہ دوزخی لوگ مراد ہیں مگر "وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً" میں دوزخ کے محافظ فرشتے مراد ہیں

افك قرآن مجید میں جو چیز افك کے لفظ سے بیان ہوئی ہے اس کے معنی ہیں غلط بیانی اور جھوٹ۔

الیم قرآن مجید میں جہاں کہیں الیم کا لفظ آیا ہے اس کے معنی ہیں دُکھ دینے والا۔

امر بالمعروف نہی عن المنکر قرآن کی ہر آیت جس نیک کام کا حکم دیتی ہے وہ نیک کام "اسلام" ہے اور جس میں بُرے کاموں کی ممانعت آئی ہے اس سے بُت پرستی سے منع کرنا مراد ہے۔

اِنفاق جہاں کہیں اِنفاق (خرچ کرنے) کا حکم آیا ہے اس سے صدقہ دینا مراد ہے۔ مگر "فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا" میں مہر دینا مقصود ہے۔

بخس ہر موقع پر بخس سے نقص (کمی) مراد ہے لیکن "بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ" میں اس سے حرام قیمت مراد ہے۔

بروج جہاں کہیں بروج کا ذکر ہوا ہے اس سے ستاروں کے برج مراد ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

مگر " وَلَوْ كُنْتُمْ فِي بُرُوجٍ مُّشَيَّدَةٍ " میں بروج کے معنی ہیں مستحکم اور عظیم الشان محل۔

بر و بحر بر اور بحر کا عموماً خشکی اور دریا کے معنوں میں استعمال ہوا ہے مگر " ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ " میں ان سے صحرا اور آبادیاں مقصود ہیں۔

بعد قرآن میں بعد بمعنی قبل صرف ایک جگہ آیا ہے " وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ "۔ مغلطای نے ایک دوسرے مقام کا بھی ذکر کیا ہے " وَالْأَرْضَ بَعْدَ ذَٰلِكَ دَحَاهَا "۔ ابو موسیٰ کا قول ہے کہ یہاں پر بعد کے معنے قبل کے ہیں اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو دو دن میں پیدا فرمایا پھر وہ آسمان کی خلقت پر متوجہ ہوا۔ چنانچہ اس اعتبار سے زمین کی آفرینش خلقتِ آسمان سے قبل ہوئی ہے۔

بعل یہ لفظ عام طور پر شوہر کے معنوں میں آیا ہے مگر " أَتَدْعُونَ بَعْلًا " میں یہ ایک بُت کا نام ہے۔

بُکم بُکم کے لفظ سے ہر جگہ وہ گونگا پن مقصود ہے جو ایمان کی بات کہنے میں عارض ہو مگر سورۂ بنی اسرائیل میں " عُمْيًا وَبُكْمًا وَصُمًّا " اور سورہ نحل میں " أَحَدُهُمَا أَبْكَمُ " یہ دو مقامات ایسے ہیں جہاں بُکم سے مطلقاً گویائی کی قدرت نہ رکھنا مراد ہے۔

تزکی تمام قرآن میں تزکّی سے اسلام ہی مراد ہے۔

تسبیح قرآن مجید میں ہر ایک تسبیح سے نماز مراد ہے۔

جثیا یہ لفظ جہاں کہیں آیا ہے اس کے معنی جمیعاً (سب کے سب) لیے

toobaa-elibrary.blogspot.com

گئے ہیں لیکن "وَتَرٰی کُلَّ اُمَّۃٍ جَاثِیَۃً" کی مثال میں اس کے یہ معنی ہیں کہ وہ قومیں اپنے گھٹنوں کے بل زمین پر بیٹھتی ہیں۔

جعل قرآن مجید میں جس جگہ جَعَلَ کا لفظ کسی شئے کی نسبت آیا ہے تو اس سے خَلَقَ (پیدا کیا) مراد ہے۔

حسبان یہ لفظ ہر ایک موقع پر تعداد کے معنوں میں آیا ہے مگر سورۂ کہف میں "حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ" میں اِس مقام پر وہ عذابِ آسمانی کے معنی میں آیا ہے۔

حسرۃ یہ عموماً ندامت (پشیمانی) کے معنی میں آیا ہے مگر "لِیَجْعَلَ اللّٰہُ ذٰلِکَ حَسْرَۃً فِیْ قُلُوْبِھِمْ" میں اس کے معنی ہیں رنج کھانا اور کُڑھنا۔

حضور قرآن مجید میں جہاں کہیں حضور کا لفظ آیا ہے وہ بالعموم حرف ضاد کے ساتھ "مشاہدہ" کے معنی میں آیا ہے مگر ایک جگہ حرف ظاء کے ساتھ "کَھَشِیْمِ الْمُحْتَظِرِ" میں "منع" (روکنے اور باز رکھنے) کے معنے میں وارد ہوا ہے۔

حفظ الفرج قرآن مجید میں جس آیت کے اندر حفظ الفرج (شرمگاہ کی حفاظت) کا ذکر آیا ہے اُس سے زنا کے قریب نہ جانا مُراد ہے۔ مگر آیت "قُلْ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِھِمْ وَیَحْفَظُوْا فُرُوْجَھُمْ" میں شرمگاہ کو چھپانا مُراد ہے تاکہ اُسے کوئی دیکھ نہ سکے۔

خلود قرآن میں جس جس جگہ خلود (ہمیشہ دوزخ میں رہنے) کا ذکر آیا ہے وہ ایسی باتیں ہیں جن کی تلافی توبہ سے نہیں ہو سکتی۔ (یعنی ان کے مرتکب ہونے والے کی توبہ قبول نہیں ہو سکتی)۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

دحض۔ دَحْض کے معنی ہر جگہ باطل کے آئے ہیں، مگر " فَكَانَ مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ " میں اس کے معنی ہیں " قرعہ میں نکلے ہوئے "۔

دِیْن قرآن میں جہاں کہیں دِین کا لفظ آیا ہے اس کے معنی حساب کے ہیں۔

رجز۔ رجز کے معنی ہر مقام پر عذاب کے ہیں مگر " وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ " میں اس کے معنی بُت کے ہیں۔

رجم۔ رجم کے معنی ہر جگہ قتل کے ہیں مگر " لَاَرْجُمَنَّكَ " میں یہ معنی ہیں کہ " میں ضرور تجھ کو گالی دوں گا " اور " رَجْمًا بِالْغَيْبِ " کی مثال میں اس کے معنی ہیں " ظَنّ " یعنی غیب کا گمان۔

ریاح قرآن میں جہاں کہیں لفظ ریاح آیا ہے اس سے رحمت اور جس جگہ لفظ ریح آیا ہے اُس سے عذاب مراد ہے۔

ریب۔ رَیب کے معنی عموماً شک کے آئے ہیں، مگر سورۂ طور میں " رَيْبَ الْمَنُوْنِ " میں حوادثِ زمانہ مراد ہیں۔

زکوٰۃ۔ زکوٰۃ کا لفظ ہر موقع پر مال (صدقہ) کے معنی میں آیا ہے۔ مگر " وَحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً " میں اس کے معنی ہیں پاکیزگی۔

زُور جس جس مقام پر زُور کا لفظ آیا ہے اس سے جھوٹ بولنا شرک کے ساتھ مراد ہے۔ سوائے " مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا " کے، اس لیے کہ یہاں صرف جھوٹ بات مراد ہے اور شرک کی اس میں آمیزش نہیں۔

زیغ۔ زیغ ہر موقع پر مائل ہونے اور جُھکنے کے معنی میں آیا ہے مگر " وَاِذْ زَاغَتِ الْاَبْصَارُ " کی مثال میں اس کے معنی ہیں، آنکھوں کو پھیلا کر دیکھنا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

سُخر اس کے مشتقات ہر جگہ ہنسی اُڑانے کے معنے میں آئے ہیں، مگر سورہ زخرف میں ایک مقام پر "سُخْرِیًّا" کا لفظ تسخیر اور استخدام سے ماخوذ ہے۔ یعنی اس کے معنی قابو میں رکھنے اور خدمت لینے کے ہیں۔

السّد جو چیز اللہ تعالیٰ نے بنائی وہ "اَلسُّدُّ" ہے۔ اور جو چیز انسان کے ہاتھوں بنی اُسے "السَّدُّ" کہتے ہیں۔

سعیر۔ سَعِیر عموماً آگ اور اس کی سوزش کے معنے میں آیا ہے سوائے "فِیْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ" کی مثال میں کہ یہاں سختی اور تکلیف کے معنے ہیں۔

سکینۃ۔ سکینۃ کا لفظ قرآن مجید میں ہر جگہ اطمینان پانے کے معنی میں آیا ہے مگر طالوت کے حالات میں جس سکینۃ کا ذکر ہوا ہے وہ ایک چیز تھی بلّی کے سر کی طرح اور اس کے دو بازو بھی تھے۔

سلطان قرآن مجید میں ہر ایک جگہ سلطان سے حجّت مراد ہے یعنی دلیل۔

شہید مقتول لوگوں کے ذکر کے ساتھ آنے کے سوا دیگر جن مقامات پر شہید کا لفظ قرآن مجید میں آیا ہے اس سے لوگوں کے معاملات میں گواہی دینے والا شخص مراد ہے مگر "وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ" کی مثال میں یہ مراد ہے کہ اپنے شریک لوگوں کو بُلاؤ۔

شیطان۔ شیطان سے ہر جگہ ابلیس اور اس کے ساتھی (چیلے) مراد ہیں مگر "وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ" میں یہ مراد نہیں بلکہ کفار کے بھائی بند اور دوست مراد ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

صبر قرآن مجید میں صبر کا حکم ہر جگہ قابلِ تعریف باتوں پر دیا گیا ہے، مگر دو مقامات پر اس کے خلاف ہے اول "لَوْلَآ اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا" میں اور دوم "وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ" میں۔

صلوٰۃ۔ صلوٰۃ کا لفظ عموماً عبادت اور رحمت کے معنی دیتا ہے مگر "وَصَلَوٰتٌ وَّمَسَاجِدُ" میں اس سے مقاماتِ عبادت مقصود ہیں۔

صمّ لفظ صمّ (بہرا پن) ہر جگہ ایمان کی بات اور خصوصاً قرآن کے سُننے سے بہرے ہونے کی بابت آیا ہے مگر سورہ بنی اسرائیل میں اس سے واقعی اور مطلقاً بہرا پن مُراد ہے۔

صوم قرآن مجید میں صوم کا ذکر جہاں بھی آیا ہے اس سے عبادت کا روزہ مراد ہے مگر "نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا" میں اللہ سے چُپ رہنے کا عہد کرنا مراد ہے۔

طعام قرآن مجید میں جس جگہ طعام (کھانے) کا ذکر آیا ہے اس سے نصف صاع (کھانے کی چیز) کا وزن مراد ہے۔

ظلمات ونور۔ ظلمات اور نور کا جہاں کہیں بھی ذکر ہوا ہے اس سے کفر و ایمان ہی مراد ہے۔ مگر سورہ انعام کے آغاز میں رات کی تاریکی اور دن کی روشنی مراد لی گئی ہے۔

عذاب۔ عذاب کا لفظ ہر موقع پر سزا دینے اور عذاب کرنے کے لیے آیا ہے مگر "وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا" میں اس کے معنے مار پڑنے کے ہیں۔

عفو قرآن مجید میں عفو (معافی دینا) تین طرح پر آیا ہے۔ عفو کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک قسم خطا سے درگذر کرنا ہے۔ دوسری قسم خرچ میں میانہ روی اور کفایت شعاری کرنا ہے۔ "وَيَسْئَلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ قُلِ الْعَفْوَ" ترجمہ:۔ (اے پیغمبر!) وہ لوگ آپ سے دریافت کرتے ہیں کہ (راہِ خدا میں) کیا خرچ کریں؟ تو آپ ان سے کہدیجیے کہ جو کچھ (ان کی ضروریات میں کفایت شعاری کرنے کے بعد) بچ رہے (اس کو خرچ کریں)۔ اور عفو کی تیسری قسم لوگوں کا آپس میں احسان (نیکی) کرنا ہے۔ "اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ" ترجمہ:۔ مگر یہ کہ وہ عورتیں اپنا حق معاف کردیں یا وہ شخص معاف کردے جس کے ہاتھ میں نکاح کا معاملہ ہے۔

فاسق قرآن مجید میں چند مقامات کے سوا باقی ہر مقام پر فاسق بمعنی کاذب (جھوٹا) آیا ہے۔

فاطر ہر ایک شئے جس کو قرآن مجید میں فاطر کے لفظ سے ذکر کیا گیا ہے وہ بمعنی خالق کے آئی ہے۔

قتل ہر چیز جو قرآن مجید میں لفظ قتل کے ساتھ آئی ہے وہ لعنت (کے معنے میں) ہے۔

قتل ولعن۔ قرآن مجید میں "قتل" اور "لعن" کے ساتھ کافروں کو مُراد لیا گیا ہے۔

قلیل قرآن مجید میں قلیل اور اِلّا قلیل دس کی مقدار سے کم چیزوں کے لیے آیا ہے۔

قنوت۔ قنوت ہر جگہ طاعت وفرمانبرداری کے معنی میں آیا ہے۔ لیکن

toobaa-elibrary.blogspot.com

"كُلٌّ لَّهٗ قَانِتُوْنَ" میں اس سے مراد ہے کہ وہ لوگ اقرار کرنے والے ہیں۔

کأس قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے جس موقع پر بھی کاس (پیالہ) کا ذکر فرمایا ہے اس سے شراب ہی مراد لی ہے۔

کسفا قرآن مجید میں جس مقام پر کِسَفًا آیا ہے وہ عذاب کے معنی میں ہے اور جس جگہ کِسْفًا آیا ہے اس کے معنی ہیں ابر کے ٹکڑے۔

کفور۔ جہاں کہیں قرآن مجید میں "اِنَّ الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ" آیا ہے اس سے کفّار ہی مراد ہیں۔

کنز۔ کنز کا لفظ ہر موقع پر مال کے معنے میں آیا ہے لیکن جو لفظ کنز سورہ کہف میں آیا ہے اس کے معنے علم کا صحیفہ (کتاب) ہے۔

مباشرت کتاب اللہ میں مباشرۃ کے معنے جماع کے لیے گئے ہیں۔

مصباح قرآن مجید میں جس موقعہ پر مصباح کا لفظ آیا ہے اس کے معنے ستارہ ہیں مگر سورہ نور میں چراغ کے معنی میں وارد ہوا ہے۔

مطر اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں جہاں کہیں بھی مطر (بارش) کا نام لیا ہے اس سے عذاب مراد ہے ورنہ اہل عرب بارش کو غَیْث کہتے ہیں۔ البتہ "اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ" اس قید سے مستثنیٰ ہے کیونکہ یہاں پر مطر سے بارش ہی مقصود ہے۔ ابو عبیدہ کا قول ہے "جس مقام پر اس لفظ کا استعمال عذاب کے معنوں میں ہوا ہے وہاں اَمْطَرَتْ آیا ہے۔ اور جس جگہ رحمت کے معنے مراد ہیں وہاں مَطَرَتْ استعمال ہوا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مکر قرآن مجید میں جن جن مقامات پر مکر کا لفظ آیا ہے اس کے معنی عمل ہیں

نبأ۔ نبأ کا لفظ ہر جگہ خبر کے معنے دیتا ہے مگر "فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْأَنْبَاءُ" میں اس سے دلیلیں نہ سوجھنا مراد ہے۔

نکاح۔ نکاح کے لفظ سے عموماً تعلقاتِ زن و شوہر اور شادی مراد ہیں مگر "حَتّٰى إِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ" میں سنِ تمیز کو پہنچنا مقصود ہے۔

وراء تمام قرآن مجید میں "وراء" بمعنے آگے اور سامنے ہی کے آیا ہے۔ لیکن یہ مقامات اس سے مستثنیٰ ہیں:۔ اول "فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ" یعنی سِوٰی ذٰلِكَ (اس کے سوائے) اور دوسرے "وَ أُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ" یعنی سِوٰی ذٰلِكُمْ (اس چیز کے سوائے)۔

ورود۔ ورود ہر موقع پر داخل ہونے کے معنی میں آیا ہے مگر "وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ" میں یہ مراد ہے کہ اس چشمہ پر ہجوم کیا لیکن اس میں داخل نہیں ہوا۔

ولی و نصیر قرآن مجید میں جہاں کہیں بھی "مَا لَهُمْ فِي الْأَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّ لَا نَصِيرٍ" آیا ہے وہ مشرکین ہی کے لیے ہے۔

وَمَآ أَدْرٰىكَ اللہ تعالیٰ نے جس چیز کا ذکر اپنے قول "وَمَآ أَدْرٰىكَ" سے کیا ہے اس کی خود ہی تفسیر بھی کر دی ہے اور بتا دیا ہے کہ وہ کیا شئے ہے۔ "وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ" اور "وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ" اور پھر اس کی تفسیر "كِتَابٌ مَّرْقُوْمٌ" کے ساتھ فرمائی۔ اور جس مقام پر "وَمَا يُدْرِيْكَ" آیا ہے وہاں اللہ تعالیٰ نے کوئی خبر نہیں دی کہ وہ کیا چیز ہے اور کوئی توضیح نہیں کی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یأس ۔ یَأس کا لفظ ہر جگہ ناامیدی کے معنے دیتا ہے مگر سورہ رعد میں جو لفظ یَایْئَسِ آیا ہے وہ علم سے ہے یعنی اس کے معنے ہیں کیا معلوم نہیں کیا ؟

یُحَافِظُوْنَ قرآن مجید میں جہاں کہیں بھی "عَلٰی صَلَاتِھِمْ یُحَافِظُوْنَ" اور "حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ" آیا ہے اس سے وقت پر نمازیں ادا کرتے رہنا مراد ہے۔

یقدر قرآن مجید میں جہاں کہیں یَقْدِرُ کا لفظ آیا ہے اس کے معنے یَقِلُّ (کم ہوتا ہے) ہیں۔

یکلف قرآن مجید میں جہاں جہاں "لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا" وارد ہوا ہے اس سے یہ مقصود ہے کہ اللہ تعالیٰ عمل میں کسی شخص کو اس کی قوت سے زیادہ مکلف نہیں بناتا مگر طلاق کے بارے میں اس جملہ کے لانے سے عورت کا روٹی کپڑا مراد لیا گیا ہے ۔



toobaa-elibrary.blogspot.com